وصل تیسرا اون آیاتِ منصوصہ و روایاتِ مخصوصہ مین کہ جنسے ثابت ہی نزد ائمہ دین ؒ کہ ہمہ آباؤ امہاتِ شفیع الورا علیہ الصلوٰۃ والثنا مومنین ہیں ازانجملہ یہ آیات بینات ہین بالیقین کہ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِیهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ دوسری آیت وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِیَةً فِیْ عَقِبِهٖ تیسری آیت وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ چوتھی آیت رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ پانچوین آیت رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ

سنو اے محبو بگوش قبول
خُیوری سے ہرگز نہو تم ملول

کہ آدم سے عبداللہ تک جو بیان
کلام الٰہی سے ہی وہ عیان

بھی مخصوص اسمین روایات ہین
اوسی مین جو منصوص آیات ہین

اخرج ابن سعد عن ابن عباس رضی اللہ عنہم انہ قال مابین نوح وآدم علیہما الصلوٰۃ والسلام آباؤہ صلی اللہ علیہ وسلم کانوا علی دین الاسلام واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابن المنذر والبزار والحاکم وصححہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہم انہ قال کان بین آدم ونوح علیہما السلام عشرۃ قرون کلہم علی شریعۃ من الحق فاختلفوا فبعث اللہ النبیین صلعم

پسر اونکے ارفخشدِ نیک نام
کیا نوح نے اُنکے حق مین دعا
وہ نورِ نبوّت وہ مُلکِ زمین
یہ از ابنِ عبّاس اَظہر بیان
جو تاریخ ہی مصر کی اے جوان
جو ہین سعد کے ابن ای نیکدان
کہ بابل مین دائم ہمہ مُسلمین
یہ نوح نبی سے بلا اِستِرا
کیا حکم نمرود پھر آشکار
تو پیدا کیا تب خداوندگار
خلیل و سماعیل نے اے فہام

وہ مومن بلاریب نزدِ فہام
کہ اولاد اُنکی مین رہے اے خدا
تو دونو کے جامع ہوئے بالیقین
کیا ابنِ عبدالحکم نے عیان
تو مذکور اوسمین وہ ہی بیگمان
وہ ہین ابن کلبی سے راوی عیان
نہ ہرگز کوئی او نمین از مشرکین
یہان تک کہ نمرود حاکم ہوا
کرو بُت پرستی صغار و کبار
خلیلِ نبی کو بعزّ و وقار
خدا سے دعا کی بصدِ اہتمام

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ای مخلصین لك والمراد به طلب الزیادة فی الاخلاص والاذعان والثبات علیه واجعل بعض ذریتنا جماعة مخلصة لك بالعبادة واراد به العرب لانهم من ذریتهما وابعث فی تلك الجماعة المسلمة من اولادنا رسولا من انفسهم فان البعث فیهم لا یستلزم البعث منهم ولم یبعث من ذریتهما غیر نبینا خاتم الانبیاء علیهم الصلوة والثناء فهو الذی اجیب به دعوتهما هذا ملخص ما فی التخبیر ومفاتیح الغیب وروح البیان وغیرها من زبر اهل الاتقان

کتاب خدا مین یہ فرمان ہے
کہ نوح نبی کا یہ تبیان ہے

رَبِّ اغْفِرْ لِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الآیۃ

مجھے بخش اے میرے پروردگار
بھی ماں باپ میرکو باصدوقار
جو ترک فضیلت ہوئی آشکار
تو مغفور کر اُسکو اے کردگار
جو ہین اہل میرے وہ از مومنان
جو ہون مومنان تا قیامت عیان
تو کر سبکو مغفور اے مہربان
طفیل محمد شہہ مرسلان
پدر اونکا لامک وہ نیکو سیر
جو ماں اُنکی شمخا بسے نامور

ہوا اُنسے راضی خدائے جہان
غیوری سے راضی طفیل مہان

قال فی سُبل النجاۃ وسیدنا سام بن نوح علیہما السلام مومن بنص القرآن والاجماع
بل ورد فی الخبر انہ نبی وولدہ ارفخشد مصرح بایمانہ فی الخبر عن ابن عباس
اخرجہ ابن عبدالحکم فی تاریخ مصر رضی اللہ عنہم وفیہ ایضاً انہ ادرک
جدہ سیدنا نوحاً علیہ السلام وانہ قد دعی لہ ان یجعل اللہ الملک والنبوۃ
فی ولدہ وروی ابن سعد من طریق ابن الکلبی رضی اللہ عنہم ان الناس ما زالوا
ببابل وھم علی الاسلام من عہد سیدنا نوح الی ان ملکھم نمرود فدعاھم
الی عبادۃ الاوثان وفی عہد نمرود کان سیدنا ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

جلال سیوطی کا سُبل النجات
کیا اُسمین اِسطور سے یہ ثبات
کہ نوح نبی کے جو ہین ابن سام
وہ مومن بلاریب اے نیکنام
یہ ہے نص قرآن سے روشن بیان
حدیثون مین اُنکی نبوت عیان

تو آباؤ اجدادِ خیر الانام — ہمہ اُمّتِ مُسلمہ سے کرام

سماعیل سے تا رسولِ خدا — ہوئی جملہ سنی پشت اہلِ صفا

وہ ہین مخلصانِ خدائے کریم — وہ لاریب ہین اہلِ قلبِ سلیم

وہ اہلِ ولایت وہ جملہ عظام — وہ مُلّاکِ ولایت مین عالیمقام

وہ ہین اولیا مین اخصّ الخواص — وہ از انبیا بعد با اختصاص

دلائل جو اسکے بہت آشکار — وہ نجم المبین ہین ز نور نگار

ازانجملہ ہے یہ دعائے خلیل — جو مقبول نزدِ خدائے جلیل

کہ ہو اُمّتِ مُسلمہ لک ضرور — یہ ہو خالصہ مخلصہ بے فتور

کہ تخصیصِ لک سے یہ لابد مرام — کہ وہ جملہ ہون اولیائے کرام

ہوئے اُنسے جو عارفانِ عظام — وہ آباؤ اجدادِ خیر الانام

کہ خیر القرون سے وہ بے اشتباہ — حدیث بخاری بھی اسپر گواہ

جو اصحاب ہین میمنہ در کتاب — تو اُنسے وہ افضل بلا ارتیاب

بہ ہر دو سر وصل مین آشکار — احادیثِ خیر الورا سے نگار

تو جعل اللہ القسمین اثلاثا ای جعل القسم الاول الذین ہم ارباب السعادۃ صنفین فجعلنی من خیرھا ثلثا وھم المقربون وذلک قولہ تعالی فاصحاب المیمنۃ واصحاب المشأمۃ والسابقون السابقون فانا من السابقین وانا خیرلستا بفخر

الحدیث رواہ البیہقی والطبرانی عن ابن عباس وغیرھم رضی اللہ تعالٰی عنہم

کہ اہلِ سعادت کو پروردگار — کیا جبکہ دو قسم پر آشکار

تو اُن دو مین افضل جو تھی برملا — تو اُنسے کیا مجکو پیدا خدا

کہ پروردگارا کریم و رحیم
تو رکھ ہمکو ثابت باخلاصِ تام
بذاتِ حقیقی فدا ہو یہ ذات
یہ جان و جنان مال تجھپر فدا
نہ تیرِ بلا سے کرین ہم فرار
بلا ہو عطا و جفا ہو وفا
اسیطور کر اے جہان آفرین
وہ ثابت قدم ہون عباد امین
وہ توحید مین ہون سلیم الجنان
تو مقصود اُنسے وہ قوم عرب
خدایا تو کر اُنسے پیدا رسول
وہی اُنسے کر سیّد الاصفیا
پڑھے اونپہ آیاتِ ایزد مدام
کرے اونکو تلقین ایسی نصوص
ز تزکیۂ نفس ہون با سرور
تو لاریب ذاتی عزیز و حکیم
تو اونکی ہوئی یہ دعا مستجاب
سماعیل سے تا حبیب خدا
وہی اُمتِ مُسلمہ بالیقین

تو ہی رب یکتا عزیز و حکیم
فدا تیرے فرمانپہ ہووین مدام
باخلاصِ نیّت بجملہ صفات
کرین تا کہ ہو اُسسے حاصل رضا
نہ تیرے سوا غیر سے ہو قرار
تمنا نہو جُز لقا و رضا
ز اولادِ ما زمرۂ مسلمین
وہ ہون مخلصین جملہ طاعات مین
وہ تجرید و تفرید مین کاملان
جو سکانِ بلدِ امین با ادب
کہ ہون جملہ اُسسے وہ اہلِ وصول
جو لاریب ہے خاتم الانبیا
کرے اونکو تعلیم تیری کلام
کہ ہون جملہ جسسے وہ اہلِ خصوص
رہین ماسوی اللہ سے دائم وہ دور
ہمہ عیب سے فعل تیرا سلیم
جنابِ الٰہ مین بلا ارتیاب
تو اونکی جو اولاد مومن سدا
یہی امر قرآن سے از بس مبین

کہ ہوا سے حاصل سبھے افتخار ۔ درین دارِ دنیا و روزِ شمار
کہ اونکی شہادت سے مین کامیاب ۔ وہ فیاضِ ابدی بلا ارتیاب
بشارت یہ عیسیٰ نے دی بیگمان ۔ صحابہ کو از شانِ شاہِ شہان
مُبشِّر ہوئے پھر وہ بہرِ دگر ۔ ز اظہارِ احوال خیر البشر
تو ایمان وہ لائے بصدق و یقین ۔ کہ محبوبِ حق سید المرسلین
یہ مُستغفری نے روایت کیا ۔ بھی عُلمائے دیگر نے جو اتقیا
دلائل شواہد مین ہے یہ بیان ۔ نبوت کے اثبات مین جو عیان
ہوا پھر یہ فرمانِ خیر الوریٰ ۔ کہ مَین دید اُمّی بلا امترا
کہ اُنسے ہوا جبکہ میرا ظہور ۔ تو یہ دید اونپر ہوئی با سرور
کہ یک نور اُنسے ہویدا ہوا ۔ وہ نورِ خدا اونسے پیدا ہوا
تو ظاہر ہوئے شام کے سب قصور ۔ اُسی نور سے اونپہ با صد ظہور
یہ ہی شرحِ سُنّہ مین لا بد نگار ۔ یہ ہی ابنِ حنبل سے بھی آشکار
تو رؤیائے مذکور سے یہ مراد ۔ کہ یقظے مین دیکھے وہ قصرِ بلاد
وہ ہے رویتِ عین سر بیگمان ۔ نہ ہی خواب مین وہ بچشمِ جنان
یہ از شرحِ مشکات مسطور ہے ۔ وہ لمعاتِ عربی جو مشہور ہے

خیوری یہ مذکور بدرِ مُنیر
ولے شمس دیکھے نہ چشمِ ضریر

کہ ثابت ہوا جب یہ نزدِ فحول ۔ صریحاً ز قولِ خدا و رسول
کہ از اُمّتِ مُسلمہ بیگمان ۔ تولّد ہوئے شافعِ دوجہان

وہ ہین در کلام خدا سابقین
وہ مجسے مین اُنسے ہوا بالیقین

ولے اُنسے برتر یہ میرا مقام
تو مین اُنسے افضل نہ اسمین کلام

ہوئی جبکہ مقبول اونکی دُعا
تو اسطور فرمان خیر الورا

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام انی کنت عند اللہ خاتم النبیین وان ادم لمنجدل فی طینہ وساخبرکم من اوّل مری انی دعوۃ ابراھیم وبشارۃ عیسےٰ ورویا امی التی رات حین وضعتنی وقد خرج منہا نور اضاءت لہا منہ قصور الشام رواہ فی شرح السنۃ عن العرباض والامام احمد والبیہقی والحاکم وابن حبان رضی اللہ عنہم

کہ آدم کا ہرگز نہ تہا جب وجود
کہ مطروح در طین تہا او نکا بود

کہ طین عدم مین وہ گوشہ نشین
وہ علم الٰہی مین تھے ساکنین

تو مین خاتم الانبیا اوس زمان
خدا بعد سب سے ہین اول عیان

نہ تھا عرش و فرش زمین کا نشان
تو مین تب حبیب خدائے جہان

تو اوّل جو تھا امر میرا نہان
کرون تمسے اب اسکا روشن بیان

کہ ہون مین دعائے خلیل خدا
صلوٰۃ خدا انپہ صبح و مسا

خلیل خدا اسنے کیا التجا
کہ اولاد میری سے کر اے خدا

پسندیدہ یک زمرۂ مومنین
کہ ہون اُنسے پہر سید المرسلین

تو ایزد نے کی آنکی دعوت قبول
تو اُن مومنونسے ہوا این رسول

بشارت جو عیسیٰ نے دی بیگمان
تو مین وہ مبشر رسول جہان

کہ ہون وہ عرب مین شفیع الانام
وہ ہین خاتم الانبیائے کرام

تو گر نعل پا اونکا ہو یہ جنان
تو ہی یہ رضائے خدائے جہان

توکیونکر یہ ثابت ہوا ای فحول — کہ ہین امتِ مسلمہ سے رسول
ہمہ اُنکے اجداد تھے مسلمین — نہ ہرگز کوئی اُنسے از مشرکین

خیوری سے اسکا سنو اب جواب
جوابِ مصفّا بلا ارتیاب

کہ لاریب یکتا خلیلِ خدا — سماعیل اونکے پسر باصفا
تو اولاد اونکی ہین لابد مدام — مُوَحِّد مسلمان بصد احترام
نہو اُنسے زنہار خالی زمین — ز وقتِ خلیلی الی یوم دین
اگرچہ زمین پر ہمہ مشرکان — تو پھر بھی ازان نسل ہون مومنان
کہ نسلاً الی نسل ہے اتصال — کسیوقت اونمین نہو انفصال
کلام خدا سے یہ اظہر بیان — حدیثِ نبی سے یہ ابہر عیان
اسی پر ہمہ سابقینِ کرام — مُحدِّث مُفسِّر باجماع تام
سُنو مجھسے پہلے کلامِ خدا — کہ روشن ہوا جسسے یہ مدعا

قال الامام مصباح الظلام فی التفسیر الکبیر والحافظ الطمطام مفتاح المرام فی التحریر والتحبیر رحمهما الله العلام بلطفه الکثیر الوفیر وجعلها ای سیدنا ابراهیم علیه الصلوة والتسلیم کلمةً ای کلمة التوحید التی تکلم بها وهی قوله اِنَّنِی بَرَاءٌ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ جاریًا مجری لا اله وقوله اِلَّا الَّذِی فَطَرَنِی جاریًا مجری الا الله فکان مجموع قوله اِنَّنِی بَرَاءٌ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا الَّذِی فَطَرَنِی جاریًا مجری قوله لا اله الا الله ثم بیّن الله تعالی ان ابراهیم علیه السلام جعل هذه الکلمة بَاقِیَةً فِی عَقِبِهٖ ای فی ذریته فلا یزال فیهم من یوحد الله ویدعو

تو انکا ہے دین الشمس سے یہ مرام
کہ لا بد خلیل خدا سے مدام

الٰہی ذات عبداللہ جملہ جدود
وہ ہین شرک سے پاک اہل سعود

[illegible] ہین کافر ہین زینہار
ہمہ اہل توحید پروردگار

یہان معترض اسطرح منکرین
کہ تھے اہل مکہ ہمہ مشرکین

وہ تھے بت پرستی مین لیل و نہار
وہ تھے دہ صدی سے ازان کاربار

نہ توحید ایزد سے وہ ماہرین
وہ لاریب اصنام کے عابدین

یہانتک کہ جسوقت خیر الورا
درود خدا انپہ صبح و مسا

کیا ذکر توحید انسے بیان
تو منکر ہوئے اسّے وہ مشرکان

سماعیل ابن خلیل اِلٰہ
درود خدا اونپہ شام و پگاہ

خدا اولاد اونکی بغیر عرب
اوسی ذات سے ہی عرب کا نسب

کلام خدا سے یہ روشن بیان
کہ اسطور قول ہمہ مشرکان

أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۚ الآیۃ

خدا کا یہ قول غایت عجیب
غرائب سے یہ امر نزد لبیب

کہ لاریب ہے ایک معبود بس
نہ کوئی سوا اسکے معبود کس

کیا سب خدا اونکو واحد خدا
کیا حصر اس ایک پر سب عطا

[illegible] تھے پر عقول
فطانت مین جملہ وہ از بس فحول

[illegible] وہ سمجھے جاہلین
وہ کیا شرک پر تھے ہمہ مطبقین

[illegible] ہوئے ایک خیر الانام
ہمارے پدر کیا وہ جاہل تمام

[illegible] سمجھے ذرا
تو اونکا وہی طور تھا برملا

| | | |
|---|---|---|
| ولے اُس سے ہے یک تجلّی یہاں | | یہ ہو عین منکر یہ برق جہاں |

قال فی الجامع الکبیر وروح البیان وغیرھما من تفاسیر القرآن کغایۃ الامانی وبحر الحقائق والمعانی وَجَعَلَهَا ای کلمۃ التوحید التی تکلّم بھا سیدنا ابراھیم علیہ الصلوۃ والتسلیم من قولہ اِنَّنِی بَرَاءٌ اِلیٰ سَیَھْدِیْن عبارۃ عنھا یعنی انّ البراءۃ من کل معبود سوی اللہ توحید للمعبود بالحق وقولہ لا الہ الا اللہ کَلِمَۃً بَاقِیَۃً فِی عَقِبِہٖ ای فی ذرّیّتہ فالقول المذکور بعد الخروج من النار وھذا الجعل بعد حصول الاولاد الکبار فلا یزال فیھم نسلاً بعد نسلٍ مَن یوحّد اللہ ویدعو الی توحیدہ وتفریدہ الی قیام الساعۃ وعقب الرجل ولدہ الذکور والاناث واولادہ من بعدہ واولادھم ھکذا قال الامام الراغب وغیرہ من اھل التحقیق رحمھم اللہ بلطفہ الانیق ؁

| | | |
|---|---|---|
| خدا کے سوا جو کہ معبود ہیں | | وہ بطلا نہیں جملہ معہود ہیں |
| تو بیزار اونسے خلیلِ خدا | | خدا پر فدا وہ بلا اِستمرا |
| کہ توحیدِ حق اونکا اصلی مرام | | تو چاہا کہ وہ بعد میرے مدام |
| بھی اولاد میریکو ہووے نصیب | | تو مقبول ہون نزد ربِّ المجیب |
| یہی کلمۂ باقیہ بے فتور | | یہی کلمۂ طیّبہ ہے ضرور |
| یہ آیت کا معنے ہوا بیگمان | | کہ اولاد میرمین ہون مومنان |
| ہمیشہ اسی نسل سے مومنین | | یکے بعدِ دیگر رہین بالیقین |
| خدانے کیا اُنکی دعوت قبول | | تو اونمین ہوئے مومنانِ فحول |
| وہ توحیدِ ایزد پہ دائم مقیم | | وہ داعی اِلی اللہ وہ اہلِ نعیم |

الی توحیدہ لعلہم یرجعون ای لعل من اشرک منہم یرجع بدعاء من وحد اللہ منہم

یہ فرمانِ ایزد ہے خوش بیان — یہ حکم زخرف مین ہی بیگمان
کہ جسوقت لابد خلیلِ خدا — ہوئے اہلِ اولاد بینَ الوریٰ
تو حق سے کیا اسطرح سے دعا — کہ اے خالقِ مالکِ دوسرا
بہ تحقیق مین یہ طلب گار ہون — بتونکی عبادت سے بیزار ہون
کہ توحید تیری رہے مستقیم — کہ تو خالقِ خلق یکتا کریم
مجھے فضل سے تونے پیدا کیا — بھی ارض و سماء ہویدا کیا
تو معبودِ یکتا یکے ذات ہے — تو مخصوص بہرِ عبادات ہے
توئی ہادیئے خلق بے اہترا — ہدایت کو تونے دیا اہتدا
یہ میرا مقولہ جو ہے آشکار — یہی کلمۂ طیبہ کا مدار
تو اس کلمۂ طیبہ کو مدام — بس من الی وقتِ یوم القیام
جو اولاد میری اناث و ذکور — تو رکھ انمین اسکو برائے ظہور
کوئی فرد گر میری اولاد سے — کرے شرک با کفر الحاد سے
تو لابد کرے اس سے پھر وہ فرار — کرے دینِ اسلام کو اختیار
دعائے موحد سے بے اہترا — تو یہ نسل میری سے بھی ہو سدا
یہ تحریر و تحبیر کا ہے بیان — مفاتیح تفسیر مین ہے عیان
بھی روح البیان مین یہی ہے درین — بھی دیگر تفاسیر مین بالیقین
یہ الفاظ اونکے ہے سب معتمد — یہ ہین جملہ مضمون مین متحد
وہ نجم المبین مین جو نجم مبین — لرجم الشیاطین زہے وہ متین

سُویدا کا تبییض گر ہے مُراد — تو سودائے ابیض کو رکھہ در فواد

تو رکھہ دلمین اِسطور پر اعتقاد — کہ احمد حبیبِ خدائے عباد

یقیناً وہ ابیض نہ اونمین سواد — سیادت ہے اجمل وہ کنزِ وداد

نہ مستور حق نے کیا اُنپہ غیب — خدا بعد وہ اُنمین ہرگز نہ عیب

نسب اونکا پاکیزہ لاریب ہے — نہ اونمین کسیطور کچھ عیب ہے

مُنزہ نہ اونمین کوئی عیب ہی — وہ نورِ قدیمی بلا ریب ہے

نہ ہو منکر کون مین وہ نورِ قدیم — جو ہی اِسکا منکر وہ لابد رجیم

کہ وہ کلمۂ باقیہ ہے ضرور — کہ ہی جسے نسلِ خلیلی مین نور

وہی کلمۂ طیبہ آشکار — کہ وہ طیبِ طیبونِ رکھبار

نہو دلمین تصدیق اونکی عیان — تو کب نورِ ایمانسے روشن جنان

کہ توحید و ایمان کا جملہ مدار — اوسی ایک تصدیق سے برقرار

کہین اوسکو حُبِّ محمد تمام — کہ حُبِّ محمد وہ ایمانِ تام

جو حُبِّ محمد نہو در جنان — تو معدوم ایمان وہان بیگمان

جو ہو اُسسے باللہ باقی بشر — تو وہ کلمۂ باقیہ مشتہر

جو لاریب ہے باقیہ وہ مدام — تو فانی مین ہرگز نہ اوسکا مقام

جو وہ طیبہ ہے بصد اعتبار — تو کیونکر خبیثون مین ہو باقرار

یہی التجائے خلیلِ خدا — کہ ہو نسل میری مین لے کبریا

وہ باقی وہ طیب وہ نورِ ہُدیٰ — جو ہے باعثِ خلقِ ارض و سما

ہوا اُسکے صدقے سے میرا وجود — وہ جودِ وجود و حبیبِ ودود

قیامت کے دن تک وہ ہون مومنان — نہون منقطع وہ کبھی در زمان
عقب کا یہ معنے ہوا الکلام — کہ دنیا مین اولاد ہو جو مدام
کسی شخص سے بعد بے اِفترا — مذکر مونث ہمہ بالسّوا
عقب اونکو فرمائین جملہ فہام — اسیطور مذکور کتب کرام
یہ قولِ خلیل خدا الکلام — کہ بیزار ہونین بتونسے مدام

اِنَّنِی بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ

تو لا بد یہ ہے بعدِ گلزار نار — یہی معنے توحیدِ پروردگار
یہی مرجع ہا بسے آشکار — جو ہی جعلہا مین وہ آئے ہوشیار
ہوئے اہلِ اولاد جب وہ خلیل — کیا تب دعا یہ کہ ربّ جلیل
رکھے نسل میری مین توحید کو — تو ہون اہلِ ایمان وہ بیگفتگو

خیوری کا ہو خاتمہ اے وحید
اوسی قال پر جو وہ قولِ سدید

بھی اولادِ طیبین اور دین جو مرید — بھی احباب اسکے جو ہین وہ رشید
بھی جو مجلسِ وعظ مین سامعین — وہ ہین اہلِ سنّت بقلبِ حصین
تو کر خاتمہ اونکا اے کردگار — اسی قول پر جسپہ ہین جان نثار
وہ ذکرِ محمّد یہ قولِ سداد — خدا کی قسم ہے خدا کی وہ یاد
ودادِ محمّد سے جو باسداد — وہ پاکیزہ نسبت سے ہی بامراد
نہو منقطع یہ نسب زینہار — یہ باقی رہے تا بروزِ شمار
سویدا کا سودا نہو از سواد — نہ تسوید سے ہووے ابیض فواد

کہ جبتک نہ دنیا مین آئے رسول — تو تھا اوسکا عرفان یقیناً قبول
اُولو العلم سے وہ بلا ریب تھا — نہ توحید اوسکی مین کچھ عیب تہا
ہوئے جبکہ پیدا حبیبِ خدا — خدا جنسے پیدا بلا اِمترا
تو اب حکم ہے انکا توحید مین — یہ مقصودِ توحید و تمجید مین
سوا حکم انکے نہ توحید ہے — جو بے حکم اِنکے وہ تسوید ہے
لہذا وہابی کی توحید جو — وہ توحیدِ ابلیس ہے گفت گو
خودی سے مُوَحِّد وہ ہے خود نما — نہ حکمِ نبی سے مُوَحِّد ہوا
تو ہر طور مقصود خیرُ الانام — وہ توحیدِ ایزد وسیلۂ مرام
ہوئے جبکہ نوّاب خیرُ الانام — ز آدم ہمہ انبیائے کرام
شرایع جو لائے وہ بینَ الورا — تو اونکی شریعت وہ بے اِمترا
یہ جملہ طفیلی وہ بیشک اسمعیل — چہ موسیٰ چہ عیسیٰ چہ یکتا خلیل
تو تقدیمِ تہلیل ہین وہ کرام — مشرّف ہوئے بہر خیرُ الانام
ہوئے جبکہ وہ جملہ عبدُ الرسول — تو یہ امر معہود نزدِ فحول
کہ ہے عزِّ مولا جو عزِّ غلام — تو وہ عزِّ احمد ہوا لا کلام
یہ لاریب ہے نکتہ ازبس دقیق — جو اہلِ بصارت یہ اُنکا رفیق
اگر اسکی تفصیل منظور ہے — تو نجم المبین مین وہ مسطور ہے
ولے چند کلمے یہان آشکار — اونہین اپنے دلمین تو کر اب نگا

اعلم ان الآیة الجلیلة وَابْتَغُوا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ تقتضی تقدیم محمد رسول اللہ علی کلمة لا الہ الا اللہ ولکن قد ورد فی الحدیث القدسی الخیری اولیائی

وہ نورِ قدیمی وہ نورِ سداد ۔ رہی نسل میں اُنکی وِداد
تو ہون اُمّتِ مسلمہ وہ ضرور ۔ وہ نورٌ علیٰ نور سے پُرصدور
تو ہو اُنسے ظاہر وہ سرِّ سرور ۔ خدائی کا جسّے ہوا ہے ظہور

یہی کلمۂ باقیہ سے مُراد
مُرادِ خیوری یہی با سداد

جو تحصیلِ وصلِ حبیبِ خدا ۔ ز وصلِ خدا ہے وہ اشکل سدا
کہ وہ نورِ محبوبِ فیضِ قدیم ۔ وہ محبوبِ تحتِ قبائے عظیم
وہ ہی کنزِ مخفی سے حُبِّ خدا ۔ نہو قُرب اوسکا کسیکو عطا
مگر جسکو چاہے خدائے کریم ۔ کرے اُسکو روزی وہ قُربِ فخیم
مدد جب کرے اوسکی پروردگار ۔ تو اوس نور پر وہ کرے جان نثار
لہذا مقدّم وہ توحیدِ رب ۔ کہ اُس قُرب کا ہے یہ لابد سبب
تو کلمے مین تہلیل سے ہے پیشتر ۔ محمدؐ رسول اللہ پر اے پسر
کہ لابد وسیلۂ وصالِ حبیب ۔ وہ ایزد ہوا خود زہے یہ نصیب
کہ مقصود اُسسے بلا امترا ۔ وہ تصدیقِ حُبِّ حبیبِ خدا
جہان جزوِ اوّل یہ ہی اکتفا ۔ تو مقصود اُسسے وہی برملا
کہ یہ امر معہود نزدِ کرام ۔ کہ جب تک نہ بولے کوئی از انام
بحکمِ نبی یا بامرِ عظام ۔ اُسی جزوِ اوّل کو اے نیک نام
تو ہرگز مُوحّد نہو وہ مدام ۔ کہ ایمان مین ہے جزوِ ثانی مرام
ز توحید گرچہ وہ عارف ضرور ۔ ولے اُسکا عرفان بلا امر زور

والتوحید لا یزال فی ذریۃ سیدنا ابراہیم من بعدہٖ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

قتادہ سے بھی یہ روایت عیان — کہ معنے یہ آیت کا ہے بیگمان
کہ وہ کلمۂ طیبہ ہو مدام — بہ نسل خلیلی علیہ السلام
جو اونکی ہوئی وہ دعا مستجاب — جناب الٰہ مین بلا ارتیاب
تو دائم وہ توحید رب السما — رہی اونکی اولاد مین با صفا

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ الآیۃ

تجھے یاد ہے اے شفیع الورا — کہ جب کی خلیل خدا نے دعا
کہ پروردگارا جہان آفرین — بفضلیکہ داری تو بر عالمین
یہی شہر جسمین وہ بیت الحرام — تو کر آمنا اوسکو با احترام
وہ محفوظ ہو سب بلیات سے — خفیات و جملہ جلیات سے
مجھے میرے پسرونکو بھی بر دوام — تو رکھ بت پرستی سے محفوظ تام
خلیل خدا کی دعا بالیقین — کہ اولاد میری ہین ہون مومنین
یہ ظاہر مین ہے عام نزد فہام — ولے اوسّے مخصوص ہے یہ مرام
کہ ہوتے سماعیل کی نسل مین — وہ توحید حق بعض کے اصل ہین
نہ خالی کبھی اونسے اہل زمین — ہمیشہ رہین اونمین وہ مومنین
کہ پیدا کرے اونسے جان آفرین — اونہین جو کہ ہین سید المرسلین
نسب پاک اونکا رہے بالضرور — ہمیشہ رہین مشرکونسے وہ دور
ہوا جنسے جملہ جہان کا ظہور — وہ فیض قدیمی خدا کا وہ نور
خدا شرک سے جبکہ بیزار ہے — جو مشرک وہی لائق نار ہے

تحت قبائی لایعرفهم غیری واذا کان الولی المحبوب من المحبوبین فکیف یُری مَن ھو سید المحبوبین والی ھذا قد اشار اللّٰہ فی کتابه المیمون تَرَاھُم یَنظُرُونَ اِلَیکَ وَھُم لَا یُبصِرُونَ فلیس لیه الوصول لکل احد من الفحول الا بعون اللّٰہ المامول فقدم قول لا اله الا اللّٰہ علی محمد رسول اللّٰہ اذ لا یمکن قطع منازل محمد رسول اللّٰہ الا بمدد لا اله الا اللّٰہ و لا یصح وجود الایمان بعد مجئی الرسول الا اذا قال لقائل لا اله الا اللّٰہ یقول محمد رسول اللّٰہ فمدار الایمان علی الجزؤ الثانی لا علی الجزؤ الاولی فلذلک قال علیه الصلوة والسلام حتی یقولوا لا اله الا اللّٰہ ولم یقل محمد رسول اللّٰہ لتضمن ذلک القول بالرسالة اذ قاله القوله صلی اللّٰہ علیه وسلم وان کان عارفا به قبل ذلک ولما کان نبینا سید لکل نبی الانبیاء والرسل وهم نوابه وهو الملک الاجل وعز العبید عند الفهام عز المولی علی الدوام قدم قول التهلیل علی ذکر الرسول الجلیل فی سائر الشرایع للتبجیل هکذا فی الدر الفریده والفتوحات المکیة وغیرهما من الزبر المنیفة

| | |
|---|---|
| لہذا ہوئی یہ دعا از خلیل | کہ ہو نسل میری میں اصل اصیل |
| جلال سیوطی کا سُبل النجات | یہ مذکور اوسمیں بسند ثقات |

اخرج عبد بن حمید عن ابن عباس ومجاھد رضی اللّٰہ عنہم فی الآیة انها لا اله الا اللّٰہ باقیة فی عقب سیدنا ابراھیم علیه الصلوٰة والتسلیم

| | |
|---|---|
| روایت کیا عبد ابن حمید | مجاہد بھی عبد اللہ سے اے رشید |
| کہ آیت کا معنے بصد اعتبار | وہی کلمۂ طیبہ آشکار |
| وہی کلمۂ باقیہ بے گمان | بہ نسل خلیلی رہے جاودان |
| تو مومن رہیں اوسمیں دائم ضرور | الیٰ وقت معلوم روز نشور |

واخرج قتادة رضی اللّٰہ عنه فی ایه وجعلها کلمة باقیة فی عقبه انها لا اله الا اللّٰہ

بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ وَهُوَ وَادِي مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ لَيْسَ فِيهِ شَيْئٌ مِنْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ اَىْ اِسْمَاعِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاَوْلَادُهُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ دُعَائِي هٰكَذَا فِي التَّفْسِيرِ الْكَبِيرِ وَغَيْرِهِ مِنَ التَّفَاسِيرِ

کہ پروردگارا عفوّ و غفور — کیا مَینے ساکن بصدق و سرور

اوسی نسل میری کو جو پُر تمیز — سماعیل و اوسکی جو نسلِ عزیز

اِسی ایک وادی مین جسکی سرشت — کہ ہرگز نہین اُسمین کچھ کارِ کشت

یہ وادی بلاریب در کوہسار — تو ہرگز نہو اوسمین کچھ کشت کار

منافع جو دنیا کے ہین بیشمار — تو ہی سب سے بہتر وہی کِشت کار

جہان باغ خندان زہے ازانار — تو شیدا وہان بلبلِ جان نثار

وہان عیش و عشرت کا سب کاروبار — کہ حاصل وہان حظِّ نفس آشکار

تو وادیئے مکّہ مین نزدِ فہام — نہ ہے عیش دنیا کا ظاہر مین نام

مُکرّم جو ہے تیرا بیتُ الحرام — کیا اِسکے نزدیک اُنکا مقام

کہ قائم رکھین وہ ہمیشہ نماز — بصد شوق اوسکو پڑھین با نیاز

کیا اونکو ساکن اسی جائے پر — نہ مقصود ہی اسّے چیزے دیگر

مگر یہ کہ تیری عبادات مین — رہین چُست و چالاک دِن رات مین

جو افضل عبادات مین ہی نماز — کہ اُسّے یہ بندہ بسے سرفراز

وہ معراجِ مومن بقولِ رسول — کہ ہی اُسّے بیشک عروجِ فحول

کہ تزکیۂ نفس اوسّے مدام — وہ ہے قرّۃُ العین کا بھی مقام

جو شرکِ سدا اُسّے بیزار ہے — کہ یہ فعل و سپر گران بار ہے

تو اسکا نہ اوس نور سے کار ہے — یہ اوس نور کے کب سزاوار ہے
چو کلب و خنازیر ہین مشرکین — تو رحمت خدا کے وہ کب حاملین
یہ اولاد ہے خاص عالی حسب — سماعیل سے جنکا لابد نسب
جو تھے ساکن شہر بیت الحرام — وہ ہین اہل اسلام امین مدام
کہ مخصوص ہے یہ دعا مستجاب — یہ انکے لئے جنکا مکہ مآب
نہ اولاد صلبی یہان پر مراد — ہوئے متفق اسپہ اہل سداد
کہ اولاد صلبی وہ سب انبیا — وہ ہین انبیا ہین سب اصفیا
نہ اصنام پوجین کبھی وہ کرام — کہ وہ شرک سے پاک لابد مدام
اگر ہو یہان نسل صلبی مرام — تو یہ لغو دعوات سے لاکلام
تو ثابت ہوا اسسے اے پرضیا — یہ اونکے لئے جو نہین انبیا
تو بیشک وہ نسل سماعیل ہے — اسیطور ارشاد تنزیل ہے

وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا اَلْاٰيَة

کہ آیت مین ہے ذکر یہ ہمگیان — کہ اے رب یہ ہو شہر دار الامان
تو کر اسمین ایسے وہ اہل امان — کہ ہرگز نہون وہ کبھی مشرکان
وہ بیزار ہون شرک سے ہر زمان — وہ نسلاً الی نسل ہون مومنان
تو موصوف ہو شہر بیت الحرام — کہ ہے انسے یہ دار امن تمام

خیوری تو کر اسسے اظہر بیان
کلام خدا سے جو روح الجنان

رَبَّنَا اِنِّي اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِي اَيْ بَعْضَ ذُرِّيَّتِي وَهُوَ اِسْمَاعِيلُ وَمَنْ وُلِدَ مِنْهُ

یکے بعد دیگرے اونہوں میں ضرور | وہی کلمۂ باقیہ باسرور

مظاہر وہ اوس نور کے لاکلام | وہ نور خدا ہے خدائے انام

وہی کلمۂ طیبہ ہے مدام | کہ تصدیق اوسکی وہ توحید تام

اوسیکی محبت کا تصدیق نام | کریں اُسّے تعبیر ایمان فہام

خیوری یہی اصل توحید تام
کہ ہیں پاک شرکت سے خیر الانام

سنو اے محبان خیر الوریٰ | بسمع صداقت بسمع سُنہے

قال فی سُبل النجاۃ والتحبیر وغیرھما من نزہ البخاری عن سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہما ان المراد فی قولہ وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ھو ذریۃ اسماعیل علیہ السلام لان سیدنا ابراھیم علیہ الصلوۃ والتسلیم دعی لاھل ھذا البلد ان لا یعبد فیہ من ذریتہ صنماً حیث قال رَبِّ اجْعَلْ ھٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا ولم یدع لجمیع البلد ان بذلک وقد خص اھلہ فقال رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِکَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِیُقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ

جلال سیوطی کا سُبُل النجات | بھی دیگر کُتب میں یہ بالبیّنات

کہ ابن ابی حاتم نامدار | وہ ہیں اسکے راوی نکر اضطرار

کہ سفیان عیینہ کا جو سیر | یہ ہے اونکا فرمان صافی گہر

کہ لاریب مخصوص ہی یہ دعا | جو مانگی الٰہ سے خلیل خدا

کہ اولاد میری نہ پوجے صنم | مسلمان ہمیشہ وہ عالی ہمم

تو اولاد مخصوص اُسّے مراد | سماعیل سے جو کہ اہل سداد

یہ ہی فعلِ محبوبِ پروردگار | کیا ذکر اوسکا خدا بار بار
تو مخصوص اوسکو کیا در دعا | جنابِ اِلہ مین خلیلِ خدا
یُقیمُو جو مذکور ہے در دُعا | وہ ہے صیغۂ جمع بے اِمترا
سماعیل اُسوقت بس ایکذات | ہوئے متّفق اونکے نیکو صفات
جو ہون اُنکے اولاد سے مومنین | نمازی ہمیشہ اِلیٰ یومِ دین
وہ در دینِ اسلام ہون کاملین | وہ ہون اولیائے خدا بر زمین
تقبّل دُعائی کیا اِلتجا | تو مقبولِ ایزد ہوئی وہ دُعا
تو روشن ہوا اب چو شمسِ مُنیر | اگرچہ نہ دیکھے خفاشِ ضریر
کہ وہ اُمّتِ مُسلِمہ بالیقین | بھی سے ہے جو نبیؐ وہ بالامین
وہ ہین ذُرّیت جو دعائے خلیل | بھی آئندہ ذرّیت اُنکے نبیل
یُقیمُوا الصّلوٰۃ جو ہے پُرعیان | مُصلّین جملہ وہ ہین مومنان
جو ہے وہ تقلّبک فی السّاجدین | کلامِ الٰہی مین اے منصفین
بھی وہ کلمۂ باقیہ بالیقین | جو اولاد اونکی ہین تا یومِ دین
لقد جاءکم وہ رسولِ خدا | کہ من اَنفسکم یہ بافتح فا
یہ آٹھہ آیتین جو کہ مذکور ہین | اِسی مدّعا پر وہ پُرنور ہین
کہ آبا و اجدادِ خیر الانام | ہمہ اہلِ ایمان علیہ السّلام
سماعیل سے تا رسولِ خدا | ہمہ اہلِ توحید بے اِمترا
وہی اُمّتِ مُسلِمہ بے فتور | یُقیمُوا الصّلوٰۃ کے فاعل ضرور
وہی ذُرّیت ساکنانِ حرم | حرم مین ہوا جنسے امن و کرم

وہ اولاد میری بلا اشتباہ — نگاہِ الٰہ او سپہ شام و پگاہ

نہو دین میرے پہ جو مستقیم — نہ اولاد میری سے ہی وہ لئیم

اسیطور سے قول پروردگار — کتابِ خدا مین جو ہی آشکار

اِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اَھْلِكَ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ الاٰیۃ

کہ اے نوح تیرا نہین یہ پسر — جو کنعانِ کافر وہ اہلِ سقر

عمل اوسکا ہرگز نہین خوب تر — وہ ہی غیر صالح نہ تیرا پسر

نہ وہ دِین تیرے پہ ہی مستقیم — تو کب اہلِ تیرا وہ ہوا ی سلیم

تو ثابت ہوا اسسے اے نامور — کہ اولاد اونکی وہ دو طور پر

یکے اُنکے تابع وہ ہین مومنین — دگر غیر تابع وہ ہین کافرین

تو اونکی جو اولاد ہین مومنان — تو اُنکے لئے وہ دعا یکیان

کہ پروردگارا خدائے جہان — جو اولاد میری سے ہون مومنان

تو اولاد میری وہی بیگمای — نہ اولاد میری جو ہون مشرکان

تو رکھہ اونکو بر دینِ حق مستقیم — رہین دینِ اسلام پر وہ مقیم

ہمیشہ تو رکھہ شرک سے آنکو دور — کہ وہ حاملِ نور رہون بالضرور

وہی حاملِ نورِ خیرُ الوریٰ — ورا ہین وہ ہون خیر بے انتہا

وہ لاریب خیرُ القرون سے مدام — کہ ہوا اُنسے ظاہر وہ خیرُ الانام

جو ہی عبدِ مومن وہی خیر ہے — جو مشرک ہوا شر و پر ضیر ہے

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ الاٰیۃ

بخاری مین اسطور مذکور ہے — یہ فرمانِ خیرُ الوریٰ نور ہے

| | |
|---|---|
| سماعیل کی نسل سے مومنان | رہین شہر مکہ مین در ہر زمان |
| نہ ہر شہر کے واسطے از خدا | خلیلِ خدا نے کیا یہ دعا |
| کہ تخصیص اوس شہر کی بیگمان | بھی تخصیصِ اولاد ہے نیکدان |
| وہ اظہر مِنَ الشمس نزدِ فہام | اِسی قولِ ایزد سے ہی لا کلام |

رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ

| | |
|---|---|
| تو ثابت ہوا اِس سے بالاعتماد | سماعیل کی نسل اُس سے مُراد |
| ہوا اُنسے اُن مومنوں کا ظہور | جو ہے اُمّتِ مُسلمہ بے فتور |
| تو اُنسے ہوئے اولیائے کرام | جو آباؤ اجدادِ خیرُ الانام |
| کوئی اونمین ہرگز نہ از مشرکین | ہمہ اہلِ ایمان و اہلِ یقین |

قال فی مفاتیح الغیب وکشف القناع من الریب والتحریر وغیرھا من کتب المشاھیر ان ھذا الدعاء مختص بالمومنین من اولاد الخلیل علیہ السلام والدلیل علیہ انہ قال فی آخر الایۃ فمن تبعنی فانہ منّی وذلك یفید ان من لم یتبعہ علی دینہ فانہ لیس منہ ونظیرہ قولہ تعالی لنوح علیہ السلام انہ لیس من اھلك اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ ۵

| | |
|---|---|
| مفاتیح تفسیر مین یہ بیان | بھی تحریر و دیگر کُتب مین عیان |
| کہ مخصوص ہے یہ دعا لا کلام | بہ نسلِ خلیلی عَلَیْہِ السلام |
| جو اولاد اونکی مین ہون مومنان | دلیل جلی اسپہ یہ بیگمان |
| کہ ہی بعد آیت کے ایسا بیان | خلیلِ خدا نے کیا جو عیان |
| کہ جو شخص میری کرے پیروی | وہ ہی جزو میری خفی و جلی |

اخرج ابن أبی حاتم عن سفیان بن عیینة انه رضی الله عنه سُئل هل عبد احد من ولد اسماعیل علیه السلام صنماً قال لا الم تسمع قوله واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام

که ابن ابی حاتم نامدار — وه هین اسکے راوی نکر اضطرار
که سفیان عیینہ کا جو پسر — تو سائل ہوا انسے اہل بصر
که نسل سماعیل سے ای خبیر — ہوا شرک گا ہے بذات قدیر
کسی ایک نے انسے پوجا صنم — صنم پیش اوسنے کیا سر کو خم
دیا آپنے اوسکو ایسا جواب — جواب مہان جو کہ ہی پر صواب
که ہرگز نہ پوجا کسی نے صنم — زنسل سماعیل اے ذی ہمم
نہ تونے سنا یہ دعائے خلیل — خلیل خدا نے کیا از جلیل
کہ اے خالق مالک رہنما — تو مقبول کر اب یہ میری دعا
کہ اولاد میری رہین مومنان — وہ بیزار ہون شرک سی ہر زمان
تو لابد ہوئی وہ دعا مستجاب — جو مانگا ملا اونکو بے ارتیاب
سماعیل کی نسل مین یہ دعا — تو اولاد اونکی ہلا ہشترا
ہوئے سب مسلمان عالی ہمم — تو کیونکر کوئی انسے پوجے صنم
تو اسجائے اولاد سے یہ مراد — کہ جو اونکے تابع وہ اہل سداد
تو اولاد اونکی وہی مومنین — نہ اولاد اونکی جو ہین کافرین
یہ دو نو روایت جو ہین ذرنگار — یہ تسبل سیوطی مین ہین آشکار

خیوری تو کر مختصر یہ بیان
کہ نجم المبین مین مفصل عیان

قال نبینا سید الانام علیہ اطیب الصلوٰۃ والسلام بُعثتُ من خیر قرون بنی ادم قرنًا فقرنًا حتی بُعِثتُ من القرن الذی کنت منہ رواہ البخاری عن ابی ھریرۃ عبد الرحمن علیھما رضوان اللہ المنّان

کہ جو حاملِ نورِ خیر الورا
وہ خیر القرون سے بلا اِفترا
تو ثابت ہوا اسّسے اے منصفین
کہ آبائے خیر الورا مومنین
نہ ہرگز کوئی اونمین از مشرکین
ہمہ اہلِ توحید وہ بالیقین
جو ہین اسکے منکر وہی کافرین
وہ مُرتد اہلِ عذابِ مُہین
ہوا جبکہ اظہر جو شمس و قمر
کہ جو غیر تابع نہین وہ پسر
تو لابد کیا نقل ابنِ جریر
مُجاہد سے اسطور پر اے بصیر
اِسی آیہ مین جو کہ مسطور ہے
کہ بُعدِ صَنم کا جو مذکور ہے

اخرج ابن جریر عن مجاھد رضی اللہ عنھما فی قولہ تعالی عن سیدنا ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم واجنبنی وبنیّ ان نعبد الاصنام اجاب اللہ دعوتہ فی اولاد اسماعیل علیہ السلام فلم یعبد احد من ولدہ صنماً قط

سماعیل کی نسل ہین اے فحول
ہوئی وہ دعا نزدِ ایزد قبول
نہ پوجا صَنم کو کسی نے کبھی
وہ دینِ خدا پر مُسلمان سبھی
تو اِس جائے اولاد سے یہ مُراد
کہ جو دین اُنکے پہ اہل سداد
وہ اولاد اونکی سے اے دور بین
وہی اونکی اولاد ہی بالیقین
جو اولاد اونکی سے ہین کافرین
وہ اولاد اونکی نہین اے امین
اسیطور پہ یہ سوال وجواب
مُطابق مُوافق بلا ارتیاب

الف بعد با ہے جلیل المرام ۔ ولے بعدِ با ہے الف لا کلام

الف اوّل و آخرِ با مدام ۔ الف با مین ہی با الف مین تمام

کہ ظاہر الف اور باطن الف ۔ نہ با سے کبھی ہو الف منحرف

الف سے وہ با جبکہ پیدا ہوا ۔ تو با سے الف پھر ہویدا ہوا

الف جبکہ با سے ہویدا ہوا ۔ تو با پر الف بسکہ شیدا ہوا

الف با مین اسطور ہے اتّصال ۔ کہ ہرگز نہ او نہین کبھی انفصال

خیوری بیان کر بہ روشن مثال
کہ ہی خاتم قبضہ کا اتّصال

کہ قبضہ سے خاتم جو پیدا ہوا ۔ تو خاتم سے قبضہ ہویدا ہوا

یہ خاتم وہی قبضہ بے ارتیاب ۔ وہی قبضہ خاتم یہ لُبِّ لباب

الف با کی ترتیب کا یہ نشان ۔ ولے اِسّے برتر جو ہے اسکی شان

الف با نہ سمجھین اگر کودکان ۔ تو کیونکر وہ قرآنکے ہون عارفان

سزاوار اونکے جو روشن جواب ۔ سنو اے عزیز و اُسے انتساب

کہ شرکِ جلی اور شرکِ خفی ۔ بھی ثالث وہ اخفیٰ سمجھ اے صفی

جو غیر خدا ہو عبادت اگر ۔ تو شرکِ جلی ہی وہ اے نامور

عبادت جو ہی بہر حور و قصور ۔ وہ شرکِ خفی نزدِ اہلِ شعور

یہ ہستیئے موجود جو ہی عیان ۔ یہ ہی شرکِ اخفیٰ بسے در نہان

اسیطور ہے ناس با اختصاص ۔ عوام و خواص و اخصّ الخواص

وہ ہستیئے مولا یہ ہستیئے ناس ۔ ہی شرکِ اخفیٰ کا لابد سپاس

نہ اس مختصر پر جسے اکتفا | تو اوسمین مطوّل پڑھے وہ قفا
ولے ایک اسجا یہ شبہے عیان | وہ ہی واجب الرّد نزدِ مہان
کہ واجنبنی ہی جو دعائے خلیل | جناب خدا مین بلا قال و قیل
کہ رکھ بت پرستی سے مجکو بعید | کہ وہ ظلمِ اعظم جفائے شدید
تو کیونکر ہوئے اُنسے ایسی دعا | کہ ہرگز نبی سے نہو وہ جفا
نہ پوجے صنم کو نبی زینہار | نہو کفر کا اونسے زنہار کار
تو کیا سرّ ہی در دعائے خلیل | کرو کشف اوسکو بروشن دلیل
جواب مصفّا یہ ہے بیگمان | کرین اُسکو ادراک صاحبدلان
کہ تاریب عالی مقامِ خلیل | کہ وہ قطب توحیدِ ربّ الجلیل
وہ بانی ہوئے خانۂ کردگار | کہ توحیدِ ایزد یہ تھے جان نثار
کہ ذات و صفت جملہ سے لاکلام | وہ فانی خدا مین بصد اہتمام
وہ در انبیا بعدِ خیر الانام | صفت وہ اسی ذاتکے ای فہام
جو تسمیّہ مین تین اسمِ کریم | کہ اللہ و رحمن و ثالث رحیم
بہ ترتیب از لیئے پروردگار | ہوا جسپہ یہ سرّ کچھہ آشکار
تو وہ سرّ واجنبنی اوسپر عیان | نہوا اوسپہ سرِّ حقیقت نہان
تو اوسکو نہ اسمین کبھی اشتباہ | کہ سرّ خدا سے اُسے ہی پناہ

خیوری تو اسطور سے کر بیان
کہ ہو جسسے رازِ نہانی عیان

کہ ان تین مین ہی وہ مضمون بسر | یہ اوس ایک مین جو وہ ثانی نفس

کہ اولاد میری و مجکو ضرور — سماعیل کی نسل وہ بے فتور

علے حسبِ رتبہ ہمین رکھ بعید — عباداتِ اصنام سے ای وحید

جو اقسامِ اصنام ہین در انام — بھی جو شرک حسب المراتب تمام

تو اون سب سے رکھ ہمکو محفوظ تام — کہ ہون اہل توحید حسب المقام

اگرچہ وہ سب شرک سی پاک تھی — وہ میدانِ خلّت مین چالاک تھے

ولے بندگی کا یہی اقتضا — کہ بندہ رہے بندگی پر سدا

مقامِ عبودیّتِ بندگان — یہی اوسکا ہی اقتضا ہر زمان

کہ ظاہر کرے اپنا عجز و نیاز — تو ہو اُسّے حاصل اُسے عزّ و ناز

جو خود بین خدا بین نہو زینہار — کہ خود بین خودی سے رہی خوار زار

کہ معنے یہ توحید کا لا کلام — کہ خود بین نہو پیشِ ربّ الانام

تو کر ترکِ توحید توحید مین — کہ توحید تفرید تجرید مین

نہ اِس دل زبان سے وہ توحید ہے — وہ توحیدِ رب اِنسے تجرید ہے

نہ اس عینِ اعیانسے توحید ہے — جو تجرید اعیان وہ تفرید ہی

لہذا یہ فرمانِ اہلِ صفا — کہ اِسطور توحیدِ اہلِ وفا

التوحید ترك التوحید فی التوحید لان اثبات التوحید فساد فی التوحید

ونفی الوجود انکار القدرة فحقیقة التوحید تجرید التوحید

یہی تھی دعائے خلیلِ خدا — کہ تخصیص ربّی و ہان بر ملا

کہ توحید تجرید پہ مستقیم — بھی تفرید پر ہو یہ قلب سلیم

رہون عجز میرے پہ مین مستقیم — یہ مین ہون خلافت سے دائم ندیم

وجودِ خدا اور دیگر وجود ۔ تو کیونکر نہو شرک دونو یہ بود
وہی بود ہے بود اصلی جو بود ۔ دگر بود نابود ہیں ود و د
یہ تیری جو ہے بود نابود ہے ۔ یہ تیرا صنم بودِ موجود ہے
یہ اکبر صنم بہرِ تفرید ہے ۔ یہی اہلِ عصمت کی توحید ہے
خلیلِ خدا ہیں جلیل المرام ۔ فنائے ثلاثہ ہیں وہ قطبِ تام

ان سيدنا ابراهيم عليه الصلوة والتسليم بذل نفسه للنيران وولده للقربان وماله للاخوان فصار خليل الرحمن ولما رموه فى النار عارضه جبرئيل عليه السلام فى الهواء فقال لك حاجة قال اما اليك فلا قال فاسئل ربك قال علمه بحالى حسبى عن سوالى

کیا ذات قربان خلیلِ خدا ۔ دران نارِ نمرود با صد رضا
کیا ذبح فرزند بہرِ الٰہ ۔ نہ باقی رہا اوسمیں کچھہ اشتباہ
کیا بذل اموال بر مومنان ۔ بحبِّ الٰہی بصدقِ جنان
تو ذات و صفت اور فعال سے ۔ بھی حرکات و سکنات و اقوال سے
وہ در ذاتِ ایزد ہوئے خود فنا ۔ تو خلت سے حاصل ہوا پھر بقا
تو جبریل کیا بلکہ خود از خدا ۔ نہ زنہار گاہے کیا التجا
کہ جب حال میرے سے ہے وہ علیم ۔ تو سائل نہوا اُسسے قلبِ سلیم
کہ علمک حسبی یہ قائم مدام ۔ نہ مانگے خدا سے وہ گاہی مرام
جو حق سے نہ مانگے کسی چیز کو ۔ تو سائل نہ خلقت سے ہرگز وہ ہو
نہ ضائع کرے اپنی اوقات کو ۔ نہ رب کے مخالف کرے بات کو
تو یہ جو دعا کی خلیلِ خدا ۔ جنابِ الٰہ ہیں بصد التجا

وہ مُحیِی وہ مُنجِی وہ لابد مُخبِر | | تو کیونکر نہ زندہ کرے وہ بصیر

خیوری گناہون سے ہی شرمسار
ولے دیدِ احمد کا اُمیدوار

قال اللہ فی کلامہ القدیم حاکیاً عن سیدنا ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم رَبِّ اجْعَلْنِی مُقِیمَ الصَّلوٰۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِی

دُعا اسطرح سے کیا پھر خلیل
کہ پروردگارا کریم و رحیم
ہمیشہ پڑھو مین جو تیری نماز
وہ معراج ہی بہر اہلِ عروج
اُسی ظرف مین قُرّۃُ العین ہے
بھی اولاد میری کو تو کر مقیم
او سی فعلِ مقبول پر جو نماز

جناب الٰہ مین بطرز جمیل
مجھے رکھ تو صلوات پر مستقیم
کہ دارین مین اسّے ہون سرفراز
کہ ملکو مین اُسّے حاصل ولوج
دل دیدۂ غم کی وہ چین ہے
سماعیل سے جو وہ نسلِ سلیم
ہمیشہ پڑھین اوسکو وہ با نیاز

قال فی مفاتیح الغیب والتحبیر وغیرھما من التفاسیر ای واجعل بعض ذریتی کذلک لان کلمۃ مِن للتبعیض وانما ذکر ھذا التبعیض لانہ علم باعلام اللہ تعالٰی ان یکون فی ذریتہ جمع من الکفار

لکھا ہے مفاتیح و تحبیر مین
کہ مِن ذرّیت سے یہ لابد مراد
تو اونکو بھی تو ای خدائے کریم
کہ دائم کرین وہ ادائے نماز

بھی ویسا یہ دیگر تفاسیر مین
کہ جو بعض اولاد اہلِ سداد
صراطِ سلامت پہ رکھ مستقیم
تو دربار تیرے مین ہون سرفراز

صنم کا صنم ہو صنم سے جدا
تو ئی چشم و گوش و تو ئی دست و پا

صنم کا صنم ہو صنم خود خدا
تو ئی جانِ جان و تو ئی دلربا

قد ورد فی الحدیث القدسی اذا احببت عبداً کنت له سمعاً و بصراً و لساناً و یداً
رواہ الامام احمد والبیہقی والبخاری علیہم رضوان اللہ الباری

نہو فخر زنہار اس بود پر
تو رب ہے ربی مربی حبیب

کرون فخر سطور شام و سحر
یہ مربوب ربی زہے یہ نصیب

وہ ربی یہ لاریب عز فخیم
مین کیونکر کرون شکر تیرا ادا

یہ مربوب ربی یہ شرف عظیم
کہ ربی دیا مجکو رب الورا

وہی یکتا ساجد وہ مسجود ہے
تو اوسکا مرید و وہی ہو مراد

تو حامد وہی ذات محمود ہے
تو ذاکر وہ مذکور با صد وداد

اوسی سے ہوا ہی ظہور خدا
خدائے خدائی وہ سر قدیم

ظہورِ خدا ہے وہ نورِ خدا
وہی شانِ سبحان ربِ العظیم

خیوری نکر تنہا جوش و خروش
کہ مدہوش ہی جوش سے ہی یہ ہوش

بیان کر تو ایسا کہ ہو جسسے گوش
تو جامِ محبت سے مدہوش ہی

او نہین جو کہ مدہوش ہین اہل ہوش
سوا یادِ احمد فراموش ہی

ہوا آتشِ ہجر سے دل کباب
محمد محمد یہ دل کی مراد

بھی سیلابِ دیدہ سے جانم خراب
نہو گر یہ حاصل تو ہو وہ رماد

کرے گر نظر بر رمادِ جنان
تو زندہ جنان ہو بصد جانِ جان

علیہ السلام وکان قریبًا من کنانۃ جد شفیع الرسل العظام علیہ اطیب الصلوۃ
والزکی السلام ثم ساقوا البراھین القاطعۃ بالمضامین الساطعۃ تشھد بان اجدادہ
علیہ الصلوۃ والسلام وعلی آلہ واصحابہ الکرام من سیدنا آدم علیہ السلام الی
سیدنا عبد اللہ والد خیر الانام کلھم ارباب التوحید والاسلام ولا عابدہ
بخذ عبیل اللئام ھذا ملخص ما فی نجم المبین لرجم الشیاطین ط

یہ جامع تفاسیر مین آشکار — بھی تحبیر مین ہے یہ لابد لکار
جلال سیوطی کا سبل النجات — ہوا اسمین ثابت یہ بالبینات
بھی دیگر کتب مین یہ روشن بیان — مفصل یہ نجم المبین مین عیان
کہ ہین ابن منذر بسے معتبر — وہ راوی یقینًا اسی طور پر
کہ حق سے کیا اسطرحسے دعا — خلیل خدا نے علیہ الثنا
کہ پروردگارا بفضل قدیم — تو رکھ مجکو صلوات پر مستقیم
وہ اولاد میری سے اے کردگار — جو ہون اہل ایمان سعادت شعار
تو اونکو بھی قائم تو رکھ بر نماز — کہ معراج عرفانسے ہون سرفراز
تو مقبول ایزد نے کی یہ دعا — تو اولاد انکی سے مومن سدا
موافق اسیکے یہ قول کریم — کتاب خدا مین جو ہی یہ رقیم
کہ حق سے کیا اسطرحسے دعا — خلیل خدا نے بصد التجا
کہ تحقیق مین یہ طلبگار ہون — بتونکی عبادت سے بیزار ہون
کہ توحید تیری رہے مستقیم — کہ تو خالق خلق یکتا قدیم
تو معبود یکتا یکے ذات ہے — تو مخصوص بہر عبادات ہے

| | |
|---|---|
| کیا بعض کے حق میں یہی دعا | نہ سبکے لئے کی دعا از خدا |
| کہ ماہر وہ ایزد کے اسرار سے | منوّر جنان اُنکا انوار سے |
| وہ اعلام ایزد سے لابد علیم | کہ لاریب وہ اہل قلب سلیم |
| وہ ماہر بفضل خدائے مبین | کہ اولاد اونکی سے ہوں کافرین |
| بھی اولاد اُنکی سے ہوں مومنان | وہ از اہل ارشاد اہل جنان |
| جو تخصیص تبعیض ہوئے نبیل | یقیناً جلی در دعائے خلیل |
| تو لابد ہوئی وہ بنظر تامل | کہ ہوں بعض آخر میں اہل بال |

قال فی الجامع الکبیر والتفسیر النحریر وسبل النجاۃ وغیرھا من زبر الثقات اخرج ابن المنذر عن ابن جریج رضی اللہ عنہم فی قولہ رَبِّ اجْعَلْنِی مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ لن تزال من ذریۃ سیدنا ابراھیم علیہ الصلوۃ والتسلیم ناس علی الفطرۃ یعبدون اللہ تعالی ویوافق ھذا قولہ عزوجل وجعلھا کلمۃ باقیۃ فی عقبہ لا سیما فی ذریۃ سیدنا اسماعیل علیہ السلام موحدون الی یوم القیامۃ قلوا او کثروا ولاریب فی ان امۃ مسلمۃ کانت من ذریہ سیدنا اسماعیل علیہ السلام ونبینا منھم قطعاً باتفاق الائمۃ الاعلام وصرحت نصوص کلام الملک العلام علی استمرار التوحید والاسلام فی ذریۃ سیدنا اسماعیل علیہ السلام وقد صحت الاحادیث فی البخاری وغیرہ من زبر الفخام وتظافرت نصوص العلماء الکرام بان العرب من عھد سیدنا ابراھیم علیہ السلام علی دینہ لم یکفر احد منھم فی تلک الایام الی ان جاء عمرو بن عامر الخزاعی من الطغام وھو الذی یقال لہ عمرو بن لحی فھو اوّل من عبد الاصنام وغیّر دین سیدنا ابراھیم

ولے جملہ اجدادِ خیر الانام | بھی او سو قت بر دینِ توحید تام
وہ دینِ خلیلی پہ تھے بالیقین | سماعیل کی نسل سے مومنین
کہ آدم سے تا وقتِ نوحِ نبی | وہ لاریب دس پشت مومن سبھی
ز نوحِ نجی تا خلیلِ خدا | بھی دس پشت مومن بلا امترا
معدّ سماعیل لے نیک نام | یہ دس پشت مومن ہوئی لاکلام
نزار و زہے غالبِ نیکدان | یہ دس پشت جملہ موحّد عیان
لوّیِ بنِ غالب سے اے نیکنام | یہ دس پشت خیر الورا تک تمام
تو آدم سے تا شافعِ المذنبین | ہوئین جملہ پنجاہ پشتین متین
ہمہ اہلِ توحید و اہلِ جنان | وہ اہلِ جنان اولیائے جہان
نہ ہرگز کوئی اونمین از کافرین | ہوا اُنسے راضی جہان آفرین

خیوری بیان کر تو اب اُنکے نام
کہ نامِ کریمون سے ہو تیرا کام

درودِ خدا بر رسولِ عظیم | بھی آل و صحابہ پہ با صد نعیم
بھی اُنپر جو آبائے خیر الورا | ہوئے سب جنکے صدقے سے ارض و سما

وصل چوتھا بیچ بیان نسب نامۂ جناب رسولکریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے اور یہ نسب نامہ متحقق ہی نزدیک اماماں دینِ قویم کے ساتھ شہادت محدثین ارباب قلب سلیم کے اور ما بین آدم صفی اللہ اور سیدنا حبیب اللہ اٹھتالیس پشت ہین طاہرین بعض حضرات اُنمین رتبۂ نبوت سے فائز ین اور باقی ہمہ فاضل

یہ میرا مقولہ جو ہے آشکار | یہی کلمہ طیبہ کا مدار
تو اِس کلمہ طیبہ کو مدام | پس مَن الیٰ وقتِ یوم القیام
جو اولاد میری اُناث و ذکور | تو رکھا انہین اُسکو برائے ظہور
ہمیشہ اسی نسل سے مومنین | سبھی کے بعد دیگر رہین بالیقین
خدا نے کیا اونکی دعوت قبول | تو اونہین ہوئے مومنانِ فحول
قیامت کے دن تک وہ ہون مومنان | نہون منقطع وہ کبھی در زمان
صحیحہ احادیث مین ہے عیان | بخاری وغیرہ مین اِسکا بیان
اِسی طور علما سے منصوص ہے | کہ اہلِ حرم اُس سے مخصوص ہے
کہ از عہدِ حضرت خلیلِ ابن | نہین اونہین کافر کوئی بالیقین
یہان تک کہ ابنِ لحی شریر | وہ عمرو بن عامر خزاعی کبیر
عرب مین ہوا صاحبِ اقتدار | وہ تہا تابع جن لیل و نہار
تغیر کیا اوسنے دینِ خلیل | ہوا دین و دنیا مین ابن وہ ذلیل
او[illegible]کی عبادت ضرور | عرب مین کیا اولاً باشرور
جو تھے قبلِ طوفان بتانِ لئام | وہ تھے ارضِ جدہ مین خمسہ تمام
وہ تھی ارضِ مذکور مین سب غریق | نکالا انہین اُس سے عمرِ حریق
کیا اُسنے اوثان اول نصب | بھی کعبہ مین تا اونکو پوجین عرب
وہ اونکی عبادت مین داعی ہوا | وہ اُنکی پرستش مین ساعی ہوا
تو ملکِ عرب مین ہوئی آشکار | پرستش بتونکی بصد اختیار
وہ قُربِ کنانہ مین از بس جسیم | صدی مین سے بیش عمرِ لئیم

اگرچہ خدا کا وہ عرشِ برین
سما پر جو ہے سدرۃ المنتہیٰ
وہ جبریل اوس جا پہ دائم فدا
کہ ہے اوسمین اظہارِ سرِّ نہان
فَاَوحیٰ اِلیٰ عَبدِہٖ کا بیان
الوفِ صلوٰۃ وصنوفِ سلام

ولے ہیں اوسکے چو فرشِ زمین
تو اس منتہیٰ سے وہ ہے ماورا
کہ وہ مَنظرِ فیضِ نورِ خدا
جو کنزِ خفی سے ہوا وہ عیان
وہی سرِّ اسرارِ در لامکان
اوسی سرِّ ایزد پہ نازل مدام

اوسی سرِّ پر ہے حضوری فدا
وہ سرِّ خدا اوسکو جانے خدا

کیا جملہ خلقت جو پیدا خدا
ولے حکمتِ رب کا یہہ اقتضا
وہ یٰسٓ و طٰہٰ بمثلِ قمر
منوّر ہوئے اوسنے جملہ بروج
اِسیطور فرمانِ حق بالیقین
ہوا چار پشتوں سے یک برجِ نور
نہ آدم محمد کا ہووے شمار
ہوئے شیث آدم سے نیکو سیَر
ہوا شیث مین اونکا اوّل مقام
وہ صادق انوش انسے پیدا ہوئے
وہ قینان انسے ہوئے آشکار

تو اونکے پدر ہین شفیعُ الورا
کہ سرِّ الٰہی وہ نورِ خدا
ہوا برجِ اصلاب مین مستقر
کیا ایک سے ایک مین پھر عروج
کہ ہے وہ تقلّبک فی السّاجدین
تو ہے بارہ ۱۲ برجون سے انکا ظہور
کہ مسجود وہ اونپہ ساجد نثار
وہ لاریب موہوبِ ربِّ البشر
تو اونکو نبوّت ملی لاکلام
تو نورِ محمد پہ شیدا ہوئے
تو نورِ محمد پہ وہ جان نثار

## اولیائے متقین صحاب کرامات ارباب مبشرات من و امان اہل زمین

خدایا طفیل شہ دو جہان — تو دے مجکو توفیق صاحبدلان

کہ باغ جنان مین جو غنچۂ جنان — وہ ہو باد رضوانسے خندہ جنان

تو ایمان و عرفانکا عالی مشام — رہے وہ معطر ازان بوئے تام

وہ اسمائے آبائے خیر الانام — مسلسل بیان ہون کتب کرام

تثبت کیا جنسے اہل سیر — کہ وہ در احادیث خیر البشر

بصائر جو ہے وہ برائے بصیر — تو اوسمین یہ تحقیق ازبس منیر

جو ہے نہر شیرین زبہر حیان — تو اوسسے بھی تسکین تشنہ لبان

بھی وہ کازرونی جو ہے در سیر — بھی ہے معتبر جو وہ درج درر

جو اصنام ہے وہ کتاب شہیر — ز حافظ عمر لیسر بحر خبیر

بھی سائب مفسر کی تنویر سے — عرائس بھی تفسیر تحبیر سے

بھی دیگر جو اس باب مین معتبر — نسب یہ لکھا انسے با صد بصر

نسب نامۂ شافع المذنبین — کرین ورد اسکو جو اہل یقین

تو وہ دین و دنیا مین ہون سرفراز — ز فوزاً عظیما ازان بے نیاز

وہ محشور ہون در صف انبیا — وہ مغفور جنت مین با اصفیا

وہ جنت مین ہون انبیا کے رفیق — کہ خیر الوریٰ انکے دائم شفیق

خدا انسے راضی رسول خدا — خدا کی رضا انپہ ہووے فدا

نسب نامۂ سید المرسلین — کرین ورد جسجائے پہ صادقین

تو اوسکا فرشتے کرین پھر طواف — وہ ہو رحمت ایزدی کا مطاف

یہ ہی برجِ چارم قمر کا مقام — قمر جس قمر سے قمر ہے مدام

ہوئے اُنسے قالغ بہسے پارسا — کہ وہ قاسم حبِّ خیر الورا

ہوئے اُنسے ارغو جو ارغب شہیر — کہ حبِّ حبیبی مین وہ بے نظیر

ہوئے اُنسے شاروخ عالی مرام — بھی اشروع سارع یہ ہین اُنکے نام

کہ طاعت مین چالاک زبس خبیر — کہ نورِ محمد سے دل مستنیر

ہوئے اونسے ناخور ظہر جو یہ روز — کہ وہ عشقِ احمد سے با درد و سوز

یہ ہین برجِ پنجم بلا اشترا — منوّر یہ لا بد زشمس خدا

ہوئے اُنسے تارخ جو پدرِ خلیل — یہ آزر کے بھائی بصد ہا دلیل

وہ ہین اہلِ اسلام نزدِ کبار — کہ نورِ محمد یہ وہ جان نثار

کہا جسنے تارخ یہ آزر کا نام — ہوا اسمین خاطی وہ نزدِ فہام

کہ وہ مقتدئ اسمین بر دیگران — شناور نہ اِس بحر کے جو مہان

کیا ایک نے ایک پر اعتماد — تو خاطی ہوئے نزدِ اہلِ سداد

یہ اظہر من الشمس با صد دلیل — کہ لاریب آزر وہ عمّ خلیل

یہی اعتقادِ امامانِ دین — ہوا اُنسے راضی جہان آفرین

براہیم اُنسے ہوئے بالیقین — یہ ہین ابنِ تارخ ذرا شک نہین

یہ معنے براہیم کا اے فہیم — کہ موصوف اب ہی بوصفِ رحیم

ہوئے پھر سماعیل پسر خلیل — وہ لاریب یکتا مطیع جلیل

وہ سیفِ محبت سے مقتول ہین — ذبیحِ محمد وہ مقبول ہین

ہوئے اونسے قیذار فرخندہ فال — خلیلِ خدا وہ بحُسن و جمال

ہوا اُنسے ممدوح کا پھر ظہور | کہ مہلاوہ ہی ئیل پر بے فتور
وہ تھی عاشقِ نورِ خیر العباد | تو آغاز اونسے بنائے بلاد
بیارد پسر اونسے پیدا ہوئے | یہ برجِ دوم بس ہویدا ہوئے
بھی برد وہ یرد وہ بارد تمام | بمعنائے ضابط یہ سب اُنکے نام
وہ تھے ضابطِ عشقِ خیر الورا | وہ پروانہ بر شمعِ نورِ خدا
ہوئے اونسے اخنوخ عالی وقار | وہ ادریس پیغمبرِ کردگار
نبی تیسرے یہ ہوئے درجہان | چہارم سما پر انہون کا مکان
ہوئے اُنسے متوشلخ نامدار | فدا نورِ احمد یہ لیل و نہار
ہوئے منشرح صدر و قلبِ سلیم | کہ وہ مظہرِ فیضِ خلقِ عظیم
ہوئے اُنسے لامک بزرگ و خبیر | کہ نورِ محمد سے وہ مستنیر
ہوئے اُنسے لیشکد جو نوح نبی | وہ فیضِ محمد سے آخر نجی
نکرتے مدد سید الکائنات | تو کیونکر وہ طوفانسے پاتے نجات
وہ فلکِ محبت پہ تھے جب سوار | ملا جودِ احمد سے جودی کنار
وہ تھی شوقِ احمد سے جب اشکبار | تو سیلابِ طوفان ہوا آشکار
یہ ہین برجِ ثالث بلا اشترا | سلامِ خدا اونپہ ہووے سدا
ہوئے اُنسے پیدا جو فرزند سام | نبی ہین وہ مرسل علیہ السلام
ہوئے اونسے ارفخشدِ رہنما | وہ مصباحِ عشاقِ خیر الورا
ہوئے اونسے شالخ جو نیکو سیر | موکل وہ بر نورِ خیر البشر
ہوئے اُنسے غابر جو عالی مقام | وہ ہودِ نبی ہین علیہ السلام

وہ ہین نورِ احمد سے جب سرفراز — تو کیا گر نشین عرش پر وہ اواز
ہوئے اُنسے عدنان دُرِّ عدن — وہ محفوظ دائم ز جملہ مِحَن
ہمہ انس و جان اُنکے تھے دشمنان — ولے اُنپہ غالب نہ وہ یک زمان
کہ وہ مظہرِ معجزاتِ حبیبؐ — کرامات سے اونکو عالی نصیب
معدّ ہوئے اُنسے باصد کمال — وہ اولادِ عدنان سے خوشخصال
قمر سے وہ برتر ز نورِ حبیب — منوّر جبین سب مین یکتا لبیب
شجاعت سخاوت مین وہ بے نظیر — کہ در پشت نورِ محمدؐ ظہیر
یہ ہی بُرجِ ہشتم بسیفِ سلول — یہ ہے قاتلِ دشمنانِ رسول
ہوئے جب معدّ سے یکتا نزار — تو اوسنے کیا اُشترِ قربان ہزار
یہ قربان کیا بہرِ پروردگار — کہ یہ پسرِ احمد پہ ہو جان نثار
اسی شمع پر ہو فدا آشکار — کہ پروانہ ہوا وسکو پروانہ وار
ملامت کیا اونکو جب لائمان — کہ وہ فعل اسراف ہی بیگمان
کہا اوسنے واللہ کہ وہ ہی نزار — وہ اندک کرون نحر گر صد ہزار
تو لا بد سزاوار نزدِ کبار — کہ اس نورِ دیدہ پہ جا نہا نثار
کہ یہ حاملِ نورِ نور البصر — کہ جسنے کیا مردمک پر مقر
دل و جانسے اس نور پر ہون فدا — چہ اُشتران چہ ما بینِ ارض و سما
کرون اسکا شکرانہ کیونکر ادا — اَقَلُّ القلیلِ جو مینے کیا
ہوا جبکہ اندک وہ نحرِ ہزار — تو ہی یاد اوسے مُسمّٰی نزار
مضر اونسے ایسے ہوئے ازخام — دلِ خلق در عشقِ او مستہام

وَصیِ سماعیل وہ نامدار
وہ اہلِ کرامات لیل و نہار

یہ ہی بُرجِ سادِس بروشن دلیل
مُنوّر ز نورِ حبیبِ جمیل

ہوئے حَمَل فرزند اُنسے عیان
وہ بُشرائے ربّ العُلا بیگمان

دو صد سالۂ عُمر قیذار سے
مُبشّر ہوئے نورِ انوار سے

تو ثابت پسر اونکے ثابت قَدَم
و دادِ محمدؐ مین باصد ہِمَم

نَبت بھی ثَبَت ہے یہی نیکنام
کہ یہ مَظہرِ نورِ خیر الانام

سلاَمان ہوئے اُنسے باصد سلام
فدا نورِ احمد پہ تھے وہ مدام

ہُمَیع ہوئے اونسے عالی ہِمَم
سلامان سے وہ سالمِ ذی حِکَم

وہ تھے پادشاہے جلیل القدر
گدائے وہ درکوئے خیر البَشَر

جبین مین وہ رکھتے ز نورِ حبیب
جَنان مین محبّت سے اُنکو نصیب

نکرتا کوئی پیش اونکے وَرود
مگر نورِ احمد کو باصد سجود

یہ ہی بُرجِ ہفتم بعزّ و عُلا
کہ ہے مَظہرِ عَدلِ خیر الورا

ہوئے اُنسے پیدا اُدَد بیگمان
سخندانِ یکتا وہ در ہر زبان

سُخَن گو وہ تھے در زبان بست و چار
بھی ایسا وہ انواعِ خط کر شمار

بہ نَسلِ سماعیل اے ہوشیار
وہی پہلے کاتب ہوئے آشکار

جو اونکی زبانپر یہی ذکرِ تام
محمد محمدؐ یہی سیرا کام

تو کیونکر نہون ماہرِ ہر کلام
کہ ماہر وہ از نورِ خیر الانام

ہوئے اُنسے اُدّ ابصوتِ بلند
کہ صوتِ محمدؐ سے وہ ارجمند

وہ مسموع از سیلِ بارہ مدام
بلاریب سُنتے اُسے خاص و عام

جبیرۂ برائے دلِ خستگان | کہ وہ مظہرِ سیدِ انس و جان

یہی ایک اسوقت مین درعرب | علے دینِ اسلام توحیدِ رب

کہ عمرِ لحیّ کا تھا وہ زمان | اسی سے ہوا شرک اونمین عیان

بھی اسطور دیکھا نضر نے منام | کہ ہون نسل میری سے خیر الانام

بفضلِ خدا اسکا ہی جو بیان | وہ نجم المبین مین مفصّل عیان

ہوئے اونسے مالک ملک باسخا | کہ تھے وہ گدائے شہے دوسرا

دُہم برج بیشک یہ خانۂ خلیل | یہ نسلِ خلیلی ہین از بس جلیل

ہوئے اُنسے عامر ملقب بفہر | کہ لاریب یہ مظہرِ نورِ مہر

ہوئے اونسے غالب باحسن صفات | کہ یہ منظرِ سیدؔ الکائنات

ہوئے اُنسے بیشک لوئیؔ جمیل | یہ ہین مظہرِ نورِ اصلِ اصیل

ہوئے اونسے فرزند وہ کعب نام | کہ ہین مرتبے مین رفیع المقام

وہ ہین کعبِ کعبہ سے عالی مرام | کہ وہ زیرِ کعبِ شفیعُ الانام

یہ حادی عشر برج نزدِ جہان | کہ سیراب ہین جسّے تشنہ لبان

ہوئے اُنسے مرّہ بسی خوش بیان | حلوِ محبت سے شیرین زبان

اونہین مرّہ کہتے ہمہ مرد و زن | کہ دائم وہ گویندۂ حق سخن

کہ الحق مرّ یہ حقّ الیقین | وے اسکو شیرین کہین منصفین

ہوئے اُنسے لاریب یکتا حکیم | ملقّب کلاب جریح و وقیم

ہمہ دشمنان اُنسے مقہور و خوار | کہ یہ مظہرِ نورِ پروردگار

ہوئے زید اونسے قصیؔ لقب | مجمّع وہی نزدِ اہلِ ادب

ملاحت سے کرتے نہ مہ پر بصر ‏ نہ با دا نہوا اوسّے شقّ القمر

منوّر ہوا اونسے دینِ خلیل ‏ کہ وہ مظہرِ نورِ ذاتِ جلیل

ہوئے اونسے الیاس تقویٰ اساس ‏ یہ روزی ہوئے اُنکو بعد از ایاس

مُضر کو بشارت دیا کردگار ‏ کہ پیری مین فرزند ہو آشکار

نہ مایوس از پیر ہو اے مُضر ‏ کہ وہ مظہرِ نورِ خیر البشر

وہ ہی سیّد القوم اہلِ ضیا ‏ کہ وہ منظرِ سیّد الانبیا

عوالم کے دائم جو پشت و پناہ ‏ وہ در پشتِ الیاس شام وپگاہ

بہ تسبیح و تہلیل ربّ السّما ‏ ہمیشہ وہ مشغول تھے باصفا

بھی آوازِ لبیکِ خیر الورا ‏ بہ تلبیۂ حج سبے ابتدا

تو سُنتے وہ الیاس از پشتِ خویش ‏ نہو تا کبھی شکِ نقصان و بیش

ہوئے مُدرکہ اونسے جب آشکار ‏ تو ادراک اونپر ہوا جان نثار

کہ مُدرِک وہ ہین جملہ اُسرار کے ‏ وہ مظہر اوسی نورِ انوار کے

جو ہی مُدرکہ مین وہ تائے خفی ‏ وہ سبے شکلِ علّامہ نزدِ صفی

نہ تانیث کا اوسپہ ہی اعتماد ‏ کہ بسیار ادراک اُسّے مُراد

نُہم برج لاریب ہین یہ رشید ‏ یہ ہی خانۂ مُشتری پُر سعید

خُزیمہ ہوئے اُنسے جب درجہان ‏ تو اُسرارِ مخفی ہوئے درعیان

کنانہ ہوئے اُنسے روشن لقب ‏ علی نام اونکا وہ عالی حسب

ہوئے اونسے بیشک نضر باسعود ‏ قُریشی لقب صاحبِ فضل وجود

وہ لاریب بدرِ مساکین تھے ‏ وہ کانِ تسلّی و تسکین تھے

بَشر خدا سے وہ تھے در منام ‌ ‌ کہ سلمیٰ سلامت سے ہی بامرام
تو وہ شَیبۃُ الحمد پیدا ہوئے ‌ ‌ مدینے مین اُنسے ہویدا ہوئے
تو پھر حاکمِ شہرِ بیت الحرام ‌ ‌ چچا شَیبۃُ الحمد کے لا کلام
وہ ہین مُطّلب نزدِ ہر خاص و عام ‌ ‌ انہین لائے مکّے مین با احترام
تو پھر یہ مُبَشّر ہوئے از غفور ‌ ‌ کہ وہ نور ہو فاطمہ سے ظہور
وہ ہی دخترِ عمرِ بے امترا ‌ ‌ وہ مخزُومیون سے بسے پارسا
تو عبد اللہ اُنسے ہویدا ہوئے ‌ ‌ زمین آسمان اُنپہ شیدا ہوئے
جو تھے جملہ سُکّانِ عرشِ برین ‌ ‌ وہ رکھتے اُنکے قدم پر جبین
پس و پیش اونکے وہ پروانہ وار ‌ ‌ اوسی شمع پر جملہ وہ جان نثار
ہمہ وقت اونکے وہ خدمتگذار ‌ ‌ وہ استادہ بر پائے لیل و نہار
وہ عبد اللہ چون کعبۃ اللہ مدام ‌ ‌ مطافِ ملائک بہر صبح و شام
ہوا مُنتقل اونسے نورِ حبیب ‌ ‌ سوئے آمنہ مومنہ با نصیب
تو پیدا ہوئے اُنسے خیر الورا ‌ ‌ عقولِ ورا سے جو ہین ماورا
ہوئے جبکہ پیدا وہ نورِ خدا ‌ ‌ تو اُنسے ہوا پھر ظہورِ خدا
وہی نور حق سے ہویدا ہوا ‌ ‌ تو لا بد خدا اونسے پیدا ہوا
ہوئے جبکہ پیدا وہ سرّ سرور ‌ ‌ تو پیدا ہوا وہ خدائے غفور
وہ جانِ جنان جبکہ پیدا ہوئے ‌ ‌ تو اسرار ایزد ہویدا ہوئے
وہ محمود محمود پیدا ہوئے ‌ ‌ تو سب حامدین اُنپہ شیدا ہوئے
ز فرشِ زمین تا بعرشِ برین ‌ ‌ یہ بے روح تن جملہ عالمین

مجمع قبائل کے جامع ہوئے — حمیدہ شمائل سے لامع ہوئے

جو تھے جمع خاطر مجمع لبیب — تو حاصل ہوا اونکو نورِ حبیب

مغیرہ ہوئے اُنسے اہلِ حصاف — کہا مشرکون نے یہ عبدِ مناف

منافی نہ اسلام کو یہ مناف — کہ ہی نامِ سبحان بے اختلاف

رکھا مشرکون نے صنم کا یہ نام — کہ ہی اسکا معنے وہی پاکِ نام

وہ سمجھین صنم اوسکو وقتِ کلام — مسلمان کہین نامِ ربّ الانام

وہ بیزار تھی شرک سے لاکلام — وہ دینِ خلیلِ خدا پر مدام

کہ نورِ خدا کا جہان پر مقام — وہان کفر کسطور پاوے قیام

تو کب پاک ناپاک ہوا یکذات — کہ یہ جمع اضدادِ بالبینات

یہ ثانی عشر برج عالی مرام — اسی برج پر ہی وہ دورہ تمام

وہ عبد العلی اُنسے ہاشم ہوئے — وہ نعمائے مہمان پہ قاسم ہوئے

وہ حرص و ہوا کے جو حاسم ہوئے — تو نورِ محمد صلعم کے عاصم ہوئے

ہوئے وہ مربیٔ بلدِ امین — کہ وہ مظہرِ رحمتِ عالمین

جو تھی کاسۂ دلمین حبِّ وحید — تو وہ بھر مہمان بناتے ثرید

سخاوت مین یکتا وہ تھی بیگمان — کہ وہ مظہرِ جودِ شاہِ شہان

شتا صیف مین ہی جو رحلت مدام — تو یہ سنتِ ہاشمی در انام

نگرستے کسی چیز بد وہ مردر — مگر پیش اونکے وہ ساجد ضرور

وہ مسجود تھے بہر نورِ ودود — تو کرتے انونکو صنم بھی سجود

وصالِ الٰہی سے در ملکِ شام — مزارِ ملائک وہ با احترام

ہوا عرش جب فرش پائے حبیب ‌ ‌ تو عظمت کا خلعت اُسے ہی نصیب
دِیا بوسہ جب زیرِ نعلِ نبی ‌ ‌ ہوئے زیرِ پا اُسکے عالم سبھی
اِسی نام سے ہی قیامِ جنان ‌ ‌ یہ حورونکے سینے پہ قائم نشان
تو کیا خوب ہوتا ہمارا نصیب | زہی خیر امّت زہی یہ حبیب
ملا ایک عیسےٰ کو یہ افتخار | کہ دربان احمد وہ لیل ونہار
مشرّف ہوئے اسّے بھی اہل غار | کہ غار محبّت مین تھے باقرار
تو یہ آرزوئے شہ خافقین | کہ ہون اسّے بھی فائزین والدین

خدا منتقم ہے بہر دوسرا

صلوٰۃ الٰہ و سلام خدا | حبیب الٰہ پہ بصبح و مسا
ہمہ آل و اصحاب پر بھی نثار | باعداد اوراق و رمل القفار

وصل ساتوان اون دلائل زاہرہ اور حجج باہرہ مین کہ بول پاک اور بخوان سید لولاک جس شخص کے شکم مین گیا نار جہنم اوسپر حرام ہے ٭ تو خود نور فیض قدیم وجود پر جود صاحب خلق عظیم جس پشت و رحم مین ہو مقیم توکیونکر نہ وہ جنتی محبوب ایزد ملک علام ہے ٭ پس نار غضب جبار کو اُس سے فرار اوسکے قدم مبارک سے وہ گلزار بلا انکار ولا کلام ہے ٭ اور جبکہ جناب رسول کریم علیہ اطیب الصلوٰۃ و التسلیم کے بدن شریف جائے نظیف پر مکھی کا بیٹھنا حق تعالیٰ کو ناگوار ہے ٭ توکیونکر آپ کی ذات ستودہ صفات نجاست کفر و شرک کے سزاوار ہے ٭

سُنو اے عزیزو یہ اندک مقال | نہ ہرگز رکھو دلپہ مجھسے ملال
کہ شاید کرے تمکو فرخندہ حال | اسی قول سے ایزد ذوالجلال
کہ خیر الورا رحمت عالمین | حبیب خدا سید المرسلین
وہ تھے مومنوں پر رؤف و رحیم | وہ لاریب تھے کان خلق عظیم
تو سوچا کہ اُمت مین ہون جو ضعیف | مریضان و پیران و دیگر نحیف
کسی عذر سے ہو اگر ناتوان | اگرچہ وہ معذور از بس جوان

| | |
|---|---|
| نہ اوّل نہ آخر مین کچھ عیب ہے | یہی حکم اونکا بلا ریب ہے |
| کہ از ہر وہ اطہر ز تطہیر ہین | وہ ابہر وہ انور ز تنویر ہین |
| مفخر مبشر ز تبشیر ہین | مخبر موقر ز توقیر ہین |
| وہ صادق مصدق ز تصدیق ہین | وہ حاذق موفق ز توفیق ہین |
| وہ ہین مرجع اصفیائے کرام | وہ ہین چشمۂ فیض بہر عظام |
| وہ ہین مظہر ذات خیر الورا | وہ ہین منظر و جلوہ گاہ خدا |
| یہ وہ پدر و مادر کہ جنکا پسر | صفی اللہ آدم کا بیشک پدر |

خیوری وہ از سابقین عظام
اسیطور فرمان خیر الانام

قال نبینا سید المرسلین حبیب رب العالمین صلے اللہ وسلم علیہ وآلہ الطاهرین انا من السابقین
وانا خیر السابقین رواہ الطبرانی وغیرہ من المحدثین رضوان اللہ علیهم اجمعین

| | |
|---|---|
| کیا مجکو پیدا جہان آفرین | ز اصلاب پاکان جو از سابقین |
| ولے سابقین سے ہین سابق مدام | حبیب خدا ہین نہ اسمین کلام |
| تو اب گر کہے منکر اہل شین | کہ یک لمحہ مومن نہ تھے والدین |
| تو لا بد وہ ... اہل جحیم | وہ مغبون وملعون بیشک جحیم |
| نہ ... نبی اوسکو منظور ہے | وہ ذل جبلی سے مقہور ہے |
| وہ حاسد علی فخر خیر الانام | وہ نار حسد مین جلے صبح وشام |
| شقی تر وہ بدبخت بیشک مدام | جہنم مین جائے فبئس المقام |

خیوری وہ ہے موذیئے مصطفا

عدالت جلالت مین اُسکے رجال ۔ جو مردانِ شیخین بے قیل و قال
یہی حکمِ حاکم بلا اشتباہ ہو ۔ بھی وہ دارقطنی اوسپر گواہ
کیا ذہب ذہبی نے اوسپر نثار ۔ وہ زرقانی اوسپر جو پروانہ وار
جلالِ سیوطی جو ہین پُر جلال ۔ بھی قائل کہ ہے وہ جلیل الرجال
بھی وہ ابن داؤد اہلِ سُنن ۔ بھی وہ عبدِ رزّاق اہلِ فطن
وہ ابنِ جریح بن حبّان بھی ۔ ہوئے اوسکی صحت پہ قائل سبھی
شفا مین وہ ہے بھی شفائے شفا ۔ خدا اوسنے دے منکرین کو شفا
اسیطور سے خادمہ ہے دگر ۔ کہ ہے شرف سے وہ ہوئی نامور
وہ ہے اُمّ یوسف جو برکہ بنام ۔ ہمہ برکہ تلہ خادمہ اے فہام
ہوا اوسکو فرمانِ خیر الورا ۔ کہ محفوظ ہے نار سے تو سدا
بھی اے اُمّ یوسف تو مامون ہے ۔ ہمہ مرض و درد ونسے مصئون ہے
تو بیمار ہوئی نہ وہ زینہار ۔ یہانتک کہ دنیا مین تھی باقرار
بھی دیگر صحابہ مین تہا ایک مرد ۔ مشرّف ہوا اُسسے وہ اہل درد
تو اُسکا پسینہ معطّر مدام ۔ اوسی آب طاہر سے اے نیکنام
بھی اولاد اوسکی مین خوشبوئی تام ۔ الیٰ ہفت اصلاب تھی لاکلام
حلاوت مین وہ شہد سے فوقتر ۔ وہ خوشبو مین تہا مشک پر مفتخر
کیا نوش جسنے شرابِ طہور ۔ وہی اوسسے ماہر ہوا با سرور
کہ حق الیقین اوسپہ ہو وہ عیان ۔ تو علم الیقین سے نہووے بیان
کتابِ خصائص جو ہے معتبر ۔ بھی لاریب تدریب اہلِ بصر

کرین ظرف مین بول وہ مردمان / تو ماخوذ لاریب ہون بیگمان
کہ ایسا نہ ہرگز کیا مصطفا / تو وہ فعل سنت نہووے فتا
خلاف پیمبر جو ہو اقتدا / وہ ہرگز نہ مقبول نزد خدا
ہمہ فعل و قول شفیع الورا / وہ مقبول ایزد بلا امترا
کہ اونکے جو افعال و اقوال ہین / خدا کے وہ اقوال و افعال ہین
تو کیونکر نہو فعل ایزد قبول / اگرچہ وہ ظاہر مین فعل رسول
لہذا رسول بشیر و نذیر / گہے قدح رکھتے وہ زیر سریر
کسی شب مین کرتے وہ فعل صواب / کہ معذور ہون آپسے لابد مثاب
تو اوس ام ایمن کو جو اہل سوز / یہ فرمان احمد ہوا ایک روز
کہ جو اس پیالے مین چیز عیان / کسی جائے کر اسکو لابد نہان
تو پھر جبکہ دیکھا شہ دو جہان / کہ خالی پیالہ رکھا ہے وہان
تو پھر اس سے پوچھا شفیع الورا / کہ تھا جو پیالے مین وہ کیا ہوا
تو کی عرض ای سید انس و جان / مین تھی تشنہ واللہ کیا نوش جان
تو خندان ہوئے خازن کردگار / نہ کچھ زجر اوسپر کیا آشکار
نہ ایسا ہوا حکم بھی زینہار / دہان شستہ کر پھر نہ کیجو یہ کار
ولے یہ بشارت دیا مصطفا / درود خدا اونپہ با صد صفا
کہ نار جہنم کو روز شمار / نہو شکم تیرے سے زنہار کار
تو محفوظ آتش سے ابد الآباد / کہ تو نے پیا آب خیر العباد
یہ لاریب سالم حدیث صحیح / کہا اہل تنقید نے یہ ملیح

که عبد اللہ جو ہین وہ ابن زبیر — جلیل القدر وہ بسے اہل خیر
ہوا اونکو فرمان خیر الانام — کہ خون حجامت جو یہ لا کلام
کسی جائے تو اوسکو پوشیدہ کر — کہ اسپر نہووے نظر کا گذر
نہ دیکھے کوئی اسکو ہرگز بشر — کہ خون نبی ہے وہ خون دگر
وہ سرّ الہی سے ہے یک اثر — تو لازم کہ مستور ہوا از نظر
لیا اوسکو فی الفور ابن زبیر — کہ دارین مین اسّے لاریب خیر
وہان سے گئے پھر وہ باہر شتاب — کیا نوش جان اسکو بے ارتیاب
کہ وہ لعل از کنز مخفی ضرور — سزاوار اوسکے خزینہ صدور
وہ لعل خزینہ شفیع الورا — یہی سینہ اسکے دفینہ کی جا
نہ مسرور اسّے کوئی اوسکی جا — یہ جا اوسّے مسرور لا بد سدا

خیوری نہ یہ لعل تجکو نصیب
تو رکھہ سینہ مین نقش نعل حبیب

جو ہین اشک خونی وہ یاقوت فام — تو اوسنے یہ سینہ خزینہ مدام
سنا جبکہ یہ واقع شرّ و ضیر — کیا نوش جان اسکو ابن زبیر
تو ایسی بشارت ہوئی آشکار — کہ واصل نہو اوسکو زنہار نار
وہ نار جہنّم سے آزاد ہے — کہ داد خدا سے اسے داد ہے
تو پھر اسّے پوچھا بسے مردمان — کہ فرماؤ کیا طعم اسکا عیان
تو ہسطور سے پھر دیا یہ جواب — کہ اے سائل صادق پر صواب
حلاوت مین وہ شہد سے بیش بیش — وہ خوشبو مین تھا مشک سے بیش بیش

بھی وہ شرح جو بہرِ دین ہی سراج
وہ طبرانی و بیہقیٔ فخام
یہ راوی ہوئے جملہ اِسطور یہ
کہ مالک جو تھے بن سنانِ کبیر
وہ تھے اُحد کے جنگ مین باریاب
تو سنگِ جفا سے ہوا جب شہید
تو اُسنے اوسیوقت باشوقِ جان
یہانتک کہ اُسنے ہوا پُر دہان
اگرچہ کہا اوسکو بعضے کسان
تو اُسنے کہا قسم شاہِ جہان
یہ وہ خون کہ جسپر ہوا خون روا
یہ خون بجگون آہین ہرگز نہ چون
یہ ہی آبِ حیوان و ظاہر مین خون
یہ در چشمۂ شمس ہے آشکار
ہوا پھر یہ فرمانِ خیر الورا
کہ وہ نارِ دوزخ سے محفوظ ہے
جو چاہے کہ دیکھے وہ مردِ جنان
روایت کیا بغویٔ نامور
دگر دارقطنی جو عالی نظر

یہ ندر نور راوسے ہوا یہ زہ ہاج
سوا ان بزرگونکے دیگر عظام
باِسنادِ سالم بسے معتبر
یہ لاریب ہین بدرِ خدری شہیر
شہِ دو جہان کے وہ پائے رکاب
وہ دُردانہ دندانِ شاہِ وحید
کمید ہ کیا آب سے خونِ رگان
تناول کیا اوسکو پھر بیگمان
بریز آنچہ داری زخون درد ہا
نہ خونِ نبی خاک پر ہو روان
اسی خونیہ مین جان و دلسے فدا
جو از بیچگون اِسکو سمجھے نہ خون
خضر کو نہ اِسکا ملا رہنمون
وہ تھے قعرِ ظلمت مین حیران و زار
شفیعِ خلائق بروزِ جزا
وہ عینِ عنایت سے ملحوظ ہے
تو دیکھے اُسے جو یہ ابنِ سنان
وہ بزّار و طبرانیٔ ذی بصر
بھی وہ بیہقی حاکمِ معتبر

نہ توحیدِ ایزد کا ہے اعتبار — نہ جملہ عبادت کا ہے کچھ وقار
یہانتک کہ توحیدِ خیر الورا — منقش وہ ہو دلین سب بے امترا

جیوری کالاریب حرزِ جنان
وہ توحیدِ احمد یہ وردِ زبان

محمد محمد یہ مقصود ہے — خدا اسکا حامد یہ محمود ہے
یہ شانِ الٰہی نہ محدود ہے — نشانِ خدائی یہ معہود ہے
جنان اور جانکا یہ مسجود ہے — یہ باطن مین لاریب معبود ہے
بشر نامِ خیر الورا مستعار — حقیقت مین وہ نورِ پروردگار
تو نورِ خدا سے نہو زینہار — کوئی چیز ناپاک اے ہوشیار
اگر اُنسے ناپاک وہ بول و دم — تو دوزخ مین شاربِ سرتاقدم
چہ جائیکہ دوزخ سے محفوظ ہو — وہ عینِ عنایت سے ملحوظ ہو
وہ منکر بھی قائل بلاقیل وقول — کہ ہے منقلب عین وہ خون و بول
ہوئے متفق اسپہ جملہ فہام — کہ وہ منقلب عین ہین لاکلام
تو اُسسے ہوا انقطاعِ نزاع — نہ منکر کا باقی رہا کچھ خداع
کہ جس عین پہ حکمِ عدمِ طہور — وہی عین ہے منقلب در ظہور
توکسطور وہ عین اے ذیشعور — نہ معدود و مقصود ہو در ظہور
تو منکر کا جملہ جو ہے ادعا — ہوا منقلب عین بے امترا
ظبی نے جو کھایا وہ برگِ جنان — زدستِ صفی اللہ اے نیکدان
تو اوسسے ہوا مشکِ نافہ ضرور — وہ خونِ ظبی سے ہوا بے فتور

یہ ہے خاصۂ سید المرسلین
کہ وہ منقلب عین ہے بالیقین

اسیطور سے بول خیر الورا
وہ ہے منقلب عین بے امترا

اسیطور سے غائط مصطفا
وہ تھا منقلب عین اے باوفا

زمین بلع کرتی وہ بول و براز
نہ ماہر کوئی اوسے از اہل راز

صحابہ نے اسمین کیا جست جو
تو پائی معطر وہان ایک بو

دم و بول خیر الورا اے فہام
ہوا ور صحابہ تبرک مدام کے

کیا جسنے اسمین کبھی گفتگو
تو وہ گفتگو ہے بلا جستجو

نہ ہے پاک دل وہ نہ ہی پاک جو
نہ ہی اوسمین ہرگز محبت کی بو

نہ ہی علم زندہ سے اوسکو نصیب
نہ ماہر ہوا وہ ز قدر حبیب

خیوری نہو جسکو تعلیم رب
تو کیا اوسکو حاصل ز تعلیم اب

وہ تعلیم بے حرف و بے صوت ہی
نہین سہو اوسمین نہ کچھ فوت ہی

وہ ہر وقت ہر جا یہ ہمراہ ہے
جو ہی اسکا منکر وہ گمراہ ہے

جو مشہور تفسیر اتقان ہے
تو اسطور اسمین یہ تبیان ہے

کہ ہفتاد علمون سے ہووے لبیب
ولے علم ربی نہووے نصیب

تو وہ علم از بسکہ مردار ہے
کہ علم خدا سے نہ جاندار ہے

نہو مردہ علمونسے زندہ جنان
تو زندہ جنانسے وہ کب ازوان

تو زندہ ولانسے نہ زندہ جنان
تو کب شان احمد سے اسکو نشان

تو وہ شان جس دلپہ ظاہر نہین
تو وہ نور ایمان سے ماہر نہین

ہوئے نارِ دوزخ سے آزاد وہ رضائے الٰہی سے دلشاد وہ
کہ بزّار و بلقینیؔ نامدار یہ راوی ز ابنِ عمر آشکار
کہ بسطور فرمانِ خیرالانام درودِ خدا اونپہ ہر صبح و شام
کہ جس دم سے ہووے دمی کا وصال تو اوس سے نہو نار کا اتّصال
نہ اوس سے رکھے نار نہار کار کہ نارِ جہنم کو اوس سے فرار
یہ نجم المبین مین مفصّل بیان ولے مختصر یہ ہوا جو عیان
اگر اصل تعبیر درکار ہے یہ مشتے نمونہ زخروار ہے

کان لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدح من عیدان یوضع تحت سریرہ فسول فیہ من اللیل فبال فیہ لیلۃ ثم افتقدہ فلم یجد فیہ شیئاً فسأل برکۃ عنہ فقالت قمت وانا عطشانۃ فشربتہ فضحک وقال لن تلج النار بطنک ابدا ھذا الحدیث صحیح الزم الدارقطنی مسلماً والبخاری اخرجہ فی الصحیح اذ رجالہ کرجالھما فی الضبط والعدالۃ وغیرھما ورواہ ابن جریج وھو مجمع علی کونہ ثقۃ وھو اول من صنف الکتب فی الاسلام ورواہ الحاکم واقرالذھبی وغیرہ من اھل التنقید بصحتہ وھذہ البرکۃ ھی ام ایمن کانت تخدمہ صلی اللہ علیہ وسلم ومرضعتہ رواہ ابو داود وابن حبان وعبد الرزاق عن امیمۃ عن امھا وایضاً روی الحاکم والدارقطنی بسندھما بالاسناد الجید انہ صلی اللہ علیہ وسلم قام من اللیل الی فخارۃ فی جانب البیت فبال فیھا فلما اصبح قال یا برکۃ صبی فاھریقی ما فی تلک الفخارۃ فقالت قد واللہ شربتہ فقال لن تصیبک النار وصحۃ یا ام یوسف فما مرضت قط حتی ماتت قال فی خصائص تدریب البلقینی ان برکہ ام ایمن وبرکہ ام یوسف شربتاہ وشربہ واحد من الاحباب فکان تفوح الروائح منہ اطیب من المسک ومن اولادہ

بھلا جسّے پیدا ہوئے وہ جہان ۔ ہوئے خاکِ پا اُنکے اہلِ جنان

توکیونکر نہو مُشک سے فوقتر ۔ دمِ پاک اُس ذات کا اے پسر

وہ آ ہوئے اَحدیّتِ کردگار ۔ وودادِ خدا نافۂ مُشکبار

ہمہ اَنبیا بوئے خوش آشکار ۔ ازان نافۂ مُشکِ پروردگار

عقیدِ خیوری مَشامِ لَبِیب
اوسی نافۂ مُشک سے ہے مطیب

روایت کیا بیہقیئے شہیر ۔ بھی اُس رافعی نے بشرح کبیر

کہ بوطَیّبہ نام عالی وقار ۔ وہ حجّامِ دانا بسے دست کار

تو اوسنے نکالا بصد اِنکسار ۔ زجسمِ نبی خونِ یاقوت وار

تو باہر وہان سے ہوا اہلِ ریش ۔ کیا پھر نہان اوسکو در شکمِ خویش

تو پھر اُسّے پوچھا شہِ دوجہان ۔ کہ وہ خون کسجا کیا تو نہان

کیا عرض پھر اُسنے اسطور پر ۔ کہ اے میرے محبوب خیرُ البشر

گیا تھا مین اِس عزم سے بالیقین ۔ کہ پنہان کرون اُسکو زیرِ زمین

ولیکن یہ دلمین ہوا ناپسند ۔ کہ بر خاک ہو وہ دَمِ اَرجمند

تو سینہ یہ بیشک خزینہ ہوا ۔ وہ سینہ مین فورًا دفینہ ہوا

تو اسطور مژدہ ہوا آشکار ۔ نگہداشتی نفس خود را ز نار

تو نارِ جہنّم سے آزاد ہے ۔ دل و جسم زندہ تو دل شاد ہے

ملا شرف اوسکو ہوا باکمال ۔ مُعمّر ہوا یکصد و چہل سال

سفینہ دگر از صحابہ کرام ۔ مُشرّف ہوئے اُسّے اے نیکنام

طاهرة على احد الوجهين يقول العبد المسكين محمد خير الدين انه لا يخفى على المعمعة الهفوف
وجلى عند اللمع العروف ان عدم امر نبينا جد الحسنين صلى الله عليه وآله ملا احدا فعال
احدا ممن شرب منه وبوله الشريفين بغسل فمه وعدم نهى لعود الى الفضلتين ووجود
طعم العسل ورائحة المسك عند الفريقين وكون ذلك من قلب الاعيان باتفاق الكل فان
وكونه معدودا من معجزات سيد الثقلين وقطع نزاع الفقهاء بذلك الدليل الزين وتبرك
الصحابة بالبول والدم المكرمين برهان اظهر وابهر من النيرين على انهما طاهران
بريب المسترقين وتفصيل هذا في كتابي نجم المبين مع رد هواجس المنكرين والله يهدي
به الا الفاسقين وروى البيهقي عن سيدنا علي رضى الله عنه وذكر الرافعي في الشرح الكبير
وغيرهما من النجار بروفد شرب منه صلى الله عليه وسلم ابو طيبة ايضا فعاش مائة واربعين
سنة وسفينة مولى النبي صلى الله عليه وسلم

سنو دل سے اے منصفانِ کرام ॥ کہ متعسفین دائماً ہین لئام
دم و بولِ ذاتِ شفیع الانام ॥ ہوا اوسکا جس تن مین کچھ انضمام
تو وہ نارِ دوزخ سے آزاد ہی ॥ نعیمِ جنان سے وہ دل شاد ہی
ہوا جبکہ فضلات کا یہ مقام ॥ کہ ہو اُنسے نارِ جہنم حرام
تو آبا و اجدادِ خیر الورا ॥ ہمہ اُمہات رسولِ خدا
یہ سب حاملِ نورِ خیر البشر ॥ یہی نور تھا اونکا نور البصر
اسی نور سے جملہ مسرور تھے ॥ اسی نور سے رب کے منظور تھے
ملا اونکے خونمین وہ خونِ نبی ॥ رگ و ریشہ مخلوط لابد سبھی
تو کیونکر نہوا اونپہ نزد فہام ॥ وہ نارِ جہنم یقیناً حرام

الی بضع اصلاب وفی روایة الی سبع وروی البیہقی عن عمر بن السائب والطبرانی عن
ابی سعید الخدری عن ابیہ مالک بن سنان انہ شرب دم النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم
احد ومصہ اباہ فقیل اھرق قال لا واللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مس دمہ
دمی فلن تصیبہ النار روی الحاکم والبزار والبیہقی والدارقطنی والبغوی والطبرانی
وغیرھم رضی اللہ عنہم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم هاجر بہ الدم فحجمہ ابو طیبة فقال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم اشکموہ فاعطوہ دینارا وقال لابن الزبیر وارہ فتواری ابن الزبیر
فشرب الدم فبلغ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعلہ فقال ما انہ لا تصیبہ النار وفی روایة
لا تمسہ النار قال الشعبی فقیل لابن الزبیر رضی اللہ عنہ کیف وجدت طعم الدم فقال
اما الطعم فطعم العسل واما الرائحة فرائحة المسک وھذا من باب قلب الاعیان الذی عد من
معجزاتہ وبھذا سند فع نزاع الفقہاء قال العلامة علی القاری رحمہ اللہ الباری فی شرح الشفا
وغیرہ من العلماء ان رجلا قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابعد من المذھب فلما خرج
نظرت فلم ار شیئا ورأیت فی ذلک الموضع ثلاثة احجار التی استنجی بھن فاذا ھن یفوح
منھن روائح المسک فکنت اذا جئت یوم الجمعة المسجد اخذتھن فی کمی فتغلب رائحتھن
روائح من تطیب وتعطر وروی الدارقطنی فی الافراد عن عائشة رضی اللہ عنہا انھا قالت
قلت یا رسول اللہ اراک تدخل الخلاء ثم یجیئ الرجل یدخل بعدک فما یری لما خرج
منک اثرا فقال اما علمت ان اللہ امر الارض ان تبتلع ما خرج من الانبیاء قال ابن دحیة
ھذا اقوی ما فی الباب وسندہ ثابت واقرہ العلی القاری فی شرح الشفاء قال القاضی
عیاض رحمہ اللہ الفیاض فقد قال قوم من اھل العلم بطھارة ھذین الحدثین
قال الامام النووی فی الروضة ان بولہ ودمہ وسائر فضلاتہ صلی اللہ علیہ وسلم

تو اُسنے بلاریب لے اتقیا — حبیبِ خدا کی حقارت کیا
نہین بلکہ وہ موذیے کردگار — کیا اوسنے رنجیدہ پروردگار
وہ لاریب مُرتد مردود ہے — وہ مردود کیا بلکہ نمرود ہے

خیوری تو کر اُسکے حق مین دُعا
تو ہے داعیٔ اُمّتِ مُصطفا

خدایا تو کر اوسکا ایسا نصیب — کہ ہو اہلِ توفیقِ حُبّ حبیب
کہ ایمانِ اصلی یہی ہے جوان — کہ حُبّ محمدؐ سے ہو پُر جنان
کہ حُبّ محمدؐ سے حُبّ خدا — ہو یدا و پیدا بلا امترا
نہ حُبّ محمدؐ کا دل مین قرار — تو ہو اِسّے حبّ خدا کا فرار
جو حُبّ حبیبِ خدا ہو نصیب — تو حُبّ خدا سے جنان ہو لبیب
یہی حُبّ ایمان و عرفان ہے — اسی سے وہ رضوانِ جنّان ہے

قال الله تعالی قل ان کنتم تحبون الله فاتبعونی یحببکم الله و یغفر لکم ذنوبکم والله غفور رحیم
فمتابعة سید الثقلین اوفعت مکتنفة بین القطرین والاتباع من لوازم الحب لکامل
الزین فمحبة النبی مرکز المحبتین وقطب دائرة المودتین فمن ادعی حب الله رب المشرقین
بغیر حب حبیبه نور الدین صلی الله وسلم علیه ملأ الخافقین فدعواه صریح البطلان
وضیح الخسران لانه الادعاء بغیر البرهان والاجتراء بما لیس فی الامکان والله الموفق والمستعان

تو لازم کہ دل سے یہ تصدیق ہو — زبانسے یہ اظہارِ تحقیق ہو
کہ بیشک محمد حبیبِ خدا — وہ ہے وحدہٗ ذات بے امترا
نہ خلقت مین زنہار اُنکا شریک — وہ نورِ قدیمی وہ یکتا ملیک

وہ کیونکر نہون اہلِ دار السلام ۔ کہ ہین سابقین سے وہ جملہ عظام
وہ اہلِ یمین سے اَفاضل مدام ۔ وہ لاریب مقبولِ ربّ الانام
وہ اُس نور کے ہین مظاہر ضرور ۔ کہ لاریب جسّے خدا کا ظہور
ثناگوئے خود اوسکا پروردگار ۔ رضاجوئے احمد وہ لیل و نہار
ولیؔ و نبی جملہ رُسلِ عظام ۔ عَلَیہم صَلوٰۃِ خدا اُو سلام
ہمیشہ یہ چاہین خدا کی رضا ۔ رضائے محمّد کو چاہے خدا
جو انکی رضا ہے خدا کی رضا ۔ رضائے محمّد رضائے خدا
ہمہ طالبِ دیدِ رَبّ السما ۔ یہ ہے طالب دید خیر الورا
صَلوٰۃِ الٰہی پڑھین وہ کبار ۔ صلوٰۃ محمّد پڑھے کردگار
وہی نورِ ایمانکا لاریب نور ۔ وہی ذات ایمانکا ایمان ضرور
جہان وہ وہان پر وہ ایمان سدا ۔ کہ ایمان نہ اوسجا سے ہووے جُدا
نہ ایمان پہ جس شخص کا ہو مدار ۔ تو اوسجا نہ اوس نور کا ہو قرار
کہ ملزوم و لازم وہ بے اشتباہ ۔ حقیقت مین یک چیز وصفِ الٰہ
تو کیونکر نہ مومن وہ تھے اَتقیا ۔ کہو واللہ مومن وہ تھے اَصفیا
جو منکر ہوا اِسکا مغبون ہے ۔ نہ مغبون ہے بلکہ ملعون ہے
کہے وہ کہ معیوب خیر الورا ۔ اگرچہ وہ محبوبِ ربّ السما
کہ اُنکے نسب مین وہ اہلِ جفا ۔ کہ تھے کفر بھی شرک مین مبتلا
نہ بدتر کوئی شرک سے ہے جفا ۔ یہ جملہ جفا سے بسے پُر خطا
یہ سب عیب کا عیب چون ریسمان ۔ کرے بستہ جاروب کو بیگمان

نہین جسنے دیکھا حبیبِ خدا — وہ قرآن کو دیکھے بچشمِ صفا
کہ ہی عکس اونکا وہ نزدِ فحول — تو ہی دید اوسکی وہ دیدِ رسول
وے فرق دونوین ہی مستنیر — نہ مستور ہرگز وہ نزدِ بصیر
صفائیست در آب و آئینہ نیز — ولیکن صفا را بباید تمیز
مگس اوسپہ بیٹھے وے ایک جا — نہ انہر کہ ہین یہ حبیبِ خدا
کہ یہ اصلِ بس کچھ نہ انمین ہوس — تو کیون ہو مگس کو یہان دسترس
یہ بس اصل بس دو جہانمین یہ بس — یہ ہے بس کے بس حرمتِ ہر نفس
مگس کی جو ہے آرزو و ہوس — یہ اسسے منزّہ قدیمی نفس
مگس کا جو مسکن نہو وہ بدن — تو زنہار مشرک نہ اوسکا وطن
جو اوس جسم پر ظلمت یک مگس — نہ منظورِ حنّان اے خوش نفس
تو کسطور منظور پروردگار — کہ ظلماتِ مشرک مین ہو اسکا دار
نہین بلکہ جس تن مین اسکا وطن — وہ ایمان وطن مظہرِ ذو المنن
نہ تونے سنا ہی یہ اسے ذی فطن — نہ تا ذکا حرمین مین ہو وطن
سبکے مولد شافع المذنبین — دگر روضۂ سید المرسلین
جہان جلوہ گر ہو خدا کا یہ نور — تو ظلمت کا اوسجا نہووے ظہور
کہ روشن ہو مصباح در لیلِ تار — تو لاریب گھر اسسے ہو جیون نہار
تو جس تن مین ہووے سراجِ منیر — وہ نورِ قدیمی وہ نورِ قدیر
تو کیونکر وہ بیتِ وجود وجود — منوّر نہ زنہار بہرِ سجود
کہ ہی پدرِ آدم کا اوسجا وجود — ہوا آدم و آدمی اسسے بود

جو آبا و اجدادِ خیر الانام
نہ کچھ نقص انمین نہ کچھ عیب ہے
تو کہہ تیرا اسطور ایمان ہے
ترے دل مین احمد کی یہ شان ہے
اوسی پر تصدق یہ ایمان ہے

ہمہ اصفیا اہلِ دار السلام
نہ اونکی نظافت مین کچھ عیب ہے
دل و جان محمد پہ قربان ہے
کہ وہ نورِ ایمانکا ایمان ہے
یہ ایمانِ برہانِ احسان ہے

خیوری یہی تیرا اتقان ہے
کہ برہانِ ربی خدا شان ہے

نہ مذکور برہان یہ ایمان ہے
کہ شاید تجھے فیض بخشے دلیل
دلائل کو چھوڑے جو مردِ جلیل
دلائل سے روشن دلیلِ مگس
نجاست پہ بیٹھے کبھی وہ مگس
تو رب کو نہ ہرگز یہ منظور ہے
تو اوسپر کسیوقت بیٹھے مگس
وہ نورِ مجسم ز فیضِ قدم
وہی کنزِ مخفی کا فتاح ہے
وہ نبیونکے ارواح سے ہی لطیف
یہ وہ جسم ارواح جسکا بدن
اسی جسم کا عکس قرآن ہے

تو کچھ اور اندک یہ تبیان ہے
دلیلونکا طالب بسے ہی ذلیل
کہ ہر جا یہ لازم نہ طلب دلیل
نہو تو مگس وار اہلِ ہوس
نجاست کا طالب زبونتر زخس
کہ جسم حبیبی جو پُر نور ہے
کہ وہ مظہرِ حق منزہ نفس
ہوا حبِ ازلی سے یکتا جسیم
وہی جسم جانانِ ارواح ہے
لطافت مین یکتا خدا کا وصیف
وہ روح الٰہی جو جان بیش تن
یہی جسم قرآنکا برہان ہے

بعنداولی الابصار :: اور اِس وصل مین سے خوشخصال ذکر اہلِ فترت ہے بطریقِ اجمال :: اور یہ بیان کہ والدینِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ اجمعین ناجی و اہلِ جنان ہین بالیقین :: کما قال اللہ فی التنزیل اصولا :: وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا :: اور بیانِ عمر و ایمانِ قسّ بن ساعدہ و زید بن عمرو غیرہما نیز ہے آشکار علیہم رضوان اللہ الغفار اور یہ بیان کہ وہ جملہ اہل جنت ہین ایام فترت و جہالت مین :: پس اب کیا ریب ہے جنتی ہونے حاملانِ خاتمِ رسالت مین :: اور ناری ہونے منکرانِ اہلِ ضلالت مین :: ❊

سنو اے عزیزو بگوشِ قبول
که ہو تمسے راضی خدا و رسول

کہ جسکو خدا نے بصارت دیا
عنایت سے اہلِ بشارت کیا

اُسے یک اشارت سزاوار ہے
نہ دفترِ نذارت کا درکار ہے

جسے حق نے اہلِ ضلالت کیا
عدالت سے اوسکو جہالت دیا

بنا کمبلِ بخت اوسکا سیاہ
سیہ بخت اپنے سے ہے وہ تباہ

تو پھر زمزم و آبِ کوثر سے نیز
نہوگا وہ ابیض سمجھ اے عزیز

اگر تمکو حق نے کیا ہے بصیر
تو سورج کو دیکھو نہو تم ضریر

کہ عبداللہ ہے اسمِ پدرِ رسول
دگر آمنہ اُمِّ اہلِ وصول

تو یہ نامِ نامی گرامی مدام
یہی اسمِ سامی بصد احترام

نہ دنیا مین ہرگز ہوئے بالیقین
کسی کافرون مین مروج کہین

نہو کافرہ آمنہ اے رفیق
نہ عبداللہ کافر کا زنہار نام

وہ مسجودِ آدم کا مسجود ہے ‖ وہ معبودِ آدم کا محمود ہے

یہی بس خیوری کا مقصود ہے
اِسی سے خیوری تو مسعود ہے

قال فی الخصائص الکبریٰ وانموذج اللبیب وکشف الغمہ وغیرھا من زبر ائمۃ الامۃ لم یقرب جسدہ المطیف علیہ اطیب الصلوٰۃ والسلام اللطیف ولم یقع علی ثیابہ ذباب فطالمخالطۃ القاذورات فی بعض الاحیان قال فی شرح الحاوی ونزھۃ النفوس وحدائق الازاہر ان الصالح عبد اللطیف قدس اللہ سرہ الشریف قال کتبت سنین مصحفًا فکل لفظۃ وقع علیھا الذباب لا قولہ تعالیٰ ولا تقربوا مال الیتیم قال فی الفتوحات والکبریت الاحمر والتحبیر وروح البیان وغیرھا من زبر اھل الاتقان من اراد ان یری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ممن لم یدرکہ من امتہ فلینظر الی القرآن لا فرق بین النظر فیہ وبین النظر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فان القرآن انتشاء صورتہ الجسدیۃ یقال لھا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ شعر

ھُوَ الْقُرْاٰنُ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِیْ ‖ وَرُوْحُ الرُّوْحِ لَا رُوْحُ الْاَوَانِیْ

وتفصیل ھذا البراھین فی کتابی نجم المبین واللہ یھدی بہ المتقین ۔

درودِ الٰہی بر رسلِ الغفار ‖ حبیبِ خدا پر ہمیشہ نثار

بھی آل و صحابہ پہ باصد وقار
خیوری کا لابد یہی افتخار

وصل آٹھواں اس بیانین آشکار : کہ نام نامی اسم گرامی عبداللہ اور آمنہ زینہار : کسی کافر و کافرہ کا روئے زمین پہ نہیں ہوا درمیانِ کفار : کہ یہ مخالف ملتِ شرک ہے

نہ ہرگز کسی جا پہ ہے یہ نگار | نہ ہی قول ضعف سے بھی آشکار
کہ گاہی اونھون نے کیا سر کو خم | بطور عبادات پیش صنم
نہین بلکہ تھے وہ صنم کے صنم | صنم پیش اونکے بسر ہوئے خم
جو مسجود اصنام تھے آشکار | تو مسجود اونکے وہ لیل و نہار
ملائک نے جنکو کیا ہے سجود | وہ مسجود آدم ہوا جنسے بود
وہ عرش برین جنکا ہے خاک پا | یہ فرش زمین جنسے ہے بر سما
وہ تھے اونکے حامل بلا امترا | وہ ہین سر کعبہ وہ سر خدا
ہوئے جبکہ پیدا شہ انبیا | تو فی الفور کعبے نے سجدہ کیا
ز قد ہین احمد وہ کعبہ مطاف | کرے امت مصطفا کا طواف
توکیونکر نہون ساجدین وہ صنم | لنور حبیبی جو فیض قدم
قدم سے قدم اونکا ہے باکرم | تو جملہ خلائق پہ ہے وہ قدم
لہذا قسم کھائے خود وہ خدا | بخاک کف پائے خیر الورا

خیوری نہ کیونکر وہ کھائے قسم
کہ سر قدم ہے وہ سرو قدم

جو ہی زمرۂ انبیائے کرام | علیہم صلوٰۃ خدا و سلام
وہ نور محمد پہ دائم نثار | وہ اس شمع پہ جملہ پروانہ وار
ولے والدین شفیع الورا | نبی کو نہ ان پاس بھیجا خدا
کہ ظاہر مین دعوت کرے وہ بیان | کرے حکم اسلام اونپر عیان
اگرچہ وہ رویا مین آتے مدام | فدا جملہ اونپر بصد احترام

نہ نسبت کرین عبد کی مُشرکان | سوئے اسم ذاتی کبھی اے جہان
کہ ہی یہ منافئ شرکِ لِئام | تو کافر کا ہرگز نہ عبداللہ نام
سوا اہلِ توحید یہ نامِ پاک | کسیکا نہ زنہار بر روئے خاک
اگر ہو یہ مقبول در مشرکین | تو مشرک نہ زنہار وہ بالیقین
کہ معنائے توحیدِ ربُّ العباد | یہی کلمۂ طیبہ سے مُراد
کہ تصدیقِ یکتا سے روشن جنان | ادا ہو یہ مضمون اے نیکدان
کہ معبودِ حق سے نہو انحراف | عبودیتِ عبد کا اعتراف
وہی یکتا معبود معبود ہے | نہ کوئی سوا اوسکے مسجود ہے
پرستش بتونکی جو ہے در انام | سراسر وہ باطل نہ اسمین کلام
خدا کے سوا جو کہ معبود ہے | وہ معبودِ باطل نہ مقصود ہے
یہی نام عبداللہ سے آشکار | نہین اسمین کچھہ فرق اے ہوشیار
کہ اللہ وہ معبود حق بالیقین | سوا اوسکے معبود ہین باطلین
عبادت کے لائق وہ یکتا خدا | وہی خالقِ جملہ ارض و سما
ہوا عبد پھر اوسکی جانب مضاف | تو تخصیص ظاہر ہوئی صاف صاف
کہ یہ عبد اوسکا وہ معبود ہے | یہ ہی اوسکا ساجد وہ مسجود ہے
اوسیکا یہ ہے عبد بے اشتباہ | نہ اوسکے سوا اِسکا دیگر اِلٰہ
تو تخصیص بھی حصر دونو یہان | ہوئے اوس سے اظہر بروشن بیان
وہ عبداللہ و آمنہ پارسا | رضائے خدا اونپہ صبح و مسا
نہ کرتے وہ زنہار گاہے سجود | کسی چیز کو جو عدم سے ہی بود

ازانجملہ ہین وہ آبیِ امام — وہ طمطام حفاظ عالی ہمام
کہ در شرح اکمال اُنسے بیان — وہ ہے شرح مسلم نہو بدگمان
جلالِ سیوطی جلیل المقام — ہوئے معترف اُسکے اے نیکنام
بسے جائے اُنسے وہ بالبینات — ازانجملہ ہے وہ بسبل النجات
وہ حرمین کے جو امام ہمام — تو برہان مین اُنکی برہانِ تام
غزالِ غزالی وہ منخول مین — بھی ہر رازِ رازی وہ محصولین
کیال الہراسی بسے نامدار — بھی تعلیق اونکی مین ہر آشکار
دگر باقلانی جلیل البیان — بھی تقریب اُنکی مین ہر وہ عیان
جو ہین ابنِ سمعان اہل کمال — قواطع مین قاطع بھی اُنکا مقال
امام مناوی جو ہین بے نظیر — دگر قرطبی اور ابنِ منیر
سوا ان بزرگون کے دیگر عظام — ہوا اُنسے راضی خدائے انام
یہ چار و ائمہ سے ہین راویان — کہ سب متفق اسپہ ہین بیگمان
کہ جن پاس آیا نہ کوئی رسول — وہ ناجی بلاریب نزدِ فحول
یہ مذکور لابد ز اہلِ اصول — مفصل بیان ہو بوصلِ وصول
تو وہ والدینِ شفیع الورا — وہ ہین اہلِ جنت بلا امترا
نہ اُنسے ہوا کچھہ کبھی کفر و شین — ہمہ عیب سے پاک وہ نور عین
جو مذکور بالا ہوا اے فہام — ہوئے متفق اوسپہ جملہ امام
اگر اُس سے ہے منکرین کو فرار — تو ہے اُنکا مسکن وہ دار البوار

| کہ ہوجائے اِنکار کچھ آشکار | کہ جسپر مرتب دران دار نار |
| --- | --- |

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا الآیۃ

| | |
| --- | --- |
| یہ فرمانِ حنان اے کامیاب | کہ ہرگز نہ ایزد کرے کچھ عذاب |
| کسی پر مگر جسپہ بھیجے رسول | وہ پھر اُنکی دعوت کرے ناقبول |
| تو ہو اُسپہ تب حجتِ کردگار | وہ ہو لائقِ نارِ دارُ البوار |
| بسے آیتو نمین یہ روشن بیان | مُفصّل یہ نجم المبین مین عیان |
| کہو منکرو اسکا ہی کیا جواب | جوابِ مجیبانِ اہلِ صواب |
| کہ جملہ دلائل جو مذکور ہین | نصوص قویہ سے مسطور ہین |
| کرین فرض گر اونکو اہلِ خطا | کہ ثابت نہین اُنسے وہ مدعا |
| تو اُس قول سے جو مذکور ہے | وہ اِسرائے سورہ سے مسطور ہے |
| تو ہی اہلِ فترت کی اُسسے نجات | یہ اَظہر مِنَ الشمس بِالبیّنات |
| وہ ہین تیرہ اقسام جملہ ضرور | تو جیسے اُنسے لاریب اہلِ سرور |
| تو اُنسے نہ بتکو ہوا ہے سجود | نہ کچھ کفر اُنسے ہوا در وجود |
| تو لابد یہ ناجی یہ اہلِ صواب | یہ جنت مین جاوین بلا ارتیاب |
| نہ اِنپر کرے حق تعالیٰ عذاب | یہ مقبولِ ایزد یہ اہلِ ثواب |
| تو وہ والدینِ شفیعُ الورا | ازین جملہ افضل بلا اِمترا |
| ہوا جنسے کچھ کفر و شرکِ جلی | بطوریکہ مذکور ہوئے ولی |
| تو یہ اہلِ فترت معذب تمام | نصوصِ صریحہ سے ہین یہ مرام |
| ہوئے متفق اسپہ اہلِ لباب | جو منکر ہوا اسکا اہلِ عقاب |

نفیل وعمرو بن الظرب وقیس بن عاصم وصفوان بن ابی امیۃ وزھیر بن ابی سلمی وغیرھم

فانھم اصحاب الجنۃ باتفاق ائمۃ الامۃ وان ابویہ صلے اللہ علیہ وسلم افضل من ھذا

القسم طاھران من دنس الشرک ومما کان علیہ اھل الجاھلیۃ وکذلک سائر ابائہ

وامھاتہ صلے اللہ علیہ وسلم لم یدخلھم کفر کلھم اصحاب الجنۃ والثانی من اشرک ولم

یوحد وشرع لنفسہ فحلّل وحرّم وھم الاکثر ورئیسھم عمرو بن لحی بن قمعۃ بن الیاس

وھو اوّل مَن سنّ للعرب عبادۃ الاصنام وبحر البحیرۃ وسیّب السائبۃ ووصل الوصیلۃ

وحمی الحام وغیر ذلک وھذا القسم اھل التعذیب لاجل الشرک والثالث من لم یشرک ولم

یوحد ولا دخل فی شریعۃ نبی ولا اخترع لنفسہ دینا بل بقی مدۃ عمرہ علی حالۃ غفلۃ

عن ھذا کلہ وانھم اھل الفترۃ حقیقۃ وھم غیر معذّبین اتفاقا بین الائمۃ من اھل السنۃ

ھذا ملخص ما فی الاکمال شرح صحیح مسلم وسبل النجاۃ والمستصفی والمنخول ومرآۃ الیقظان

والبرھان والتعلیق والقواطع والتمھید والتقریب ومنح العلامۃ علی القاری والزرقانی

علی المواھب واسرار التنزیل والمحصول وغیرھا من زبر الفحول قال فی فتح الباری وقس بن

ساعدۃ الایادی اوّل مَن آمن بالبعثۃ من اھل الجاھلیۃ واول مَن اتکا علی عصا فی

الخطبۃ واول مَن قال امّا بعدُ واول مَن کتب من فلان الی فلان وعاش ستمائۃ سنۃ

وکان خطیبا حکیما حاذقا لہ نباھۃ وفضل ذکرہ المرزبانی رحمہ اللہ واخرج ابو نعیم

فی الدلائل عن بن عباس رضی اللہ عنہم ان قس بن ساعدۃ کان یخطب قومہ فی

سوق عکاظۃ فقال فی خطبتہ سیُعلم حق من ھذا الوجہ واشار بیدہ نحو مکۃ قالوا

لہ وما ھذا الحق قال من ولد لوی بن غالب یدعوکم الی کلمۃ الاخلاص وعیش الابد

ونعیم لاینفد فان دعاکم فاجیبوہ ولو علمت انی اعیش الی مبعثہ لکنت اول من یسعی

ولیکن ہدایت بدستِ خدا

اعلم ایھا الصفی والمحب لوفی ان والدیہ صلے اللہ علیہ وسلم کانا علی التوحید والملۃ الحنیفیۃ وعلی انھما من اھل الفترۃ وزمن الفترۃ التی عم الجھل فیھا طبق الارض وفقد فیھا من یبلغ الدعوۃ علے وجھھا مع انھما قبضا فی حداثۃ السن من نحو ثمان عشرۃ سنۃ والعشرین تقریبا ومثل ھذا العمر لا یسع الفحص عن المطلوب فی مثل ذلک الزمان وحکم من لم تبلغہ الدعوۃ انہ یموت ناجیا ولا یعذب فیدخل الجنۃ وھذا مذھب لا خلاف فیہ بین ائمۃ الامۃ من اھل الاصول والوصول والفقہاء الفحول واستدلوا علی ذلک بعدۃ ایات منھا ما جاء فی التنزیل صولا وما کنا معذبین حتے نبعث رسولا ومنھا ما قال اللہ تعالی فی بیان انہ لا یعاقب قبل البعثۃ ولا یجزی ولو انا اھلکناھم بعذاب من قبلہ لقالوا ربنا لولا ارسلت الینا رسولا فنتبع آیاتک من قبل ان نذل ونخزی ومنھا ما قال اللہ فی سورۃ طسم تلک ایات الکتاب المبین ولولا ان تصیبھم مصیبۃ بما قدمت ایدیھم فیقولوا ربنا لولا ارسلت الینا رسولا فنتبع ایاتک ونکون من المومنین ومنھا ما قال اللہ فی ھذہ السورۃ وبہ استدل العالمون وما کان ربک مھلکی القری الی قولہ الا واھلھا ظالمون ومنھا ما قال اللہ فی سورۃ الشعراء تنبیھا للعاقلین وما اھلکنا من قریۃ الا لھا منذرون ذکری وما کنا ظالمین ومنھا ما قال اللہ قطعا لعذر الکفار حیث لا یجدون فی النار من نصیر وھم یصطرخون فیھا ربنا اخرجنا نعمل صالحا غیر الذی کنا نعمل ولم نعمرکم ما یتذکر فیہ من تذکر وجاءکم النذیر ومنھا ما قال اللہ فی عدم تکلیف الغافل فی کتابہ المصون ذلک ان لم یکن ربک مھلک القری بظلم واھلھا غافلون واھل الفترۃ فی اول التقسیم علی ثلاثۃ اقسام اولھا من ادرک التوحید ببصیرتہ کقس بن ساعدۃ وزید بن عمرو بن

جو ہین ابنِ عبّاس روشن ضمیر — وہ راوی یقیناً بطرزِ منیر
کہ سوقِ عُکاظہ مین وہ نیکدان — خطیبِ عرب تہا فصیحُ اللسان
کیا اُسنے خُطبے مین ایسا بیان — کہ حقِ حقیقت یہان سے عیان
اِشارت کیا سوئے مکہ بدست — تو سائل ہوئے اُستے پہر حق پرست
کہ حقّاً یہ حقّ حقیقت بیان — کرو تا بشارت یہ ہو بس عیان
تو اسطور سے پہر کیا آشکار — کہ جلوہ کرے صورتِ کردگار
لُوَیّ بنِ غالب کی اولاد سے — بُلاوے تمین حُسنِ ارشاد سے
سوئے قولِ اِخلاص و قولِ سدُاد — وہ ہی موجبِ عیشِ اَبدُ الآباد
صراطِ الٰہی یہ ہو مُستقیم — ملے بہشتے تمکو نعیمِ مقیم
کرے تمکو جب دعوتِ حق نما — تو فی الفور تصدیق لا و بجا
مجہے کاش کے گر یہ معلوم ہو — نہ زنہار یہ امر مفہوم ہو
کہ ایسی مجہے زندگی ہو نصیب — کہ ہو اُستے حاصل جمالِ حبیب
تو سبقت کرون سب سے پہلے ضرور — دل و دیدہ روشن کرون باسرور

خیوری سے ملے گر وہ قدم حبیب
زہے بخت عالی زہے یہ نصیب

تو کوشش کرون دل سے باصدقِ جان — چلون پہر بقدمِ جنان شادمان
گرون پہر قدم پر مین سجدہ کنان — قدم پر جبین ہو جبین پر یہ جان
کرون پہر یہ تسبیح وردِ زبان — یہ وِردِ زبان ہو بدردِ جنان
کہ سبحان ربّی منزہ یہ شان — یہ ہی لامکانی مکانین نشان

الیہ وروی الازدی وغیرہ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہم انہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم رحمہ اللہ قسا کانی انظر الیہ علی جمل اورق تکلم بکلام لا احفظہ فقال ابوبکر
الصدیق رضی اللہ عنہ انا احفظہ قال اذکرہ فذکرہ وزید بن عمرو بن نفیل والد
سعید بن زید احد العشرۃ وعم عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہم فانہ کان ممن طلب التوحید
وخلع الاوثان وجانب الشرک ومات قبل المبعث وروی بن سعد والفاکہی عن عامر
بن ربیعۃ انہ قال قال زید بن عمرو انی خالفت قومی واتبعت ملۃ ابراھیم واسمٰعیل
علیہما السلام وکانا یصلیان الی ھذہ القبلۃ وانا انتظر نبیاً من بنی اسماعیل علیہ السلام
یُبعث ولا اری انی ادرکہ وانا اومن بہ واصدقہ واشھد انہ نبی وان طالت بک
حیاۃ فاقرئہ منی السلام فلما اعلمت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بخبرہ رد علیہ السلام وترحم
علیہ وقال رأیتہ فی الجنۃ یسحب ذیولا ؛

یہ ہے فتحِ باری میں روشن بیان
کہ ہے مرزبانی سے ازبس عیان
کہ جو اہل فترت کے ہیں مردمان
تو ہے اُنسے بھی قس اہلِ جنان
مُصدّق وہ اوّل ہوا بیگمان
کہ بیشک محمد شہِ مُرسلان
کیا اُخذ خطبے میں اوّل عصا
اوسی قس حاذق نے ای باصفا
وہی اَمّا بعد سے اوّل کلیم
اوسی نے یہ اوّل کیا ہے رقیم
کہ ہوئے فُلا نسے فُلانکو عیان
فُلا نسے فلان تا بہ اصل بیان
رہا برس چھے سو بفضلِ خدا
وہ دنیا میں زندہ بصدق و صفا
فصاحت بلاغت میں یکتا لبیب
حکیم وعقیل واریب وخطیب
روایت کیا نیز بدرِ نُعیم
دلائل میں ایسا نہیں ہے بن غنیم

یہ فرمانِ جاحظ بسے آشکار | کتابُ البیان مین وہ لابدنگار

قال العلامۃ الجاحظ فی کتاب البیان وغیرہ من اھل الاتقان ان لقیس وقومہ فضیلۃ لیست لاحد من العرب لان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روی کلامہ وموقفہ علی جملہ بعکاظۃ وموعظتہ وعجب من حسن کلامہ واظہر تصویبہ وھذا اشرف تعجز عنہ الامانی وتنقطع الامال وانما وفقہ اللہ المتعال ذلک الفضل والکمال لانہ کان یحب حبیب اللہ العلام علیہ اطیب الصلوۃ والسلام بخلوص الجنان والصدق التام ومن ثم کان خطیب العرب قاطبۃ فی تلک الایام ؞

کہ قیس و قبائل جو اُسکے تمام
فضیلت مین یکتا وہ عالی مقام

کہ راوی ہوئے قس کے مصطفا
بھی صدیقِ اکبر بلا امترا

کہ سوقِ عکاظہ مین وہ نامدار
ملیحُ البیان شتر پر ہے سوار

بیان اوسکا لابد کلامِ عجیب
کہ تھا واعظِ حسنِ حبِّ حبیب

کلیم کلامے زہے پرصواب
خلوصِ جنان اوسکا لبِّ لباب

جو حبِّ محمد سے اوسکو نصیب
تو یکتا وہ جملہ عرب مین خطیب

وہ توفیقِ ایزد سے تھا سرفراز
کہ حبِّ حبیبی سے تھا اہلِ راز

خیوری نہ کیونکر وہ اہلِ جنان
جنانِ محبت سے اُسکا جنان

عمر کا پسر تھا جو زید رشید
وہ لاریب مومن وہ زید سعید

یہ عشرہ سے لاریب ہین بگمان
ہوئے جو مبشر وہ اہلِ جنان

یہ ہین عم فاروق اے نیکدان
نہ عابد صنم کے کبھے وہ جوان

وہ مطلق مقید مین ہے جلوہ گر — نہ طاقت کہ دیکھے اسے چشم سر
مگر دیدۂ دل سے اب کر نظر — تو شانِ خدا تجھپہ ہو جلوہ گر
کرے جب وہ مرآت مین خود نظر — تو خود کو وہ دیکھے ز نور البصر
وہی عینِ انسا مین ہے مستقر — وہ رائی وہ مرئی نہ چیزے دگر
محمد محمد وہی آشکار — سوا اونکے دیگر نہ کوئی نگار
وہی ذات ہر پرتوِ نور و نار — وہی نار گلزار بے دود و خار
وہی عندلیبِ گلِ احدیت — وہی ہے گلِ خندۂ صمدیت
وہ جانانِ یکتائے جانِ عظام — وہ معشوقِ یکتائے ربّ الانام
وہ محمودِ یکتائے محمود ہے — وہ مسجودِ آدم کا مسجود ہے

خدائے غیوری وہ مقصود ہے
جنان اور جان کا وہ معبود ہے

وہ علامہ ازدی جو راوی ضرور — سوا اونکے دیگر جو اہلِ شعور
تو یہ بو ہریرہ سے ہین راویان — کہ اسطور فرمانِ شاہِ شہان
کیا قس پہ حق نے رحمت نثار — کہ تھا حبِّ احمد مین وہ اشکبار
مین کیا دیکھتا ہون جو قس لبیب — وہ ہی جملِ اورق پہ عالی خطیب
کیا اوسنے اسطور سے کچھہ بیان — کہ مجکو نہین یاد اوسکا نشان
تو صدیق نے عرض کی با نیاز — کہ اے شاہِ کونین بندہ نواز
مجھے یاد ہے اوسکی جملہ کلام — تو ایسا ہوا امرِ خیر الانام
کہ اسکو تو اب کر مفصل عیان — کیا آپنے پھر وہ روشن بیان

کہ ہوا سپہ رحمت خدا کی نثار
سلامت کرامت سے وہ کامگار

کہ دیکھا ہین جنت مین وہ نامدار
خرامان خوشی سے بعز و وقار

خبوری نہ کیونکر وہ اہل جنان
کہ تہا حب احمد سے روشن جنان

سنو دل سے اے منصفان کرام
کہ ہو تم سے راضی شفیع الانام

کہ وہ ذکر بالا جو مذکور ہے
فوائد سے لاریب پرنور ہے

ازانجملہ یہ امر از بس عیان
کہ تھے اہل فترت ہین اہل جنان

وہ تھے اہل توحید پروردگار
مصدق نبوت کے لیل و نہار

اگرچہ نہ اسوقت مین تھا نبی
نبی کی وہ امت ہین بیشک سبھی

بصیرت دیا اونکو پروردگار
کہ نور نبوت پہ تھے جان نثار

ز نور نبی تھے مصدق بجان
لہذا ہوئے جملہ اہل جنان

نہین دیکھتا یہ تو قرآن مین
کہ قید اولوا العلم اس شان مین

تو اسکی یہ برہان برہان مین
تو پڑھ قول ربی یہ فرقان مین

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

اولوا العلم فرمان پروردگار
کہ وہ اہل فترت جو ہین در نگار

تو ہون اہل توحید و اہل جنان
وہ ناجی بلاریب جملہ جہان

اولوا الایمان اسمین نہ مذکور ہے
کہ ایمان ہین یہ قید مسطور ہے

کہ اقرار توحید ایزد عیان
بقول نبی ہو نہ از فکر جان

تو منکر ہوا جو کہ اقرار سے
تو لابد معذب وہ ہو نار سے

کہ تھا شرک و مشرک سے انکو فرار
وہ از اہلِ توحیدِ پروردگار

وہ تھے عاشقِ سیدِ انس و جان
فدا جان و دل سے بصدقِ جنان

ولے پیشِ بعثت ازین دارِ زور
روانہ ہوئے سوئے دار السرور

روایت کیا خاکہی نے ضرور
دگر سعد کے ابن اسے ذیشعور

زعامر جو ابنِ ربیعہ کا نام
کہ مجھسے کیا زید نے یہ کلام

کہ خالفت قومی بلا امترا
سبھی شرک انکے سے نفرت سدا

کہ کافی مجھے ہے یہ دینِ خلیل
کہ دینِ خلیلی وہ دینِ جلیل

یہ دینِ سماعیل دینِ جمیل ہے
یہ ہے نزدِ ایزد منوّر دلیل

بتوں سے وہ بیزار تھے اہلِ راز
یہی قبلہ اونکا برائے نماز

مجھے انتظاری یہ لیل و نہار
کہ ہوں خاتم الانبیا آشکار

وہ نسلِ سماعیل سے بیگمان
تو انپر تصدق یہ جان و جنان

ولے یہ نہ زنہار میرا نصیب
کہ دیکھوں مین اس چشم سے وہ حبیب

ولے اونپہ ایمان لایا بجان
کہ تصدیق اونکی سے ہوں شادمان

مین لاریب اس امر پہ ہوں گواہ
کہ حقًّا وہ یکتا حبیبِ الله

اگر زندگی سے تجھے ہو نصیب
کہ ہو تجکو حاصل جمالِ حبیب

تو میری طرف سے تو کیجو سلام
جنابِ مقدس مین با احترام

کہا عامرِ راوئے نیک نام
کہ جب مین کیا پیشِ خیر الانام

بیان زید کا اور اوسکا سلام
بصد انکساری و با عزِّ تام

تو اسطور فرمانِ شاہِ کبار
ہوا اسکے حق مین بسے آشکار

نہ ہو کفر اونکے ہین کچھہ اِشتباہ · ہوئے اہلِ دوزخ وہ روئے سیاہ
کرو فکر کچھہ دل مین ای حاسدین · رسولِ خدا کے نہو مُنکرین
کہ فترت مین لابد بسے مردمان · ز توحید و تصدیق اہلِ جنان
ولے والدینِ شفیعُ الانام · عَلَیہِ صلوۃِ خدا اُو سلام
نہون اہلِ توحید و اہلِ جنان · مَعاذَ اللہ جیسا کہین مُنکران
تو پھر کیا ہوئی وہ دعائے خلیل · دعائے سماعیل نزدِ جلیل
کہ ہو اُمّتِ مُسلِمہ سے رسول · بُنَیَّ سے لابد وہ اصلِ اصول
خلیلِ خدا نے کیا یہ دعا · کہ اے خالقِ مالکِ ہر سرا
رہے کلمۂ طیّبہ مُستدام · مِری نَسل مین تا بیومِ القیام
یکے بعدِ دیگر وہ مُومن ضرور · ہمیشہ الیٰ وقتِ یومِ النّشور
نہو اُنسے خالی کبھی یہ زمین · ز وقتِ خلیلی الیٰ یومِ دین
بھی ہین ذُرّیت جو دعائے خلیل · بھی دیگر جو ہے ذرّیت در دلیل
یُقِیمُوا الصَّلٰوۃَ جو ہے بیفتور · مُصَلّین جملہ وہ ہین بالضرور
تَقَبّل دُعائی کیا التجا · تو مقبول حق نے کیا وہ دعا
سماعیل کی نَسل مین وہ ضرور · ہوئے مُتّفق اسپہ اہلِ شعور
بھی لابد تَقَلُّبَکَ فِی السّاجدین · کلام الٰہی مین اے مُنکرین
جو یہ آیتین ہفت مذکور ہین · اسی مُدّعا پر یہ پُر نور ہین
کہ آبا و اَجدادِ خیرُ الوَرا · ہمہ اہلِ ایمان بلا امترا

خیوری یہی جملہ قرآن ہے

نہ اوس پاس آیا کوئی گر نبی — نہ اُسسے ہوا شرک ظاہر کبھی
شرایع سے دائم وہ غافل رہا — نہ کوئی ملا اوسکو ماہر سدا
تو اوسکو نہ زنہار ہووے عذاب — کہ فرمانِ حنّان یہ در کتاب

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا

ازانجملہ یہ فائدہ ہے عیاں — کہ قسّ و دگر جو کہ اہلِ جنان
وہ سب اہلِ فترت سے ہین ہیگمان — ہوئے مُتّفق اسپہ جملہ جہان
یہ ہے اُس مُطابق جو مرقوم ہے — اسی باب سے جو کہ معلوم ہے
کہ خالی نہین یہ زمین زینہار — کبھی سات مُسلم سے ای ہوشیار
وہ ہون اسسے زائد نہین کچھ فتور — ولے اِسسے کم کا نہووے ظہور
بھی ثابت ہوا یہ بلا اشترا — کہ خیرُ القرون سے وہ خیرُ الورا
بخاری سے جیسا وہ مذکور ہے — بھی دیگر کُتب سے وہ مسطور ہے
تو اَظہر من الشمس اِسسے ہوا — کہ بیشک وہ آبائے خیرُ الورا
مُسلمان وہ اہلِ جنان لاکلام — سلامِ خدا اونپہ لابد مُدام
نہو یہ تو لازم فسادِ کثیر — نہ پوشیدہ ہرگز یہ نزدِ بصیر
کلامِ خدا و کلامِ رسول — کلامِ صحابہ جو اہلِ قبول
کلامِ اَئمہ جو ہین وہ فحول — قیاس جلی جسپہ اہلِ وصول
یہ ہین چار اَحکامِ دین کے اصول — ہوئے مُتّفق اسپہ اہلِ نقول
تو انکارِ ایمانِ اصلِ رسول — جو ہین درحقیقت وہ اصلِ اصول
یہ لاریب اِنکارِ اَربعہ اصول — تو مُرتد ہین مُنکرانِ جہول

که ہے آمنه مادرِ مصطفا | درودِ خدا اونپہ باصد صفا
جو اِس نامِ نامی مین اسرار ہین | تو اُنسے محبین سرشار ہین
ازانجمله یه ہے که وه در اَمان | ہمه عیب سے نزدِ اہلِ دلان
دیا اَمن اونکو خدائے جہان | تو اُنسے ہوا اَمنِ اُمت عیان
جو تھا کنزِ مخفی سے اَمن وامان | وہی آمنه کا ہوا جانِ جان
نه با اَمن گر آمنه کا وجود | که جسّے ہوئی جمله خلقت کی جود
تو اجماعِ ضدّین ہوتا ضرور | یه مخفی نہین نزدِ اہلِ شعور
که جس تن مین لابد حبیبِ خدا | جو ہین رحمتِ اہلِ ارض وسما
معاذ الله ہو وه تنِ اہلِ نار | نہو اُسپہ رحمت خدا کی نثار
تو بے اَمن با اَمن ہو ایک جا | نه یه لائقِ شانِ خیر الورا
که بے اَمن تن مین رہے اَمنِ جان | وه اَمنِ اَمان و وه اَمنِ جنان
وه ایمان بنا اَمن سے بیگمان | یه ہے اصل وه شاخ نزدِ مہان
بھی آمن سے مومن نه ہین فتور | ہوئی مومنه آمنه سے ضرور
نہو آمنه آمنه از عقاب | تو اُمت نہو مومنه از عذاب

قال فی بدیع المثال ومنیع المنال ان الایمان افعال من الامن ضد الخوف یتعدّی الی مفعول واحد وبالهمزة الی مفعولین تقول آمنت زیداً عمرواً بمعنی جعلته آمناً منه ثم استعمل فی التصدیق مجازاً لغویاً لاستلزامه ما هو معناه فانك اذا صدّقت احداً آمنته من التکذیب فی ذلك التصدیق انتهی قال فی روح البیان وغیره من زبر اهل الاتقان ان الامن طمانیة النفس وزوال الخوف والایمان هو ضد التخویف کما فی قوله تعالی وآمنهم من خوف والتصدیق بالقلب لان المصدّق

کہ تنزیہِ ربّی یہ ایمان ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَعَلٰی آبَائِہٖ وَاَبْنَائِہٖ السَّابِقِیْنَ الصَّادِقِیْنَ ؞ ؞

درودِ الٰہ ہر حبیبِ خدا
بھی آلِ نبی پر الیٰ یومِ دین

بھی اونپر جو آبائے خیر الورا
کہ لاریب یہ جملہ ہین سابقین

وصل ناوان اس بیان مین اے نیکنام ؞ کہ والدہٗ ماجدہٗ جنابِ سیدِ الرسلِ العظام ؞ علیہ اطیب الصلوۃ وازکی السلام نزدِ ائمۂ اصحابِ سنّہ مومنہ ہین علی الدوام ؞ اور اِس بیان مین کہ اونکا وجودِ پُر جود نعمتِ عظیمہ رحمتِ فخیمہ ہے لاکلام ؞ اور اس وصل مین وہ بعض اشعارِ پُر اسرار ہین جو آپنے وقت انتقال اونکو انشا فرمایا ؞ اور اونمین بیانِ حقیقتِ دین اسلام اور مذمتِ پرستشِ اصنام اور بعثتِ سیّد الانام اظہار مین آیا ؞ اور ذکر گریۂ جنّیان اُس عصمت دثار عفت شعار کے انتقال پر ؞ اور سماعتِ ابیاتِ مرثیات اُس مرحومہ کے انتقالِ پُر ملال پر رضی اللہ عنہا وعنّا بحرمتہا ؞

دلا کر بیان کچھہ بمدحِ حبیب
اوسے جو کہ ہے منکرِ مصطفا
حسد کی حرارت سے ہو وہ حریق
خدایا اوسے بخش سمعِ قبول

کہ ہو آپسے شاید ہدایت نصیب
جہالت ضلالت سے وہ پُر جفا
وہ بحرِ غوایت مین ہازبس غریق
سُنے حق نہ زنہار ہو وہ ملول

کہا اوسکو بیتی خدا ایکبار
کہ ہو پاک بہر طواف کبار

کہا اسکو یا عبدی ہفتاد بار
یہ ہے مسکن ذات پروردگار

وہی خانۂ برّ ابرار ہے
یہی خانہ سرّ اسرار ہے

وہی خانہ ہے کعبۂ اتقیا
یہی خانہ ہے کعبۂ کبریا

جہان مصطفا ہو وہان پر خدا
جہان پر خدا ہے وہان مصطفا

خدا مصطفا سے نہووے جدا
جدا اب مجتبیٰ سے نہووے خدا

توکیونکر نہو مسکن مصطفا
فضیلت مین برتر ز عرش علا

وہ کعبے سے افضل بلا اشتبا
کہ لاریب ہے وہ مطاف خدا

یہان مصطفا اور خود وہ خدا
وہان کعبہ و عرش جو خاک پا

یہی اسکی اظہر دلیل مبین
کہ شرف المکان بشرف المکین

ہوئی شرف کعبہ و عرش برین
زپائے حبیبی شہ مرسلین

لآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ الآیۃ

قال فی المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ قولہ تعالی وَاَنْتَ حِلٌّ ھو من الحلول ضد الظعن یعنی من الاقامۃ ضد الارتحال فاللہ سبحانہ قید الاقسام بحلولہ صلے اللہ علیہ وسلم فیہ اظہاراً لفضیلتہ واشعاراً بان شرف المکان باھلہ قال الشارح الزرقانی علیہ الرضوان الربانی اقام البلد الظاھر مقام المضمر فلم یقل وانت حل بہ استعظاماً لحلولہ فیہ فالمعنی اقسم بھذا البلد والحال انک مقیم بہ فالاقسام بہ لشرفک وعظمتک عندی قال فی المواھب ھذا متضمن للقسم ببلدہ صلے اللہ علیہ وسلم ولا یخفی ما فیہ من زیادۃ التعظیم حیث اقسم بقید کونہ فیہ دفعاً للتوھم بان المکان اشرف وان شرفہ

یومن المصدق ای یجعلہ آمنًا من التکذیب فالمومن یومن نفسہ من العذاب واللہ تعالیٰ مومن لانہ یومن عبادہ من عذابہ فضلًا انتہی ملخصًا قال فی الصراح امن امان ہمی یقال امنت فانا آمن ایمان بے بیم گردانیدن وگرویدن ومومن یکے از نامہائی خدائے عزوجل آمن کندہ وگروندہ بخدا تعالیٰ انتہی وللہ در العلامۃ الدمیاطی رحمہ اللہ العلام حیث قال فی ابویہ علیہ الصلوٰۃ والسلام شعر

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ اَحیَا لِلنَّبِیِّ اَبَاہُ رِلّٰہٖ | اِیمَانِ وَالاُمَّ الاَمِینَۃَ آمِنَہ |
| فَھُمَا غَدَا اٰمَنَ اٰلِہٖ مَعَ صُحُبِہٖ | فِی فِرقَۃٍ مِّن خَوفِ نَارِ آمِنَہ |

کہ جس تن مین نام نبی کا قرار ۔۔۔ تو ہونا ہے دوزخ کو اُسّے فرار

ہوا اِسم سے نار کو جب فرار ۔۔۔ تو نزد مسمّٰی اوسے کب قرار

نہین بلکہ یہ اعتقادِ عظام ۔۔۔ اسی پر وہ فقہائے اُمّت تمام

کہ جس جائے خود رحمتِ عالمین ۔۔۔ وہ ہے مسکن سیّد المرسلین

تولا بد وہ افضل ز عرش برین ۔۔۔ اگرچہ وہ مسکن ز فرشِ زمین

وہ ہے مسکن جو افضل ز عرشِ عظیم ۔۔۔ کہ ہین اوسمین ساکن رؤف ورحیم

وہ نور خدائی وہ نور رشد تمام ۔۔۔ وصیفِ خدا وہ بخلقِ عظیم

تو کیونکر نہ افضل ز عرش عظیم ۔۔۔ وہ شکمے کہ جسمین رسولِ کریم

یہ شکم برین و وہ فرش زمین ۔۔۔ بسے فرق ان دو مین اے دوربین

اسیطور سے مسکنِ مصطفا ۔۔۔ بھی ہے کعبے سے افضل بلا امترا

یہ کعبۂ خلیل و وہ ہے کعبۂ جلیل ۔۔۔ وہ ساجد یہ مسجود ربّ الخلیل

کیا اوسکی تعمیر لابد خلیل ۔۔۔ کیا اِسکی تخمیر بیشک جلیل

قال اللہ تعالیٰ حتی آدم استغناحا خمرت طینۃ آدم بیدی اربعین صباحًا ھکذا فی التحریر والتحبیر

حتی علی العرش والکعبة المنیفة وان الخلاف فیما عداه وقد نقل عن العلامة ابن عقیل رحمه الله الجلیل ایضا ان تلك البقعة افضل من العرش وقد وافقه السادة البکریون علی ذلك وصرح التاج الفاکهی بتفضیل الارض علی السموات لحلوله صلی الله علیه وسلم بها هذا ملخصا فی نجم المبین والله یهدیه المتقین

لہذا یہ فرمانِ پروردگار | کہ اے باعثِ خلق ہے نور و نار
جو انکار از منکرِ نابکار | سیہ روئے بدخوئے بے اعتبار
وہ باطل وہ عاطل وہ ہے پر ضلال | تو ہے در پاک اُس سے جو اسکا خیال
قسم مجکو اِس شہر کی ای رسول | کہ جسمین کیا تو نے لا ابد حلول
یہ تیرے قدم سے ہوا ایسا حسین | یہ ہے آمنا اوسکے لے نازنین
جو ہے خاک نعلینِ خیر الوریٰ | قسم کھائے اوسکی وہ ربّ السما
نہ غیرت کا ہرگز یہ ہے اقتضا | کہ دائم قسم کھائے تیری خدا
بعمرِ نبی ہے یہ اس حبیب | نہ ہی اسمین تعظیم ایسی نصیب
کہ جسطرح با خاکِ نعلین سے | کہ نعلین افضل ز کونین ہے
لہذا قسم کھائے ربّ العلا | بخاکِ کفِ پائے خیر الوریٰ
جو ہے خرمنِ آمنہ پر امان | وہ ہے خوشہ چین اوسکے در دو جہان
جو قدمین تیرے سے حرمین ہین | وہ دونو جہانمین شریفین ہین
ملا تیرے قدمون سے انکو نصیب | ہوا کعب کعبہ ز کعبت کعیب
صفا کو دیا تو نے صدہا صفا | بھی تیری مروّت سے مروہ ہوا
جو ہے چاہ زمزم مین تیری وہ چاہ | تو وہ چاہ تیری ہے اہلِ چاہ

صلے اللہ علیہ وسلم مکتسبۃ منہ وقد روی ان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال للنبی
صلی اللہ علیہ وسلم بابی انت و امی لقد بلغ من فضیلتک عند اللہ ان اقسم بتراب قدمیک
فقال لا اقسم بہذا البلد وہذا القسم ادخل فی تعظیمہ من القسم بذاتہ وبحیاتہ صلی اللہ
علیہ وسلم انتہی قال فی التحبیر وروح البیان وغیرہما من زبر اھل الاتقان لاشک ان
الکعبۃ عند اھل الحقیقۃ اشارۃ الی مرتبۃ الذات الاحدیۃ وھی قد تجلت لرسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بجمیع اسمائہا وصفاتہا فکانت الکعبۃ صورۃ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم والحجر الاسود صورۃ ید الکریمۃ واما حقیقۃ سر الکعبۃ فذاتہ الشریفۃ ویمینہ
المبارکۃ صلے اللہ علیہ وسلم ومن ھنا نعرف ان الانسان الکامل افضل من الکعبۃ
وکذا یدہ اولی من الحجر الاسود ولما انتقل النبی صلے اللہ علیہ وسلم الی دار البقاء خلفہ
ورثتہ بعدہ فہم مظاھر ھذین السرین فلابد من تقبیل الحجر فی الشریعۃ ومن تقبیل
ید الانسان الکامل فانہ المبایعۃ الحقیقیۃ وھی عین المبایعۃ مع اللہ ورسولہ ولہ
قال علیہ الصلوٰۃ والسلام ان للہ عبادا تطوف بہم الکعبۃ قال فی البحر عن عدۃ الفتاوی
ان الکعبۃ اذا رفعت عن مکانہا لاصحاب الکرامۃ ففی تلک الحالۃ جازت الصلوٰۃ الی
ارضہا وھکذا فی التتارخانیۃ والفتاوی العتابیۃ وشرح الوھبانیۃ وغیرہا من الزبر
الدینیۃ وقد قال اللہ تبارک وتعالی ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ
فوق ایدیہم ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی
قال فی المنسک المتوسط والمسلک المتقسط والدر المختار وغیرہا من زبر الکبار ما ضم
اعضاءہ الشریفۃ فہو افضل بقاع الارض بالاجماع حتی من الکعبۃ والعرش ایضا
فقد نقل القاضی عیاض رحمہ اللہ وغیرہ الاجماع علی تفضیل ما ضم الاعضاء الشریفۃ

خیوری محمدؐ کی تجکو قسم
زکشفِ حقیقت تو کر اب رقم

نہ ماہر ہین اُسکے وہ سرِّ خدا
خدا جانے اونکو جو ہین مصطفا

محمدؐ حقیقت مین سرِّ قدم
قدم کی قسم ہے یہ سرِّ قسم

جو ہی دستِ محبوبِ خیرُ الورا
یدُ اللہ وہی ہے بلا اشترا

جو ہی عکس اونکا وہ یمن الانام
کہین حجرِ اسوَدُ اُسے خاص و عام

وہ یاقوتُ مرجانُ دُرِ شاہوار
جو از کنزِ احدیتِ کرد گار

حبیبِ خدا پر وہ جملہ نثار
یہی انکے لائق یہی افتخار

یہی ایک مقصود از کائنات
یہی ذاتِ یکتا وہ جملہ صفات

گدایانِ احمد جو در کائنات
ملا بعض کو اُنسے کچھہ جواہرات

خزینہ ہوا اونکا سرّ بنہ زنور
لٹا لیئے اسرار سے پُر سرور

گدائی سے اونکو یہ شاہی نصیب
جو شاہِ جہان وہ گدائے حبیب

ہوئے جبکہ وہ اہلِ دُرِّ یتیم
تو رُتبے ہین وہ فوقِ عرشِ عظیم

اگرچہ وہ کعبہ مطافِ کبار
ولے اونکا طائف وہ لیل و نہار

ہمہ حجرِ اسود کو چومین مدام
یہ چومے قدم اونکا با احترام

وہ قبلہ نما بہرِ قبلہ ضرور
مطافِ الٰہی وہ سرِّ سرور

جو ہے دید اونکی وہ دیدِ خدا
خدا دید اونکی سے ہو کب جدا

خیوری وہ ہین دیدۂ مصطفا
تو دیدۂ خدا ہین وہ دیدۂ خدا

نہوتا وہان آمنہ کا ظہور
نہ مولد کا ہوتا وہان پر سرور

تو ہرگز نہوتی دعائے خلیل
کہ یہ شہر ہو آمنا اے جلیل

نہ اُسطرف ہوتا وہ شدّ الرحال
نہ جاتے اُسیطرف لاکھون رجال

نہین بلکہ اوسکا نہوتا نشان
چہ جائیکہ ہو شہرِ دارُ الامان

نہوتا مدینہ وہ ہجرت کی جا
نہوتا وہان روضۂ مصطفا

تو ہوتا نہ وہ منظرِ کردگار
نہوے ملائک وہان جان نثار

جو ہی جائے روضہ زفرش تا زمین
نہوتی وہ افضل زعرش برین

جو ہے خاکِ پاکِ مدینہ حبیب
وہ کاملِ شفا ہے اگر ہو نصیب

وہ کحلُ البصیرت برائے ضریر
وہ کحلُ الجواہر برائے بصیر

دوائے دلِ دردمندان سدا
وہی جملہ امراض کی ہے شفا

وہ تیرے قدم سے مشرف مکان
کہ ہے لامکان مین قدم کا نشان

نہ تجکو کسی چیز سے افتخار
ولے اُسّے جو لامکان مین نگار

وہ فرمائے اسطور سے دمبدم
کہ با خاکِ پائے تو ما را قسم

یہ حبِّ الٰہی کا ہے اقتضا
کہ ہون قائلین اہلِ ارض و سما

کہ جو خاک پائے حبیبِ خدا
اوسیکی قسم کھائے ربُّ الورا

وہ کعبہ جو ہے عکس خیر الورا
یہی سرّ اوسکا یہ سرِّ خدا

اسی سرّ کو ساجدین کا سجود
یہی سرّ مسجودِ جملہ وجود

خدا کو اوسی خاکِ پا کی قسم
حبیبی کو اوسکی قسم دمبدم

نہ ماہر کوئی اسّے اہلِ حِکَم
یہ کسکی قسم کیا وہ سرِّ قسم

یہ وہ ابن سردارِ عالی ہمم — کہ جملہ سیادت کا جنپر ختم ہے
توئی سرِّ اسرار نورُ البصر — تو مبعوث ہی سوئے جنّ و بشر
توئی ہے رسولِ خدا لاکلام — تو لاریب یکتا نبیِّ الانام
کہ ہی تیرا مبعث وہ بیت الحرام — وہ ہو بعث تیرے سے عالیمقام
جو تحقیقِ اسلام و دینِ خدا — تو زندہ کرے اوسکو بین الوریٰ
جو دینِ خلیلِ خدائے انام — وہ ہے خیر دین نزدِ جملہ عظام
تو زندہ کرے اسکو بے اشتباہ — توئی خیر دین کی ہمیشہ پناہ
کیا تجھکو یہ حکم پروردگار — کہ ایسا نہ کیجو تو زنہار کار
کہ بت جسے موالات ہو آشکار — بتون بت پرستونکی اہی نامدار
کیا بت پرستی سے تجھکو نہی — کہ یہ دینِ اسلام لابد یہی ہے

ثم قالت کل حیٍّ میت وکل جدید بال وکل کبیر یفنی وانا میتة وذکری باقٍ وقد ترکت خیرا وولدت طهرا ثم رحلت من الدنیا رضی الله عنها فکنّا نسمع نوح الجن علیها فحفظنا من ذلک ابیاتا وهی هذه

کیا بعد ابیات ایسا بیان — کہ ہر ایک زندہ پہ مرگ عیان
کلان خورد جو کچھہ ہوا ہے پدید — وہ ہر ایک نابود ہوے لیے رشید
تو دنیا سے میرا ابھی ہو انتقال — سوئے دارِ برزخ بلاقیل و قال
ولیکن رہے ذکر میرا مدام — بصد خیر و خوبی بصد احترام
کہ دنیا مین ہی ذاتِ خیر الانام — ہوئے پاک پیدا وہ عالی مقام
یہی ذکر اونکا یہ آخر کلام — کہ ابنِ حبیبِ خدائے انام

روى ابو نعيم في دلائل النبوة من طريق محمد الزهري عن اسما بنت رهم يعني ام سماعة عن امها رضي الله عنهم انها قالت شهدت آمنة رضي الله عنها ام النبي صلى الله عليه وسلم في علتها التي رحلت بها عن الدنيا رضي الله عنها وسيدنا محمد صلى الله عليه وسلم غلام يفع عند راسها له خمس سنين فنظرت امه الى وجهه ثم قالت ؎

| | |
|---|---|
| جو حافظ محدث وہ بدر نعیم | وہ روشن مناقب نہ کچھہ اسمین غیم |
| نبوت کے جو ہین دلائل عیان | تو اوسمین وہ راوی ہوے بیگمان |
| کہ اسماے بنت رہم ایجوان | وہ از مادر خویش ناقل چنان |
| کہ وہ آمنہ مادر مصطفا | ہوا اونسے لاریب راضی خدا |
| ہوئی جبکہ آمادہ وہ خوش خصال | کہ دنیا سے لابد کرے انتقال |
| تو ہما خسرین اس مرض مین بآب | تو دیکھا یہ مین سب وہ احوال سب |
| کہ اوس وقت ہین وہ حبیب احد | کھڑے نزد مادر وہ چون سرو قد |
| تن نازنین انکا چون زر گنج | منور وہ در درج سالانہ پنج |
| تو مادر نے کی اوسکے رخ پر نظر | تو دیکھا وہ استادہ رشک قمر |
| تو فرمائے اوس وقت ابیات چند | از انجملہ یہ با دل دردمند |

| | |
|---|---|
| بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ مِنْ غُلَامِ | يَا ابْنَ الَّذِيْ مِنْ حَوْمَةِ الْحِمَامِ |
| فَاَنْتَ مَبْعُوْثٌ اِلَى الْاَنَامِ | تُبْعَثُ فِي الْحِلِّ وَفِي الْحَرَامِ |
| تُبْعَثُ بِالتَّحْقِيْقِ وَالْاِسْلَامِ | دِيْنِ اَبِيْكَ الْبَرِّ اِبْرَاهَامِ |
| وَاللّٰهُ اَنْهَاكَ عَنِ الْاَصْنَامِ | اَنْ لَا تُوَالِيْهَا مَعَ الْاَقْوَامِ |

| | |
|---|---|
| کہ بخش دیا مجکو رب السما | کہ پیدا ہوا مجھسے خیر الورا |

درود خدا بر شہ انس و جان
کرو دل مین انصاف ای منکرین
کہو کیا وہ توحید پروردگار
نہ توحید سے گر خبردار ہو
تو سن لو بیان اوسکا تم آشکار
کہ تصدیق دل سے یہ اقرار ہو
کہ ہے وحدہٗ خالق نور و نار
عبادت کے لائق وہ معبود ہے
صنم اور جو کچھ عدم سے وجود
جو سجدہ عبادت وہ مخصوص ہے
وہ جملہ شرایع جو دین خدا
نبی جملہ مقبول پروردگار
یہ مضمون جملہ جو توحید ہی
یہی آمنہ ماجدہ کی مقال
نہ اسکے سوا اُنسے کچھ آشکار
کیا اسم ذاتی کا اوّل بیان
کہا بارک اللہ سے فی ضرور
یہ برکت دیا مجکو ربّ الانام
کہا بعد اسکے بصدق جنان
بھی بر مادر و پدر آن نور جان
نہو تم جہالت سے مُتعسّفین
کہ ہون بندگان جتنے ایمان شعا
نہ ایمان سے کچھ حظ بردار ہو
اسی پر ہوئے متفق سب کبا
نہ اسکے سوا عکس کچھ کار ہو
منزّہ وہ شرکت سے پروردگار
نہ کوئی سوا اوسکے مسجود ہے
عبادت کے لائق نہ ہرگز وہ بود
خدا کے لیئے ہی وہ منصوص ہے
وہ ہین جملہ برحق بلا اشتبا
دل و جان سے ہو انپہ اُمت نثا
اسکی حقیقت وہ تجرید ہے
اسی پر وہ قائم تہی اُنکا حال
کہ ہو جتنے توحید مین اضطرار
کہ معبود برحق وہ ہی بیگمان
کہ جسے ہویدا ہوا نور نور
وہی ہی تبارک تعالےٰ مدام
جو تھا اونکو معلوم حق العیان

تو پھر طوع طیئے روح باصد خرام — خراماں ہوئی سوئے دار السلام
تو راضی ہوا اُس سے پروردگار — رضائے خدا اُنپہ دائم نثار
کیا راویہ نے دگر یہ بیان — کہ ہمنے سنا گریۂ جنیان
وہ پڑھتے یہ ابیات گریہ کنان — وہ بی بی پہ نالان بسوز جنان

نَبْکِی لِفَتَاۃَ الْبَرَّۃَ الْاَمِیْنَہ — ذَاتَ الْجَمَالِ لِعِفَّۃِ الرَّزِیْنَہ
زَوْجَۃَ عَبْدِ اللّٰہِ وَالْقَرِیْنَہ — اُمَّ نَبِیِّ اللّٰہِ ذِی السَّکِیْنَہ
وَصَاحِبِ الْمِنْبَرِ بِالْمَدِیْنَہ — صَارَتْ لَدٰی حُضْرَتِہَا رَہِیْنَہ
فَکُلُّنَا وَالِہَۃٌ حَزِیْنَہ — نَبْکِیْکِ لِلْعُقْلَۃِ وَالْمِسْکِیْنَہ

نہ کیونکر کریں گریہ ہم زار زار — نہ کیونکر یہ سوز دل پر فگار
بمیزان عقل ہمہ انبیا
نہ سنجیدہ ہو شفقت مصطفیٰ

بگوش محبت بعقل صفا
تو ہے بے وفائی مین اونکا وفا
خطا مین گرفتار صبح و مسا
نہ دیکھین وہ ہرگز ہماری خطا
یہ جہل امم یہ گنا ہے جسیم
مکان لامکان بعد مین ہے عیان
بمیزان ادراک اہل سما
کہ عقل وراسے وہ ہے ماورا

ربوبیتِ رب کے مظہر مدام — پدر ہائے طینی و دینی تمام

وہ ہین اصل تو شاخ اُنسے ضرور — وجودِ پدر سے ہوا یہ ظہور

مُخالف نہو اصل کا زینہار — کہ شاخِ مخالف سزاوارِ نار

وہ تیرے مُربّی وہ تجپر نثار — تو مربوب اونکا بصد اختیار

تو اونکی رضا ہی رضائے خدا — خدا کی رضا ہے جو اُنکی رضا

کرین امر تجکو اگر وہ کرام — معاذ اللہ کر معصیت کا تو کام

تو اسمین نہ طاعت تو کر زینہار — اسیطور فرمانِ پروردگار

وَاِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا الآية

کرین جہد اسطور گر وہ کرام — بکن شرک با ذاتِ ربّ الانام

تو ہرگز نکر شرک اے نیکدان — بذاتِ مقدّس خدائے جہان

الوہیتِ ذاتِ پروردگار — مُنزّہ وہ شرکت سے اے ہوشیار

نکر طاعتِ خلق تو در اثام — کہ بیشک یہ عصیانِ ربّ الانام

اسیطور فرمانِ خیر الوریٰ — عَلَیہِ صلٰوۃ و سلامِ خدا

قال علیه الصّلوۃ والسلام وعلی آله واصحابه الکرام لاطاعة لاحد فی معصیة الله انما الطاعة فی المعروف رواه الشیخان وروی الامام احمد والحاکم عن عمران لاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق علیهم الرّضوان من الله الرحمٰن

ولے خدمتِ والدینِ کرام — دل و جان سے کر تو بصد احترام

تصدّق تو کر اُنپہ مال و منال — درشتی نکر اُنسے در جملہ حال

زرحمت سلامت وہ سیراب ہون
وہ بیمار میرے شفایاب ہون

تو پھر تیرے بندونکو جو صالحین
بقیہؔ کے مالک جو ہین بالیقین

سلامت کا شربت عطا کر ضرور
تو سیراب ہون اُسسے وہ باسرور

یہ ہین تندرست اور بیمار دو
مُقدّم دوا مین جو بیمار ہو

ہوا پھر یہ فرمانِ ربُّ الانام
مقدّم کیا جنکو تو در سلام

تو اونکو مقدّم کرو مین ضرور
جو منظور تیرے وہ ہین چشم نور

كَمَا قَالَ اللّٰهُ فِي كَلَامِهِ الْمَيْمُوْن: اَلتَّائِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ

تو ہی مالکِ مُلکِ تقدیم ہے
تو لاریب سردارِ تحکیم ہے

کرے جسکو تو پیش وہ پیش ہے
کرے جسکو تو خویش وہ خویش ہے

جو بیمار تیرا وہ دلریش ہے
وہی خویش میرا وہی پیش ہے

تجھے جسطرح سے جو منظور ہے
وہی مجکو منظور پُر نور ہے

کہ تیری رضا مجکو منظور ہے
کہ نورِ قدیمی سے تو نور ہے

تو میرا ہمیشہ یہ دستور ہے
کہ منظور تیرا وہ منظور ہے

خیوری گناہونسے رنجور ہے
ولے اس تقدّم سے مسرور ہے

جو رنجور مولا کا مغفور ہے
تو پھر کسلیئے اب تو رنجور ہے

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي كَلَامِهِ الْمُبِيْن: اَنِ اشْكُرْلِيْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَيَّ الْمَصِيْر

تو کر شکرِ نعمائے پروردگار
اگرچہ نہووے یکے از ہزار

تو کر شکرِ مادر پدر ہر زمان
کہ یہ فرض تجپر ہوا بیگمان

تو اسرار اوسکا سزاوار ہے — کہ ملزوم اخفائے اسرار ہے
لہذا نہ ظاہر کیا مصطفا — مقامِ پدر آپنے اے باصفا
دیا اوسکو ایسا جوابِ صواب — کہ ہو مطمئن قلب جسسے شتاب
کہ جس قبرِ کافر پہ ہووے گذر — اُسے دے بشارت تو اے نامور
کہ لاریب ہے نار تیرا مقام — یہی مژدہ فرمانِ خیر الانام
تو ملزوم ہمسر ہوا اعتماد — اسی لفظ پہ نزد اہلِ سداد
یہ بیشک مقدم ہوا اے فہام — اوسی لفظِ مذکور پر لا کلام
کہ مسلم مین انّ ابی جو نگار — تو مدسوس تخصیص وہ آشکار
کہ وہ قول اسطور گر از رسول — تو سائل نہ زنہار ہوتا ملول
وہ زنہار کہتا نہ اسطور پر — کہ تکلیف دی مجکو خیر البشر
کہ لاریب یہ تعب مجہپر مدام — کہ ہر قبرِ کافر پہ میری کلام
تجھے مژدۂ نار بے امترا — یہی امر فرمانِ خیر الورا
اگر لفظِ اوّل سے ہوتا جواب — کہ انّ ابی کا فلان ہی مآب
تو اسمین نہین امر کچھ آشکار — نہ کچھ تعب سائل پہ ہے زینہار
نہ کچھ قبرِ کافر کا اسمین بیان — نہ ہے مژدۂ نار اسمین عیان
تو راوی کا ہے یہ تصرّف ضرور — یہ مدسوس ہے نزد اہلِ شعور
اسیواسطے ہے یہ قولِ کرام — جو حفّاظِ نقّاد عالی مقام
کہ جبتک حدیثِ رسولِ کریم — نہ ستّین اطوار سے ہو رقیم
تو اوسکی حقیقت نہو آشکار — نہ ہم اسکو سمجھین کبھی زینہار

اگرچہ وہ لاریب از مشرکین
بہر طور بر ملتِ کافرین
کہ معروف دنیا میں باوالدین
یہ فرمانِ خلاق سے نور عین

وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ الآیۃ

ہمیشہ تو کر پیروئے کرام
جو ہیں بر صراطِ خدائے انام
وہ صلحائے اُمت وہ کملائے دین
وہ اہلِ طریقت جو ہیں مُرشدین
تو بنشین ہمیشہ باہلِ صفا
کہ شد قُربِ شان قُربِ ربّ السما
بہ جسے صحبتِ رب کا شوقِ جنان
حضورِ ولی میں وہ ہو شادمان
ولی سے ملا جو خدا سے ملا
ولی سے جدا جو خدا سے جدا
ولی سے ملے جو بصدقِ جنان
تو ہرگز نہووے شقی وہ جوان

هُمْ جُلَسَاءُ اللهِ لَا يَشْقَى جَلِيسُهُمْ رَوَاهُ الطَّبْرَانِي كَمَا فِي التَّحْبِيرِ عَلَيْهِ رِضْوَانُ اللهِ الْقَدِيرِ

خدایا طفیلِ شہِ انبیا
نہ کیجو خیوری کو از اشقیا

وہ لاریب ہے خادمِ اولیا
فدا جان و دل سے وہ بر اصفیا
لہذا جو حُسّاد و اہلِ عناد
خیوری سے دائم کریں وہ فساد
جو حسنین کی اُسکے دلین وداد
وداد علی سے وہ اہلِ سداد
تو کیا غم اُسے ہے ز اہلِ فساد
مددگار اوسکے شفیع العباد
سُنو اے مُحبّانِ خیر الانام
علیہ صلوۃِ خدا و سلام
کہ روشن ہوا ذکرِ مذکور سے
ہویدا ہوا فکرِ مسطور سے
کہ جب امر سے فتنہ ہو آشکار
ویا اُستے ہو بدگمان برکبار

بخاری سے اسکا ہوا انفراد — تو اوسپر نہ ہرگز کرو اعتماد
حدیث اَبی جو کہ مذکور ہے — تو افراد اُسکے سے مسطور ہے
تو اِسّے ہوا احتجاجِ نبیل — تمسک کے لائق نہین یہ دلیل
جو ہی ابنِ عدّی سہیلی دگر — جلالِ سیوطی سبھی معتبر
وہ زرقانی بھی تلمسانی فہام — دگر قرطبی و سنوسی عظام
سوا اِنکے دیگر سبھی از کرام — ہوئے متفق اسپہ وہ لا کلام
کہ لاریب اُس پسر کی یہ خطا — نہ سمجھا وہ کچھ لفظ کا اقتضا
جو مذکور تھا جملہ از طُرقِ عام — کیا اُسّے تخصیص اُسنے کلام
نہ سمجھا وہ مضمونِ قولِ رسول — کہ ہرگز نہ تھا وہ ز اہلِ وصول
کیا خاص یک لفظ از قولِ عام — وہ عامی نہ تھا از خواصِ کرام
کہ لاریب ہی یہ جوابِ سوال — کہ ہر قبر کافر پہ کہہ یہ مقال
کہ ہے مژدۂ نار تجکو مدام — اِسیطور فرمانِ خیر الانام
تو سمجھا وہ بے فہم یہ اضطرار — کہ ہی باپ بھی آپ کا اہلِ نار
کیا عام سے خاص کا انحصار — اَبی لفظ اُسنے کیا آشکار
ہوا اُسپہ حمّاد کا اعتماد — وہ مروی ہوا اُنکے حسب المراد
تو راوی ہوئے بعض اُس لفظ پر — کہ تحریف اوسکی سے تھی بے خبر
تو اسپر بھی ہی وہ حدیثِ احاد — تو کیونکر کرین اُسپہ ہم اعتماد
لہذا سہیلی سبھی ذی کمال — یہ ہی روض مین اُنسے روشن مقال
کہ معلول ہی وہ نہ اسمین کلام — ہوئے متفق اسپہ جملہ عظام

روایت جو مُسلم سے منقول ہے ۔۔۔ تو وہ لفظِ آخر سے معلول ہے
وہ لاریب مدسوس و معزول ہے ۔۔۔ نہ نزدیکِ حُفّاظ مقبول ہے

خیوری بیان کر بفضلِ قدیر
کہ مدسوس کس طور لفظِ اخیر

کہ راوی جو اسکا وہ حمّاد ہے ۔۔۔ وہ از اہلِ تقویٰ و زُہّاد ہے
ولیکن جو تھا ایک اسکا ربیب ۔۔۔ نہ لُبِّ لبیبوں سے اُسکو نصیب
وہ ہی پُرزہ جا کا بیشک پسر ۔۔۔ وہ تحریر و تقریر سے ذی ہُنر
تو حمّاد کا اوسپہ تھا اعتماد ۔۔۔ اوسی سے ہمیشہ وہ حمّاد شاد
کہ حمّاد حافظ نہ تھا زینہار ۔۔۔ نہ تحریر سے تھا وہ کچھ حفظ دار
اوسی ابن پر تھا ہمہ کار بار ۔۔۔ اوسی کی روایت پہ دل باقرار
لہذا بخاری نے اے ہوشیار ۔۔۔ نہ اُسسے کیا نقل کچھ زینہار
نہ مُسلم نے بھی در صولِ کتاب ۔۔۔ کیا نقل کچھ اُسسے اے کامیاب
وہ لے جو کہ ثابت سے اسناد ہے ۔۔۔ تو مُسلم کا دل اُسسے کچھ شاد ہے
تو جسکے شواہد ہوئے از ثقات ۔۔۔ تو اسنادِ مُسلم وہی بیّنات
مُصرّح یہ مدخل مین جملہ بیان ۔۔۔ اسیطور سے حکمِ حاکم عیان
یہ ذہبی کا ہی مذہبِ خالص بیان ۔۔۔ کہ حمّاد فی نفسہٖ از مہان
وہ لے ہین مناکیر اُسکے وفیر ۔۔۔ وہ ہی اہلِ اوہام سے بس شہیر
جو حُفّاظ ہین اہلِ تنقیدِ تمام ۔۔۔ ہوئے متفق اسپہ وہ لاکلام
کہ جملہ احادیثِ حمّاد جو ۔۔۔ ہوا منفرد اُمین وہ نیک خو

که جس جائی پر تیرا هووی گذر — پڑے قبر کافر په تیری نظر
فبشّره بالنّار ای ذی شعور — سنا مژده نار اوسکو ضرور
تو جس جائی پر اوسکا هوتا گذر — تو گر قبر کافر په کرتا نظر
تو خوشخبریئے نار اُسکو ضرور — سناتا بلا ریب وه ذی شعور
لهذا کها اوسنے ای ذی هنر — که تکلیف دی مجکو خیر البشر
تو پھر یه حدیث معمّر شریف — جو اسناد و مضمون مین هی لطیف
رجال صحیحین اوسکے تمام — وه زبر صحیحه مین هی لا کلام
روایت کیا بیهقی نے ضرور — وه طبرانی بزّار نے بے فتور
بھی هی ابن ماجه مین وه معتبر — روایت کیا اوسکو ابن عمر
مطابق حدیثونکے وه بالیقین — وه مضمون حق در کتاب مبین
صحابه کا بھی هی یهی اعتقاد — حدیث معمّر سے هی جو مراد
هوئی متّفق اسپه جمله فحول — ز حفّاظ و نقّاد اهل وصول
تو کیونکر وه متروک هووے امین — کرو غور کچھ دلمین ای منصفین
نهو دین مین زنهار متعسّفین — حسد سے رهو دور ای حاسدین
که جس امر مین ازره رائی رسول — کرین اُسّے پرهیز اهل وصول
نهو موذیئے شافع المذنبین — که هی موذیئے مصطفی بس لعین
خدا کا غضب اُسپه لیل و نهار — وه ملعون و مرجوم پروردگار

خیوری تو کر صبر تا کردگار
کرے اُسکو داخل بدار البوار

معمرؔ جو ہے ابنِ راشد ضرور
وہ راوی ز ثابت بفکر و شعور

وہ ثابت روایت کند بیگمان
ز انس بن مالک جو ہین نیک دان

وہ حمادؔ ثابت سے راوی ضرور
تو ہر دو ز ثابت وہ ہین بفتور

حدیثِ معمرؔ ز ثابت عیان
سراسر وہ جیّد نہ اوسمین گمان

تو اوسمین نہ ہرگز یہ مذکور ہے
ابی ہم اباکؔ جو مسطور ہے

معمرؔ وہ حمادؔ ہر دو جہان
اوسی انسِ مالک سی ہین یہ اویان

حدیثِ شفیع الورا مین اگر
وہی لفظ ہوتا ز خیر البشر

تو اوسکو معمرؔ بھی کرتا بیان
کہ حمادؔ سے اوسکا اثبت مکان

روایت مین حمادؔ سے بیگمان
معمرؔ قوی تر بہ پیشِ جہان

کہ ہین متفق اُسکی تخریج پر
بخاری و مُسلم بسے نامور

کسی نے نہ ہرگز کیا کچھہ کلام
کہ ہی سند اوسکی مین کچھ اتّہام

نہ انکار اوسپر کیا آشکار
کسی نے کسیطور ای ہوشیار

وہ مقبول ہے نزدِ جملہ کبار
وہ حفظِ احادیث مین نامدار

روایت کیا اُسنے یہ ای عزیز
اوسی ثابت و انسِ مالک سے نیز

فقال ابن ابوك قال حيثما مررت بقبر كافر فبشره بالنار ولم يذكر ان ابي واباك في النار بل قال لقد كلفني رسول الله صلى الله عليه وسلم تعبًا ما مررت بقبر كافر الا بشرته بالنار

کہ اوس اہل وہ نے کیا پہر سوال
کہ ای دافعِ ہر و بال و نکال

کہان آپکے باپکا ہے مقام
تو فرمایا اِسطور خیر الانام

قال جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان ابی کان یصل الرحم وکان کذا وکذا فاین
ھو قال فی النار فکأنہ وجد من ذلک حزنا فقال این ابوک فقال حیثما مررت بقبر کافر فبشرہ بالنار
فقال لقد کلفنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعبا ما مررت بقبر کافر الا بشرتہ بالنار فظہر
ان السائل عرابی وھو مظنۃ الفتنۃ وخشیۃ التبری عن الاسلام والمصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
کان اذا سألہ اعرابی وخاف من افصاح الجواب لہ فتنۃ واضطراب قلبہ اجاب بجواب
فیہ توریۃ وایہام وھذا کذلک اذلم یصرح فیہ بحال الاب الکریم انما قال حیثما مررت بقبر کافر
فبشرہ بالنار وھذہ جملۃ لا تدل بالمطابقۃ علی ذلک فکرہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یفصح لہ بحقیقۃ
الحال ومخالفۃ ابیہ لابیہ فی المحل الذی ھو فیہ خشیۃ التبری عن الایمان لما جبلت علیہ
النفوس من کراھۃ الاستئثار علیہا ولما کان علی العرب من الجفاء وغلظ القلوب فاورد الجوابا
موھما تطمینا لقلبہ فتعین الاعتماد علی ھذا اللفظ وتقدیمہ علی غیرہ ولا شک ان ھذا اللفظ
العام ھو الصادر من النبی صلی اللہ علیہ وسلم ورآہ الاعرابی امرا مقتضیا للامتثال فلم یسعہ
الامتثالہ ولو کان الجواب باللفظ الاول لم یکن فیہ امر بشیئ البتۃ فعلم انہ من تصرف الرواۃ
وان ھذا الطریق فی غایۃ الاتقان عند اھل الایمان والعرفان ولذا قال الحفاظ لو لم نکتب
الحدیث من ستین وجہا ما عقلناہ ای لاختلاف الرواۃ فی اسنادہ والفاظہ فحدیث مسلم
ومن رواہ بنحوہ معلل من ھذہ الحیثیۃ ولیس فی اصلہ قدحا بل من ذلک اللفظ فقط

| | |
|---|---|
| کریں فرض گر اتفاقِ رُوات | علی لفظِ مُسلم کہ ہوں سب ثقات |
| تو پھر بھی مُعارِض ہو وسے بالضرور | دلائل جو قرآن سے ہیں بیشعور |
| ازانجملہ یہ قولِ پروردگار | یہ آسری ہین لاریب ہے آشکار |

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا

| جو مذکور بالا ہوا ای پسر | | تو او سکی یہ اسناد ہے مختصر |
|---|---|---|

قال الحافظ جلال الدین عبد الرحمن روّح الله روحه فی اعلی الجنان فی الفوائد البارزة والکامنه وغیره من المحققین کالعلامة الزرقانی والتلمسانی وابی الفضل ابن حجر قدس الله سرهم الانور واما روایة حمّاد ان ابی واباك فی النار فهذا الاصل للاحتجاج به فانه انفرد به عن الامام البخاری رحمه الله الباری وفی افراده احادیث تکلم فیها الحفاظ ولا شك ان هذا منها وان ثابتا وان کان اماما ثقة ولکن فذکره ابن عدی رحمه الله تعالی فی الضعفاء وقال وقع فی احادیثه نکرة من الرواة عنه لان روی عنه ضعفاء وقد اعلّ السهیلی هذا الحدیث بان معمر بن راشد فی روایته عن ثابت عن انس بن مالك رضی الله عنهم خالف حمّادا فلم یذکر انّ ابی واباك فی النار بل قال حیثما مررت بقبر کافر فبشره بالنار وهو کما قال فمعمر اثبت فی الروایة من حماد لاتفاق الشیخین علی تخریج حدیثه ولم یتکلم احد فی حفظه ولم ینکر علیه فی شیئ من حدیثه وحماد وان کان اماما عابدا فقد تکلم جماعة فی روایته ولم یخرج له الامام البخاری شیئا فی صحیحه وما اخرج له مسلم فی الاصول الا من حدیثه عن ثابت واخرج له فی الشواهد عن طائفة صرح به الحاکم فی المدخل وقال الذهبی حماد ثقة ولکن له اوهام ومناکیر کثیرة وانها دست فی کتبه من ربیبه ابن ابی عوجاء وهذه منها وکان حماد لا یحفظ فحدث بها فوهم ومن ثم لم یخرج له البخاری رحمه الله الباری فحدیث معمر اثبت وقد وجدنا بمثل روایة معمر عن ثابت عن انس حدیث سعد بن مالك وحدیث ابن عمر اخرج البیهقی والبزار والطبرانی فی الکبیر بسند رجاله رجال الصحیح عن سعد بن ابی وقاص وروی ابن ماجه عن ابن عمر رضی الله عنهم

تو ہو اوسکو حاصل بزودی سداد / والا نہ ایمان سے پاوے مراد

ہوئے متفق اسپہ علما سبھی / کہ پدر حقیقی نہ ہے وہ ابی

وہ تعلیل ہو یا کہ تاویل ہو / یہ ثابت بہر طور بے گفت گو

کہ پدر حبیب خیر الانام / وہ اہل جنان اہل ایمان مدام

**خیوری طفیل اب المصطفیٰ**
**کرے تجکو اہل جنان سے خدا**

جنان حقیقی جنان لقاء / لقائے جنان پر تو دائم فدا

جنان تو بس دید خیر العباد / نہ ہے جنت ظاہری کچھ مراد

اگر تجکو ہو نار مین دید یار / تو وہ نار گلزار دار القرار

نہ گلزار مین تجکو ہو دید یار / تو گلزار ہو نار دار البوار

جہان دید اوسکی تجھے ہو نصیب / وہی جائے جنت وہ دار حبیب

یہی دلمین تصدیق و توحید ہے / یہی دلمین تشبیہ و تفرید ہے

کہ ربی توئی اور مسجود جان / یہ مربوب تیرا تو جان جنان

یہی شرف میرا بہر دو جہان / کہین مجکو عبد محمد مہان

نہ ہو اِسسے عزت کا برتر مقام / کہ عبد النبی نام نزد کرام

پکارینگے جب نام یوم القیام / تو اوسوقت ربی امام الامام

**یوم ندعوا کل اناس بامامهم الآیۃ**

تو اس نام کا حظ ہو آشکار / کہ حسرت کرین اسپہ وہ اہل نار

جو ہین منکر نام عبد الرسول / کہین کاش دنیا مین تھے ہم جہول

نہ ہرگز کرین ہم کسی پر عذاب
مگر جبکہ بھیجین رسالت مآب

نہ مانے اوسے گر شقی و لئیم
تو اُسپر کرین ہم عذاب الیم

جو ہین اہل فترت کے حق مین عیان
احادیث لاریب نزد مہان

وہ جملہ معارض اوسے بیگمان
نہو عمل زنہار اوسکا عیان

کہ لابد مقرر یہ ہے در اصول
تعارض مین تاویل نزد فحول

یہ تاویل اس جا یہ ہے بالیقین
ہوئے متفق اسپہ کبرائے دین

کہ لفظ ابی جو کہ مسطور ہے
وہ حماد و مسلم سے مذکور ہے

کرین اوسکو اثبات گر منکرین
تو یہ اوسکا لابد جواب مبین

کہ بیشک ابی سے چچا ہے مراد
چچا ہے پدر نزد اہل سداد

عرب کی یہی عرف ہے لاکلام
چچا کو کہین اب ہمہ خاص و عام

لہذا یہ فرمان خیر الانام
کہ ردوا علی ابی اے فہام

جو عباس ہے میرا چچا نامور
وہ شفقت مین لاریب مثل پدر

بلاؤ اوسے پاس میرے ضرور
کہ ہو دید اوکی سے مجکو سرور

اسیطور ہو اُس ابی سے مراد
ابوطالب عم اے خوش نہاد

مربی کو لابد کہین وہ ابی
کہ اعراب اس عرف پر ہین سبھی

کیا پرورش آپ کو بیگمان
ابوطالب عم باشوق جان

ابی لفظ بر جائے عمی عیان
کہ ہو اُسّے مغموم از صابران

کہ لاریب سائل پریشان جنان
زحال پدر ہے وہ مغموم جان

سنے جب ابی ہم اباک جواب
تو ہو مطمئن قلب اُسکا شتاب

والحديث الصحيح اذا عارضته ادلة اخرى وجب تاويله وتقديم تلك الادلة عليه كما هو
مقرر في الاصول وتاويل ذلك اللفظ الوارد عن حماد ان ابي واباك في النار انه اراد
بابيه عمه ابا طالب لان العرب تسمي العم ابا ولانه رباه صلى الله عليه وسلم والعرب
تسمي المربي ابا ايضا ومعهذا ان ذلك الخبر من الاحاد فلا يعارض القاطع وهو نص
وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا وقال في اسرار التنزيل قال عليه عليه الصلوة
والسلام راد واعلى ابي واراد به عمه سيدنا عباس رضي الله عنه فكذلك المراد
بابيه المذكور في حديث حماد وغيره على فرض التسليم

حدیثِ سوم کا سنو اب جواب　　کہ ہو دفع جس سے سبھی ارتیاب
کہ دو شخص آئے تھے پیشِ رسول　　نہ تھے اہلِ الباب و اہلِ عقول
کیا اسطرح سے اُنھون نے سوال　　کہان مان ہماری کہو اُسکا حال
وہ مہمان پرور بصد اہتمام　　وہ احسان و شفقت سے تھین نیکنام
ہوا اب یہ فرمانِ خیر الانام　　کہ ہے نار مین اونکا لابد مقام
سنا جب اُنھون نے جوابِ رسول　　تو محزون و مغموم باصد ملول
اُٹھے وہ روانہ ہوئے مضطرب　　تو اونکو کیا آپنے پھر طلب
ہوا اب یہ فرمانِ خیر الورا　　کہ اُمّی و وہ ہے مع اُمّکما
رزینِ عقیلی سے مروی ہے جو　　تو بھی لفظِ مع اُسمین امی نیک خو
سنو ای عزیز و بگوشِ قبول　　کہ ہو تمسے راضی خدا کا رسول
کہ دونو حدیثین وہ از بس خفیف　　کہ اسناد اونکی نہایت ضعیف
نہ مقصود اُسسے یہ ہے زینہار　　کہ لاریب اُمّی ز اصحابِ نار

| | | |
|---|---|---|
| و الّا نہوتے ازان منکرین | | تو امروز ہوتے بسے فائزین |

خیوری کو اوسوقت ہو یہ ندا
کہ اے خیر دین بندۂ مصطفا

| | | |
|---|---|---|
| بیا پیش مولا بصد شوق جان | | قدم پہ جبین رکھ جبین پر جنان |
| تو پُر عیب لاریب مغفور ہے | | کہ عبد حبیبی تو مشہور ہے |
| جو رنجور اونکا وہ مسرور ہے | | نہ تو دید اونکی سے مہجور ہے |
| یہی تیرے مولا کا دستور ہے | | کہ عاصی پہ ارحم وہ موفور ہے |
| اگرچہ تو دنیا مین آبق مدام | | ولے بندہ ذات خیر الانام |
| ربوبیت رب سے مغرور تھا | | تو دربحر امید مغمور تھا |
| غضب پر جو رحمت ہوئی پیش دست | | تو اسنے ہوا تھا جنان تو مست |
| جو ہے تیرا لا تقنطوا اعتقاد | | تو ہو شادمان از حصول مراد |
| مئے دید سے دل کا لبریز جام | | تو بر خدمت خویش قائم مدام |
| رضائے محمد جو موصول ہے | | تو یہ عبد اونکا نہ معزول ہے |
| کریمون کا لابد یہ معمول ہے | | کہ منسوب مقبول مقبول ہے |

خیوری تو منسوب مقبول ہے
کہ باذکر احمد تو مشغول ہے

| | | |
|---|---|---|
| ہوا ہے جو مذکور بالا نگار | | یہ اسناد اوسکی علی الاختصار |

قال فی الفوائد البارزۃ والتحبیر وشرح المواھب اللدنیۃ بھذا التسطیر لو فرض اتفاق الروا[ۃ]
علی لفظ مسلم کان معارضا بالادلۃ القرانیۃ والادلۃ الواردۃ فی اھل الفترۃ

توحاصل ہوا اِس سے یہ اِی فتا | کہ ناری نہین مادرِ مصطفےٰ
وہ تھین آمنہ مومنہ بیگمان | وہ بر دینِ توحید اہلِ جنان
ولے جملہ تفصیلِ بعث و نشور | شریعت کی سائر جو ہین وہ اُمور
نہ اونپر وہ ظاہر مین تھے آشکار | کہ بعثِ نبی پر اُنون کا مدار
لہذا وہ اُمِّ شفیع الورا | نہ زندہ کیا اونکو جلدی خدا
کہ ہو جب مکمّل وہ دینِ رسول | مکمّل وہ ہو بافروع اصول
تو اُسوقت زندہ وہ ہون لاکلام | تو پھر لاوین ایمان بصد احترام
یہان تک کہ زندہ ہوئی بالیقین | باَوانِ تکمیلِ دینِ متین
یہ بر جائے خود ہی مفصّل بیان | ولے مختصر ہے یہان پر عیان

قال فی التحبیر والفوائد البارزة وغیرهما کشرح المواهب والشفا واما حدیث امّی مع امکما علی ضعف اسناده فلا یلزم منه کونها فی النار لانه صلی الله علیه وسلم اراد بالمعیّة کونها معهما فی دار البرزخ وعبر به تورية وایهاما تطییبا لقلوبهما وایضا اراد صلی الله علیه وسلم بتلك المعیة من الاسرار التی لا یمکن الادراک الا لاهلها فالحاصل انها رضی الله عنها کانت موحدة ولکن لم تبلغها تفصیل شأن البعث والنشور فی هذه الدار فاحیاها الله کرامة له صلی الله علیه وسلم فآمنت به بجمیع ما فی هذه الشریعة ولذا اتاخر احیاؤها الی حجة الوداع حتی تمت الشریعة و نزل الیوم اکملت لکم دینکم فاحییت وآمنت بجمیع ما انزل علیه صلی الله علیه وسلم

سنو شبہِ چارم کا اب تم جواب
جوابِ حیوری جو ہی پُر صواب

معاذ اللہ ہرگز نہ ہے یہ مراد
نہ معنی یہ ہے نزد اہل سداد

کہ مقصود اوسّے یہی آشکار
ہوئے متفق اسپہ جملہ کبار

کہ ہی برزخی یہ معیت ضرور
نہ ناری معیت یہ ای ذیشعور

کہ مشہور جسطور بین الانام
کسی سے کرے پسر حاکم کلام

ابی مع ابنک وہ ہمرہ مدام
فلان شہر مین ہین وہ دونو کرام

تو اسکا نہ معنی یہ ای ذیشعور
کہ رتبے مین ہر دو مساوی ضرور

نہین بلکہ اسّے یہ لابد مراد
کہ یک شہر مین ہین وہ بالاعتماد

وہ بدر عیت بہ پیش فہام
اوسی جائی مین اسکا جو ہی مقام

وہ حاکم کا والد جو ہے نامدار
وہ ہی اپنی رتبے پہ باصد وقار

ولے ہر دو یک شہر مین بیگمان
معیت یہ شہریہ نزد جہان

اسیطور فرمان خیر الورا
کہ امی مع امک اے فتا

وہ ہین دونو برزخ مین بے امترا
یہ توریہ ہے نزد اہل صفا

کہ ہون مطمئن قلب وہ سائلان
کہ توریہ سمجہین نہ اعرابیان

رزین عقیلی سے خیر الانام
کیا بہر تسکین ایسا کلام

اما ترضی ان تکون امک مع امی

نہین اسپہ راضی تو ای نیکدان
کہ امک مع امی در یک جہان

تو ہو اوسپہ صابر نکر اضطرار
قضائے الہی یہ ہو باقرار

وہ توریہ ایہام ہے لاکلام
تو مقصود اسّے یہ نزد فہام

کہ محزون خاطر نہو بے قرار
وہ کچھ بھی صبوری کرے اختیار

بنی اسرائیل ثم فی شرح قبائحهم فی ادیانهم واعمالهم وختم هذا الفصل بما بدأ به

وهو قوله يَا بَنِيٓ إِسْرَآئِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ

الی قوله ولاهم ینصرون شرع ههنا فی بیان قصة سیدنا ابراهیم علیه السلام

فقال وَإِذِ ابْتَلَىٰٓ إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ انتهی قال فی الفوائد البارزة والتحبیر

وشرح المواهب الدنیة بهذا التسطیر ان الایات من قبل الایة المذکورة ومابعدها

کلها فی اهل الکتاب من قوله تعالی یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم

المتلوة بقوله واذ ابتلی ابراهیم ولهذا اختتمت القصة بمثل ما صدرت وکرر

نداء یا بنی اسرائیل ایذانا بالختم لطولها حین تقررت فدل ان المراد باصحاب

الجحیم کفار اهل الکتاب الجاحدون عن الانابة والمناب ویوکد ذلك ان السورة

مدنیة خوطب فیها من بنی اسرائیل الذریة واکثر ما خوطب فیها الیهود الناقصون

مافی التوراة من العهود انتهی هذا الملخص مافی نجم المبین لرجم الشیاطین

| | |
|---|---|
| دوم یہ کہ صیغہ نہی زینہار | نہ مقبول ہے نزدِ جملہ کبار |
| کہ یہ قرأتِ شاذ متروک ہی | نہ کملا کا ہرگز یہ مسلوک ہے |
| نہ جمہور کا اسپہ ہے اتفاق | نہ ہرگز پڑہین اسکو اہلِ مذاق |
| عرب مین عجم مین نہ مشہور ہے | نہ قرآن مین ہرگز وہ مسطور ہے |
| وہ ہی امرِ فرضی بحسب عقول | اگرچہ وہ مردود نزدِ فحول |
| نہ اسکے مددگار ہین ماہرین | کسی کے مطابق نہ وہ ای امین |
| جو وہ ابنِ عباس ہین پیشوا | وہ سلطانِ تفسیر بیچون چرا |
| کہ وہ حبرِ امّت نہ اسمین خطا | جو ہے اسکا منکر وہ اہلِ جفا |

کہ ہی بعض منکر کا ایسا غرور — کہ اوسکا تمسّک یہ آیت ضرور

وَلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ ۵

کہ مذکورہ آیت کا لابد نزول — بشانِ ہمان والدانِ رسول

تو لاریب یہ افترا ہے ضرور — سراسر یہ بطلان و بہتان و زور

سپکے طور بطلان یہ آشکار — یہ اَظْہَرُ مِنَ الشَّمْس نزدِ کبار

کہ ماقبل و مابعد اوسکا تمام — بشانِ یہودان وہی لاکلام

لہذا وہ سب حالِ اہلِ کتاب — ہوا ابتدا انتہا ایک ماٰب

مکرّر ہوئی اوسمین لابد ندا — مُنادی وہی ایک بے امترا

وہ قصۂ یہودان طویل البیان — ندا ہے ختم کا علم بیگمان

شفیع الوریٰ پر جو تھے حاسدین — معاجیز و آیات کے منکرین

وہ سب وسین داخل ہوئے فیہم — کہ تھے وہ سزاوارِ نارِ جحیم

یہ مدنیّہ سورت نہ اِسمین کلام — کہ اِسّے مخاطب یہودی مدام

وہ منکر انابت کے تھے آشکار — وہی ناقصِ عہد لیل و نہار

تو ثابت ہوا نزد اہلِ سداد — کہ اُسّے نہ وہ والدان ہی مُراد

جلالِ سیوطی وہ ابنِ نقیب — مُحَدِّث مُفَسِّر مُحقّق لبیب

وہ رازی جو لاریب ہین ازدان — وہ زرقانی و تلمسانی مہان

وہ پدرِ سعود وہ دیگر عظام — اسی پر ہوئے متّفق لاکلام

کہ ہی وہ یہودونکی حق مین ضرور — جو منکر کہے وہ بلاریب زور

قال فی مفاتیح الغیب اعلم انہ سبحانہ وتعالی لمّا استقصی فی شرح وجوہ نعمہ علی

مفصّل سُنے گر کوئی وہ عذاب — تو ہو مُردہ سامع نہ مانگو وہ آب
کہ ہی لفظِ اَینَ اَبِیْ سے سوال — سوالِ مکان اُسّے بی قیل و قال
نہ پوچھو کبھی کچھہ ازین جائے شَین — کہ کس جائے ہر میری ہین والدین
کہ اُسجائی کا ہی جو اصلی بیان — وہ دنیا مین ہرگز نہو وی عیان
یہ لاریب مشہور بے ارتیاب — عذابِ خدا کا بیان ہی عذاب
خصوصًا جو ہین بندگانِ عظام — وہ لرزان ہمیشہ ز رَبّ الاَنام
وہ قُربِ الٰہی مین سرشار ہین — نہ اِس یاد کے وہ سزاوار ہین
کہ ہی وصل مین ذکرِ ہجران جفا — جفا واصلون پر نہ ہرگز روا
مُنغّص نہوا اونکا عیش وصال — نہ اُس عیش مین طَیش کا ہو خیال
چہ جائیکہ وہ رحمتِ عالمین — وہ ہین لِی مَعَ اللّٰہ سی دائم قرین
کہ اونکی طبیعت نہایت لطیف — نہ ہرگز کوئی چیز اُنہین کثیف
وہ نورِ مُجسّم وہ حُبِّ قدیم — ز سر تا بپائے وہ خُلقِ عظیم
تو ہرگز نہ اُنسے کرو یہ سوال — کہ ہو اِس بیانسے اُنہین بس ملال
یہ مضمون تجبیر مین آشکار — بھی دیگر تفاسیر مین ہی نگار
مفاتیح مین بھی یہ مذکور ہے — ولے مختصر اُسّے مسطور ہے

قال فی التجبیر و مضمونہ فی التفسیر الکبیر و غیرھا من زبر النحاریر واما قولہ تعالیٰ وَلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحَابِ الْجَحِیْمِ فالجمھور علی المضارع المنفی وعلیہ قرأۃ جماھیر الصحابۃ رضی اللہ عنہم و یؤیدہ ذلک قراۃ اُبی رضی اللہ عنہ وَمَا تُسْئَلُ و قراۃ سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما وَلَنْ تُسْئَلَ والقرأۃ علی صیغۃ النہی متروکۃ العمل

کہ ہی اُنکے حق مین دعائے رسول
ہوئی وہ جنابِ الہٰ مین قبول
کہ عَلِّمۡہُ تاویل اسے کردگار
وَ فَقِّهۡهُ فِی الدِّین لیل و نہار
وہ لَنۡ تُسۡئَل پڑہتے ای مومنین
نہی کے مخالف یہ ہی بالیقین
وَمَا تُسۡئَلُ پڑہتے ہین بیگیان
اُبَیِّ شہِ قاریانِ جہان
نہی کے مخالِف یہ ہی بالضّرور
مخالِف ہوئے اسکے اہلِ شعور
لہٰذا نہ قرآن مین اسکا نشان
وہ منفی مضارع پڑہین سب جہان
مطابق اِسی کے تفاسیر مین
وہ معنے ہوا ہی جو تحریر مین

اِسیطور دیکھا خیوری بیان
بہ پنجاہ تفسیر باچشم جان

کیا ہمنے تسلیم اے منکرین
نہی کا وہ صیغہ یہان بالیقین
تو اسپر یہ فرمانِ جملہ مہان
محقق مدقق جو ہین نیکدان
کہ ہی اس نہی سے یہ غرض سلیم
کہ عظمت مین از بس عذابِ جحیم
وہ شدّت حرارت مین از بس فخیم
وہ حدّت شرارت مین از بس عظیم
کہ سائل کو طاقت نہین زینہار
سُنے کسطرح شور از غیظِ نار
نہ سامع کو زنہار جائے قرار
نہو اوسکو زنہار پائے فرار
وہ اضجار سے ہووی پر اضطرار
وہان قہرِ قہار کا جملہ کار
وہان وصف جبّار کا آشکار
تکاد تمیز من الغیظ نار
نہ ہی وصفِ غفّار اسجا عیان
نہ ہی وصفِ ستّار کا وہ مکان
بھلا کسکو طاقت کہ اُسکا بیان
سُنے یا کرے بندہ از بندگان

جو ہی کفر بھی شرک مین بس شدید ❊ وہ علماً یقیناً ہوا ہے عنید
کیا اوسنے انکار آیات سے ❊ وہ عمداً کتاب سماوات سے
و یا اوسنے تحریف کی در کتاب ❊ کیا اوسنے تکذیب یوم الحساب
و یا ہو کوئی منکر مصطفا ❊ کرے نعت اونکی مین چون وچرا
وہ تعظیم اونکی سے ہو پر ملال ❊ وہ تفخیم اونکی مین ہو بدمقال
جہان انکے اوصاف کا ہو بیان ❊ کرین اونکا اعزاز خورد و کلان
تو وہ اسّے ہو سوختہ چون کباب ❊ وہ نار حسد مین جلے بیحساب
وہابی یہودی کے مانند جو ❊ جلے نعت احمد سے وہ زشت خو
جو ہی فعل تعظیم خیر الانام ❊ کہے شرک و بدعت اوسے وہ مدام
وہ اوصاف حسنین سی ہو ملول ❊ وہ ہی منکر درد لخت بتول
جو ذکر شہادت سنے وہ لئیم ❊ تو ہو گرم اوسّے چو نار جحیم
تکاد تمیز من الغیظ ہو ❊ کہ نار حسد مین جلے زشت خو
تو ان سبکا ماوائے نار جحیم ❊ ششم طبقہ ہی وہ عذاب الیم
تو اس قول ایزد سے لابد مراد ❊ وہابی یہودی بصد اعتماد

وَلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحَابِ الْجَحِیْمِ

نہ ہی اہل فترت کے لائق جحیم ❊ کہ ❊ نہ ان پاس آیا رسول کریم
نہ زنہار اونین کتاب خدا ❊ خطاب خدا سے نہ اونکو عطا
نہ اونسے محرّف خطاب خدا ❊ نہ وصف نبی مین کیا استہزا
نہ انکار تعظیم خیر الانام ❊ ہوا اونسے زنہار نزد فہام

لا یساعدھا نظم القرآن المجید وعلی طبق التسلیم یکون معنی ھذا النھی فخامة
العذاب الالیم للکفار فی طبقة الجحیم کما اذا سألت عن انسان واقع فی بلیة عظیمة
فیقال لك لا تسئل عنه ووجه الفخامه ان السائل لا یقدر علی استماع خبره
لایحاشه السامع واضجاره من سماعة قہر القہار وغضب الجبار والمسئول عنه عاجز
ان یجری علی لسانه مالیس فیه من اثار الرحمة القدیمة خصوصا اذا کان المسئول
من المقربین فی حضرة ارحم الراحمین فکیف من ھو رحمة للعالمین فلا تسئل
ولا تکلفه وحمل النھی علی السوال عن حال ابویه صلی الله علیه وسلم موجب اللعن
والسلیعاء اللھم احفظنا من ذلك الابتلاء وزوال الایمان بقلة الحیاء انتھی قال
فی الارشاد وحمله علی نھی النبی صلی الله علیه وسلم عن السوال عن حال ابویه
مما لا یساعده النظم الکریم ھذا ملخص ما فی نجم المہتدین لرجم الشیاطین

سنو منصفی سے ہو منکرین
کہ مثل یہودی ہو جاحدین

دلیل سوم یہ بلا امترا
ہوئے متفق اسپہ اہل نہے

کہ مبنا و معنائے لفظ جحیم
ہویدا یہ ہے اُسسے نزد فہیم

کہ ہے اُسسے نار عظیمہ مراد
الیمہ شدیدہ وہ بئس المہاد

یہ آثار مرویہ سے ہے عیان
کیا ابن ابی حاتے یہ بیان

کیا ابن منذر بیان منیر
روایت کیا اوسکو ابن جریر

کہ اطباق سبعہ ز نار عذاب
جہنم دوم لظی بے ارتیاب

وہ حطمہ سعیر و وہ پنجم سقر
جحیم و دگر ہاویہ پر شرر

جو ہین دوزخی اہل نار جحیم
ابوجہل بھی مثل اوسکے رجیم

| | |
|---|---|
| که ہے اونکے اقرار مین قیل وقال | اگرچہ وہ تصدیق مین باکمال |

شیخ عبدالحق دہلوی قدس اللہ سرہ القوی در مدارج النبوة فرموده که آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت وفات حضرت ابوطالب بر سروی رفته دعوت کردند واقع نشد ازوی اجابت ونیز علمای احادیث می آرند که حضرت عباس رضی اللہ عنہ سر خود را نزد او بردند وشنیدند ازوی کلمۂ شہادت وبحضرت رسول کریم علیہ الصلوة والتسلیم چنین رسانیدند که اسلم عمک یا رسول اللہ پس خوشحال شدند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ؛

| | |
|---|---|
| تو ہمین جو ہی سر پروردگار | وہ نجم المبین یین ہوا آشکار |
| وہ خویشی وشفقت جو عمین مین | تو ضائع نہ ہرگز وہ دارین مین |
| تو جو شفقت وقربت والدین | وہ اظہر من الشمس ای نور عین |
| پسر اونکے نزدیک ای باتمیز | ز مال ومنال وز جان ہی عزیز |
| که اولاد اکبار ہین بالیقین | یہی قول ہے سید المرسلین |
| وہ بزار و بلقینیؔ ذی شعور | ز ابن عمر ہین وہ راوی ضرور |
| که مسطور فرمان خیر الوریٰ | درود خدا اونپہ صبح ومسا |
| که جسن دم سے ہووے دمی کا وصال | تو اوسسے نہو نار کا اتصال |
| نہ اوسسے رکھے نار زنہار کار | که نار جہنم کو اوسسے فرار |
| کرو غور کچھہ دل مین لے منصفین | نہو منکران شہ مرسلین |
| که شفقت قرابت سے جب اہل نار | ہوا اہل تخفیف نزد کبار |
| تو کب والدین رسول کریم | ششم طبقہ مین اہل نار جحیم |
| ملا اونکے خونمین وہ خون نبی | رگ وریشہ مخلوط لابد سبھی |

ہوئے اہلِ فترت سے جو مشرکین | وہ اوسجا مین ہرگز نہون داخلین
کہ وہ شدتِ نار غایت الیم | سزاوار اوسکے جو غایت رجیم
چہ جائیکہ وہ والدینِ رسول | مُوحِّد جو لاریب نزدِ فحول
نہ زنہار کرتے کبھی سر کو خم | بطورِ عباداتِ پیشِ صنم
مَعاذَ اللہ کیونکر وہ اہلِ جحیم | کہ اہلِ جنان ہین وہ اہلِ نعیم
تولّد ہوئے جب شہِ مُرسلان | تو اوسنے ہوا بولہب شادمان
کنیزک ثُوَیبَیہ نے اے فہام | سُنایا اوسے مُژدہ با احترام
کہ پیدا ہوئے شافعُ المذنبین | حبیبِ خدا رحمتِ عالمین
تو آزاد اوسکو کیا بارضا | اشارت سبابہ سے با صدادا
اگرچہ وہ مذموم اس شان مین | کہ تبّت یدا ذمّ قرآن مین
تو اسپر وہ لیلِ دوشنبہ مدام | ہمیشہ مسرّت مین ہے لاکلام
سبابہ سے لابد وہ ہے بہرہ ور | بجو پستانِ مادر برائے پسر
عذابِ خدا اوسنے لاریب دور | اوسی شب مین بیشک وہ ہی با سرور
کہ اوس شب مین اُسکو ہوا تھا سرور | ز پیدائشِ مصطفا بالضرور
تو اُسقدر اوسکی خوشی پر خدا | مُرتّب کیا خوب خیرُ الجزا
نہ ضائع کیا اوسکو پروردگار | اگرچہ وہ مذموم ہے آشکار
ابوطالبِ عمِّ خیرُ الورا | حبیبی پہ تھے جان و دل سے فدا
جو ہی قرب اونکا بشاہِ شہان | وہ احسان و شفقت بشوقِ جنان
تو اوسکو نہ ضائع کیا کردگار | کیا لفظِ اہون کو اُن پہ نثار

رہا ایک باقی یہ قولِ نکیر
کرین شبہ اِسطور جو ہین ضریر

کہ در بعضِ تفسیر مذکور ہے
وہ شانِ نزولی جو مسطور ہے

تو کیونکر نہ اوسکو کرین ہم قبول
کہو کیا وہ ہی زور شانِ نزول

سنو ای عزیزو کہ اہلِ اصول
ہوئے مُتّفق اور اہلِ وصول

کہ علمِ احادیث مین یہ رقیم
کہ شانِ نزولِ کلامِ قدیم

ہوا حکم اوسکا بہ پیشِ فحول
جو لاریب حکمِ حدیثِ رسول

جو مرفوع ہی متّصل در نقول
تو نزدیکِ علما وہ لابد قبول

جو مقطوع و معلول ہی وہ ضعیف
تو لاریب مردود نزدِ حصیف

جو مذکور در شبہ شانِ نزول
تمسک جو ہی منکرانِ جہول

تو اسناد اوسکی نہین مُتّصل
وہ ہی زور پیشِ ہمہ اہلِ دل

خلافِ احادیث و قرآن سے
وہ بیہودہ از بسکہ بہتان ہے

نہ ہین مُعترف اِسکی ہرگز لبیب
مُحدّث مُفسّر محقّق اریب

یہ نجم المبین مین مفصّل نگار
و لے اُسکے مجمل یہان آشکار

قال الحافظ جلال الدین قدس الله سره المبین فی الفوائد البارزة والکامنة ودُرة التنزیل والتحبیر وغیرها من زبر النحاریر واما احتجاج المنکر فی هذا المقام الفخیم بانه نزل فیها ولا تسئل عن اصحاب الجحیم فنقول قد تقرر فی علوم الحدیث ان سبب النزول حکمه حکم الحدیث المرفوع المتصل اسناده لا ضعیف ولا مقطوع وهذا السبب لا یعرف له فی الدنیا اسناد صحیح متصل بذکره والمنکر یعرف ذلك ویعترف به اذا اعرض علیه ولا ینکره هذا ملخص ما فی نجم المبین

| تو کیونکر نہ اونپر کرے وہ قدیم | محرّم او سے جو وہ نارِ جحیم |
|---|---|

قال فی الفوائد البارزۃ وشرح المواهب والتحبیر وغیرها من زبر النحار اخرج ابن
ابی حاتم عن ابی مالک رض فی قوله تعالیٰ اصحاب الجحیم ای اصحاب ما اعظم من النار
والعذاب الالیم قال فی الصراح جحم وجحیم ہر آتش بزرگ کہ در مغاکی فروختہ باشد
من قوله تعالیٰ وَابْنُوْا لَهٗ بُنْیَانًا فَاَلْقُوْهُ فِی الْجَحِیْمِ ویکے از نامہائے دوزخ انتہی واخرج
ابن جریر وابن المنذر عن ابن جریج رض فی قوله تعالیٰ وَلَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ قال اوّلها
جهنم ثم لظیٰ ثم الحطمة ثم السعیر ثم السقر ثم الجحیم ثم الهاویة قال والجحیم فیها ابو جهل والذی
بهذه المنزلة من عظم کفره واشدّ وزرة وعاند عن علم ویقین وبدّل ما عنده من آیات
الکتاب وجحد ما یعلمه من ربّ الارباب وحرّف ما فی التورٰة من حسن الصفات لسیّد
الکائنات وکذّب رسول الله فی الرسالة باستیلاء الضلالة وهو مامور فی کتابه باتباعه
وتصدیقه وطاعته بتوثیقه وهذا عند اولی الخبرة لا یلیق باهل الفترة اذ لا علم
عندهم ولا کتاب ولا تبدیل شیءٍ من الخطاب ولا حسد ولا عناد فی حق شفیع العباد
صلی الله علیه وسلم وعلی اله واصحابه ذوی الحکم فکیف یکون عند الفهم اهل الفترة
اصحاب الجحیم خصوصًا من هو له من حبیب الله الجلیل سبیل جمیل وقرب اصیل
یوثق اذ بل وقد ثبت من التخفیف فی حق ابی لهب وابی طالب لما حاز به من البر
والقرابة فما ظنک بوالدیه الذین هما اشد قربًا واکثر حبًّا واقصر عمرًا وابسط عذرًا
فمعاذ الله ان یکونا فی طبقة الجحیم وان یشتد علیهما العذاب العظیم هذا هو الذی
یفهمه اهل الذوق السلیم لا من هو من اصحاب الرجیم وقد مر حدیث نبیّنا
وشفیعنا المختار من مسّ دمهٗ دمی فلن تصیبهٗ النار ۵

وانذار الکافرین کان یذکر عقوبات الکفار فقام رجل فقال یا رسول اللہ این والدی فقال فی النار فحزن الرجل فقال علیہ الصلوۃ والسلام ان والدیک ووالدی ووالدی ابراہیم علیہ السلام فی النار فنزل قولہ تعالیٰ ولا تسئل عن اصحاب الجحیم فلم یسألوہ بعد ذلک انتہی

کہ ہی بعض قرأت مین اسطور پر — جو ہی شاذ و متروک اے ذی ہنر

کہ ہی یہ نہی بہرِ خیر الانام — علیہ صلوٰۃِ خدا و سلام

کہ حق سے نہ کر تو کبھی یہ سوال — کہ مان باپ میرے علیٰ ایِّ حال

کہ اسطور فرمانِ شاہِ شہان — کہ یا لیتَ شعری نہ مجپر عیان

کہ مان باپ میرے جو تھے نامدار — تو کیا حال انکا نہین آشکار

تو نازل کیا حق نے قولِ قدیم — نکر تو سوال از اہلِ جحیم

جو تیسیر مین اسکا شانِ نزول — وہ اسطور مذکور اے ذی عقول

کہ مامور حق سے ہوئے جب رسول — بہ تبشیر و انذارِ جملہ جہول

تو یکروز مشغول تھے اے فہام — بذکرِ عقوباتِ اہلِ اثام

تو اک شخص نے تب کیا یہ سوال — کہان میرے مان باپ کیا انکا حال

تو اسکو دیا آپنے یہ جواب — کہ وہ نار مین ہین بلا ارتیاب

تو غمگین ہوا وہ بصد اضطرار — تو پھر آپ نے یہ کیا آشکار

کہ تیرے و میرے جو ہین والدان — خلیلِ خدا کے جو ہین باپ و مان

یہ سب نار مین ہین نکر اضطرار — نہو اُستے غمگین تو کر اصطبار

تو نازل کیا حق نے قولِ قدیم — کہ پوچھین نہ تجسے ز اہلِ جحیم

تو معلوم استے ہوا اے فہیم — معاذ اللہ وہ والدان از جحیم

لرجم الشیاطین واللہ یھدی بہ المتقین

سنو ای عزیز و وہ شانِ نزول
جو ہی منکرین کا وہ اصلِ اصول

وہ منصف کی نزدیک مجہول ہی
نہ ہرگز وہ مقبول و معمول ہی

سراسر وہ معزول و مقطوع ہی
نہ زنہار موصول و مرفوع ہی

ہنوا اُسّے اِثبات یہ اے فہیم
معاذ اللہ دوہ والدان از جحیم

جو ہوا اُسّے ممکن یہ اِثباتِ نار
تو کیونکر نہ ثابت یہ نزدِ کبار

احادیث مرفوعہ سے بیگمان
ہوئے متفق جنپہ جملہ مہان

مددگار اونکا وہ قرآن ہے
صریحًا یہی اوسمین تبیان ہی

کہ وہ والدینِ شفیعُ الوریٰ
ہمیشہ مُسلمان بلا چون چرا

نہ تھے کفر بھی شرک پر زینہار
وہ بر دینِ توحیدِ پروردگار

وہ اہلِ جنان اور اہلِ جنان
چنانین وہ سردارِ اہلِ جنان

مطابق عقائد کے یہ لاکلام
یہی لائقِ شانِ خیرُ الانام

جو ہی اِسکا منکر وہ اہلِ جحیم
وہ مغبون ملعون بیشک رجیم

جو تیسیر مین ہی وہ شانِ نزول
جو انوارِ تنزیل مین ای فحول

تو ہی منکرین کی وہ لابد دلیل
اوسی سی وہ منکر ہوئے ہین ذلیل

قال المنکر وَلَا تَسْأَلْ بفتح التاء وجزم اللام علی انہ نہی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن السوال عن حال ابویہ علی ما روی انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام قال لیت شعری ما فعل ابوای ای ما فعل بہما والی ایّ حال انتہی امرھما فنزلت و قال صاحب التیسیر لما امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتبشیر المؤمنین

بحیث لا یشارکہ فیہ غیرہ ولھذا قال علیہ الصلوۃ والسلام وعلی آلہ
واصحابہ الکرام علمت ما کان وما سیکون لانہ شاھد الکل وما غاب لحظۃ
وشاھد خلق ادم علیہ السلام ولاجلہ قال سیدالانام کنت نبیا وآدم
بین الماء والطین ای کنت مخلوقا وعالما بانی نبی وادم علیہ السلام بین
ان یخلق لہ جسد روح ولم یخلق بعد واحد منھما فشاھد خلقہ وماجری
علیہ من الاکرام والاخراج من الجنۃ وما تاب اللہ علیہ الی اخر ما جری
علیہ وشاھد خلق ابلیس وما جری علیہ من امتناع السجود لآدم علیہ
السلام والطرد واللعن بعد طول عبادتہ ووفور علمہ بمخالفۃ امر واحد
فحصل لہ علیہ الصلوۃ والسلام بکل حادث جری علی الانبیاء والرسل
علیہم السلام والامم علوم وفھوم ثم انزل روحہ فی قالبہ لیزادلہ نور
علی نور فوجود کل موجود من وجودہ وعلوم کل نبی وولی من علومہ
حتی صحف سیدنا آدم وابراھیم وتوراۃ سیدنا موسی وغیرھم علیہم الصلوۃ
والسلام من اھل الکتب الالھیۃ وتفصیل ھذا التبیین فی کتابی نجم المبین
واللہ یھدی بہ المتقین

کہ اِسطور فرمانِ ربُّ السّما
کہ تحقیق ہمنے بعزّ و قبول
تو قُربِ الٰہی سے مرسول ہی
سوئے خلق ہی تو نعیم مقیم
توہے شاہدِ خلق سبے امترا

حبیبِ خدا کو عَلَیہِ الثّنا
کیا تجکو لاریب یکتا رسول
ہمیشہ خدا سے تو موصول ہی
تو مُہدٰاتِ رحمت بخُلقِ عظیم
تو مشہود و محمودِ ربّ الورا

سنو اب ضروری سے اسکا جواب
جو دندان شکن ہے بلا ارتیاب

ولیکن سنو تم بگوش جنان — کہ سنتا نہین یہ جو گور خران
جو قبر وجودی مین دل مردہ وار — وہ لا یسمع قول پروردگار
کہ وہ شبہہ بالا جو ہی درنگار — خرافات اوسمین بسے آشکار
کہ اول تو ہی اوسمین یہ ادعا — کہ بے علم تھے وہ حبیب خدا
نہ تہا حال ابوین انپر عیان — کہ یا لیت شعری کیا ہی بیان
تو لاریب یہ اعتقاد جہول — کہ ماہر نہ تھے اپنے پدر بتول
یہی اعتقاد وہابی مدام — اسی سے وہ ناری ہوا ای فہام

قال اللہ تعالیٰ فی کلامہ تبجیلاً وتوقیراً انا ارسلناک شاہداً ومبشراً ونذیراً

قال الغث المطہر ابن النقیب النحریر فی تفسیرہ التحبیر علیہ رضوان اللہ الوفیر وغیرہ فی غیرہ من التفاسیر کروح البیان وتفسیر العلامۃ السمان وتفسیر السبع المثانی وبحر الحقائق والمعانی معناہ ان نعلم ونعتقد بانہ علیہ الصلوۃ والسلام وعلی آلہ وصحبہ الکرام زبدۃ الموجودات وخلاصتہا وہو المحبوب الازلی وما سواہ تبع لہ ونذا ارسلہ اللہ تعالیٰ شاہداً فانہ لما کان اول مخلوق خلقہ اللہ تعالیٰ کان شاہداً بوحدانیۃ الحق وربوبیتہ وشاہداً بما اخرج من العدم الی الوجود من الارواح والنفوس والاجرام والارکان والاجسام والمعادن والنباتات والحیوانات والاملاک والجان والشیطان وغیر ذلک سائر الخلائق لئلا یشذ عنہ ما یمکن للحبیب درکہ من اسرار افعالہ تعالیٰ وعجائب صنعہ وغرائب قدرتہ

ملک جن و شیطان و سائر انام
معادن نباتات جو ہین تمام

کیا انکو جب خلق ربّ العلا
تو اوسوقت حاضر شفیع الورا

یہ تھے اسلئے ناظر کائنات
یہ تھے حاضرِ وقتِ خلقِ ذوات

کہ باہر نہو اونکے ادراک سے
ہمہ خلقِ ارضی و افلاک سے

جو پیدا کیا حق نے اونکے سوا
وہ سب اُنکے ادراک مین ہو سدا

جو افعالِ ایزد مین اسرار ہین
جو خلقِ خدا مین وہ انوار ہین

عجائب جو در قدرتِ کردگار
غرائب جو ہین اُسکے در نور و نار

تو ہون اُنسے ماہر وہ بے اشتباہ
رہے اِنپہ لاریب اونکی نگاہ

نہووے کوئی اونکا اسمین شریک
وہ ہون اسمین لاریب یکتا ملیک

ز شرکت منزّہ درین امر تام
خدا بعد اونکا یہ عالی مقام

لہذا یہ فرمانِ خیر الانام
کہ ہون اسلئے ماہر ہمہ [illegible]

## علمت ما کان وما سیکون

کہ جو کچھ ہوا ہے نہان آشکار
عدم سے یہ ہستی ہمہ نور و نار

دگر جو کہ ہوگا عدم سے ظہور
ازین بعد تا وقتِ روزِ نشور

تو ماہر ہین اُسکے نہ مجپر نہان
وہ مثلِ کفِ دست مجپر عیان

کہ تھے ناظرِ جملہ خیر الورا
وہ تھے حاضرِ وقتِ خلقِ خدا

نہ یک لحظہ غائب وہ تھے زینہار
وہ حاضر وہ ناظر بصد اختیار

کیا حق نے پیدا جو آدم صفی
کیا اونسے حوا بلطفِ وفی

تو حاضر ورا نوقت خیر البشر
کہ یہ پدرِ آدم نہ اسمین خطر

تو لاریب یکتا بشیر و نذیر / تو ہو داعی الی اللہ سراجِ منیر
تو لازم یہ ہر بندگانِ خدا / کہ ہوں معتقد اسپہ بچون چرا
کہ ہین زبدۃ الخلق خیر الورا / وہ مقصود لابد ز خلقِ خدا
سُلالہ ز خلقت شفیعُ الاُمم / اِصالہ وہ خلقت مین عالی ہمم
وہ اصلِ خلائق یہ جملہ فروع / وہ فرعِ اصیلان یہ ہین باخشوع
وہ متبوع لاریب یہ تابعین / وہ مسموعِ گفتار یہ سامعین
وہ محبوبِ ازلی و ابدی مدام / وہ مطلوبِ حق سرمدی لاکلام
جو پیدا کیا حق نے اُنکے سوا / وہ سب تابعین جملہ شاہ و گدا
اِسیواسطے اونکو حق نے کیا / رسولِ رُسل شاہدِ ہر سرا
کہ ہین اوّلِ خلق وہ بالیقین / وہ نورِ خدا رحمتِ عالمین
جو ہی وحدتِ خالقِ کردگار / رُبوبیتِ ذاتِ پروردگار
تو ہین اِسکے شاہد وہ اوّل ضرور / خدا بعد لاریب اُنکا ظہور
وہی شاہدِ خلقِ ربُّ الورا / وہی حاضرِ خلقِ ربّ السما
وہ حاضر وہ ناظر نہ اسمین کلام / کلامِ الٰہی سے ہی یہ مرام
کہ ہین خلقِ اوّل وہ بے امترا / تو کیونکر نہ حاضر وہ ناظر سدا
کہ جو کچھہ عدم سے ہوا در وجود / وہ ہین اُسکی ناظر بصد فضل و جود
یہ تھی دیکہتے خلقِ ارواح کو / یہ تھے دیکہتے خلقِ اشیا کو
یہ تھی دیکہتے خلقِ اجرام کو / یہ تھے دیکہتے خلقِ اجسام کو
یہ تھی دیکہتے خلقِ عرشِ عظیم / یہ تھی دیکہتے خلقِ فرشِ سلیم

ہوا جبکہ وہ شمس مسند نشین
تو دیجور شب تب ہوئی شرمگین

بھی انوار جملہ کواکب نہان
ہوئے اُس سے یکتا وہی بس عیان

وجود حبیبی سے جملہ وجود
بھی جود حبیبی سے ہی جملہ جود

علوم ہمہ انبیائے کرام
ز فیض علوم حبیبی مدام

بھی تورات و انجیل و صحف و زبور
ہوا علم احمد سے انکا ظہور

غیوری جو ہی قلب خیر الورا
وہ ہے کنز مخفی علوم خدا

[illegible] ہے بحر زخار بے انتہا
ازان قطرہ جملہ علوم [illegible]

یہ مذکور معنے تفاسیر میں
یہ روح البیان اور تحبیر میں

یہ مضمون بحر الحقائق میں [illegible]
بھی تفسیر سمان میں اے عزیز

تو کیونکر نہ ماہر شفیع الانام
ز احوال مادر پدر اے فہام

[illegible] یہ فرمان رازی عیان
مفاتیح تفسیر میں بیگمان

کہ یا لیت شعری بعید از عقول
نہ [illegible] زنہار قول رسول

کہ ماہر نہ گر شافع المذنبین
ز احوال مادر پدر اے امین

تو کیونکر یہ قول نبی آشکار
کہ تیرے و میرے پدر اہل نار

ادسی ایک آیت کا شان نزول
ہوئی اوسمین دو شان ای ذی عقول

سیکے یہ کہ ماہر نہ خیر الورا
دگر یہ کہ ماہر وہ بے استرا

نہ قاضی کا اس باب میں اعتبار
نہ اس راز سے ہے وہ کچھ رازدار

اگرچہ وہ بیضائے عالی مقام
فنون لطیفہ سے ہے بامرام

| | |
|---|---|
| لہذا یہ فرمان خیر الورا | درود خدا اونپہ صبح و مسا |

کنت خاتم النبیین وان آدم لمنجدل فی طینته رواه الامام احمد والبیهقی والحاکم

وقال صحیح الاسناد ورواه ابن حبان فی صحیحه ایضاً رضی الله عنهم

| | |
|---|---|
| کہ جسوقت مین خاتم الانبیا | تو آدم ہما نوقت در طین و ما |
| نہ تہا روح و تن اونکا پیدا ہوا | تو اوسوقت مین خاتم الانبیا |
| وہ تھے آب علم الٰہی مین جب | وہ در طین معلوم اہل ادب |
| تو اوسوقت حاضر مین ناظر ضرور | کہ تہا مین رسول رسل بے فتور |
| جو آدم پہ گذرا ہمہ عز و ناز | بھی اخراج و توبہ وہ گریہ نیاز |
| عدم سے جو شیطان ہوا در وجود | جو انکار اوسنے ہوا از سجود |
| جو خلق رسولان بھی خلق امم | بھی اونپر جو گذرا ہمہ رنج و غم |
| وہ انعام و اکرام رسل کرام | جو حق نے کیا اونپہ بافضل تام |
| تو وہ دیکھتے جملہ بے اشترا | وہ حاضر وہ ناظر بنور خدا |
| تو جملہ عوالم سے ماہر ہوئے | وہ اسرار حق اونپہ ظاہر ہوئے |
| جو اسرار تخلیق رب السما | تو ماہر ہوئے اوسنے خیر الورا |
| نہ کیون سر ایزد سے وہ سردان | کہ ہین سر اسرار کنز نہان |
| وہ ہین جبکہ سر خدائے جہان | تو کب سر خلقت نہ اونپر عیان |
| کیا سر احمد نے پھر جب نزول | بسر محمد جو اصل اصول |
| تو نور علے نور کا تب ظہور | ہوا اس جہانمین بصد ہا سرور |
| کہ احمد محمد کے اسرار سب | ہوئے قلب قالب مین وہ جمع سب |

ہمہ جسم و جان اونکا معمور تھا | ودادِ محمدؐ سے پُر نور تھا

سزاوارِ گلزار و دارِ نعیم | کہ گلزار ہو اُنسے نارِ جحیم

کوئی گر کہے اونکو اہلِ جحیم | تولابد وہ نمرود ابنِ رجیم

تو دو قرأتین جو کہ مذکور ہین | باکثر تفاسیر مسطور ہین

یکے اوسنے مقبول و معمول ہے | دگر اوسنے متروک و معزول ہے

سُوم قسمِ ایجادِ تیسیر ہے | تو یہ قسمِ تیسیر تغییر ہے

نہی جو کہ مجہول اوسکی مُراد | وہ مجہول ہے نزد اہلِ سداد

کہ باضمِ تا اور باجزمِ لام | یہ معدوم قرأت نہ ہین کلام

سُوم یہ کہ اُمِّ خلیلِ جلیل | وہ لاریب ہے مومنہ اے خلیل

جلالِ سیوطی وہ ابنِ نقیب | وہ اہلِ کواشی جو ازبس لبیب

وہ زرقانی و تلمسانی عظام | وہ بلقینی و قرطبیٔ فخام

دمشقی جو ناصر وہ از کاملان | ہوا اُنسے راضی خدائے جہان

ہوئے متفق اسپہ جملہ ثقات | کہ اُمِّ براہیم از مومنات

نہ ہے اسمین کچھہ اختلافِ کرام | تو کیونکر نہووے خطا یہ کلام

کہ فی النار ہین والدینِ خلیل | جو تیسیر کی نزدِ منکر و بسیل

یہ فرمانِ اعلام بالبینات | کہ اُمِّ براہیم از مومنات

تو یہ علم کس طور اونکو نصیب | کہ ماہر نہ اُسسے خدا کے حبیب

کہین مومنہ اونکو جملہ کبار | کہین مصطفا اونکو از اہلِ نار

خدا کا غضب ملحدون پہ مدام | کہ یہ مفتری بر شفیع الانام

وَلے اوسپہ یہ باب مسدود ہے ۔ نہ از فیضِ این در وہ محمود ہے
نہ اس در کا ہرگز ہوا وہ گدا ۔ نہ کی اُسنے اِس در پہ گاہی صدا
تو یہ در نہ اوسپر کھلا زینہار ۔ تو کیونکر کرین اوسپہ ہم اعتبار
جو تفسیر مین اہلِ تیسیر ہے ۔ تو اس باب مین اہلِ تعسیر ہے
مُحدِّث نہ وہ گرچہ از ماہران ۔ وہ تفسیر مین از یکے ناقلان
کہ لاتُسْئَلُ نزد جملہ مہان ۔ وہ مَنفی مضارع نہ اسمین گمان
عرب مین عجم مین یہ مشہور ہے ۔ یہ قرآن مین لاریب مسطور ہے
ہوئے متفق اسپہ جملہ عظام ۔ صحابہ سے تا این زمان ای فہام
مُحقِّق مُحدِّث اسی پر مدام ۔ مُدقِّق مُفسِّر کا ہے یہ مرام
یہی سبکے نزدیک مقبول ہے ۔ جو منکر ہوا اسکا مجہول ہے
دگر فتح تا اور ہے جزمِ لام ۔ یہ ہے شاذ و متروک نزدِ فہام
یہ معروف صیغہ نہی سے اے فہیم ۔ نہو اسکا معنے یہان مستقیم
کہ ناہر نہ تھے رحمتِ عالمین ۔ نہ احوالِ مادر پدر سے امین
تو یالیتَ شعری یہ انکا مقال ۔ کیا اونکے احوال سے جب سوال
تو فرمانِ ایزد یہ نزدِ لئیم ۔ کہ مت پوچھ اُنسے وہ اہلِ جحیم
معاذ اللہ ہرگز نہ وہ از جحیم ۔ وہ لاریب جنت مین اہلِ نعیم
اگر ذرۂ حُبِّ خیر الانام ۔ کسی کے جنا مین کرے وہ قیام
تو وہ نار اُسسے کرے خود فرار ۔ کہ اوسکو نہ پیشِ محبان قرار
تو کیونکر نہون والدینِ حبیب ۔ کہ حُبِّ محمد سے او فر نصیب

جو ہیمہ فروشانِ حطّابِ لیل
گئیہ رائبندہ جو از بہرِ خیل

وہ شبہہ فروشان جو بازی گران
جو ہین شعبدہ باز بازی گنان

تو ماہر نہین وہ ز دینِ قیم
کہ حظّے نہ اونکو ز عقلِ سلیم

بصارت سے اُنکو نہین کچھ نصیب
جہالت سے خود کو وہ سمجھین لبیب

کرین فخر تن پروری وہ جسیم
تو کیونکر وہ ماہر ز دینِ قیم

غیوری محبتِ رسولِ کریم
وہ ہے ماہرِ قدرِ دینِ قیم

کہ توفیقِ ایزد سے وہ فیضیاب
بھی منہجِ حبیبی سے بے ارتیاب

تو کیونکر وہ اس بحر مین ہو غریق
حبیبِ خدا اوسکا نعم الرفیق

سنو اب ذرا اوسکا شانِ نزول
جو مقبول معمول نزدِ فحول

یہودان ودیگر جو تھے منکرین
عباداتِ ایزد مین تھے مشرکین

تو دائم خصومت حسد بھی عناد
بھی تکذیب مولائے ربّ العباد

بھی انکارِ بسیار از معجزات
ہمیشہ تعنت سے علی البینات

یہ تھا اونکا پیشہ بہر صبح و شام
وہ اصرار کرتے اوسی پر مدام

تو نازل کیا آیت یہ ربّ السما
کہ غمگین نہو قلبِ خیر الورا

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ الآیۃ

کیا اسطرح سے خدا نے بیان
کہ مغموم ہووے نہ جانِ جہان

کہ اے میرے یکتا بشیر و نذیر
ازل سے ابد تو سراجِ منیر

تو میرا ہمیشہ رسولِ کریم
تو ہے مومنون پر رؤف و رحیم

قال فی التحبیر والکواشی والخصائص الکبری وغیرها من زبر الخیار یر الکملا وقد صرحوا بان ام سیدنا ابراهیم علی نبیّنا وعلیه الصلوة والتسلیم کانت مومنة رضی الله عنها قال فی ... البارزة واسرار التنزیل وکذا امّهات سائر الستین کن مومنات صالحات تشریفاً لمقام النبوة هذا ملخص ما فی بحر المبین والله یهدی به المتّقین ۞

کرو فکر کچھ دل مین اے منصفین
کہ علمائے اُمت وہ بیشک امین

ملا جسکو جو کچھ بحسب الہمم
جو قانع ہوئے ما حضر پر کرام

جو کچھ تھے نہ خام اونکو ملا
نہ مرفوع و مقطوع مین کی تمیز

کہ توفیق اونکی نہ اسمین رفیق
کیا ... نے ایک پر اقتدا

شناور جو ہے بحرِ تحقیق مین
ہوئی اوسکی توفیقِ ایزد رفیق

جو گنجینہ دار اوسکی بقلبِ سلیم
وہ صراف بازارِ تنقید ہی

وہ ہی جوہری اور جوہر شناس
تو دُرِ یتیمی کا وہ قدردان

کہ ہو جسسے راضی جہان آفرین
ولیکن نہ عصمت سے وہ فائضین

کیا بہرِ خلقت اوسے در رقم
تو غثّ و ثمین او نکالا بد کلام

کیا اوسے کچکول کو امتلا
نہ کی جستجو اوسمین کچھ اے عزیز

تو وہ بحرِ لغزش مین لابد غریق
تو خالی ہوئے نزدِ اہلِ صفا

بھی تطبیق مین اور تدقیق مین
تو اوس بحر مین وہ نہ ہرگز غریق

تو لابد وہ قیمت مین دُرِ یتیم
نہ کچھ نفس کی اوسکو تقلید ہے

بصارت سے اُسکی ہمیشہ اساس
شناسائے قیمت سلیم الجنان

جو تھا لائقِ شانِ ربُّ الوریٰ ز اظہار اصلاحِ دینِ خدا
تو اوس نے کیا اوسکو از بس عیاں نہ ممکن کہ ہو اُس سے زائد بیان
اُسی طور سے اے شفیعُ الانام کیا جہد تونے بصد اہتمام
کیا جہد ایسا باَبلاغ دین کہ زائد کبھی اُس سے ممکن نہیں
کہ اونکو سُنایا تو وعظِ سلیم جو تھا لائقِ شانِ خُلقِ عظیم
تو لاریب ہادیٔ خلقِ خدا نہیں مثلِ تیرے کوئی دوسرا
توئی پیشوائے صراط قویم وجودِ تو قرآن ز نورِ قدیم
جو قرآن وہ صامت کتابِ کریم جو ناطق وہ قرآن ز خُلقِ عظیم
وہ قُرآنِ صامت یہ ناطق ضرور یہ ہر دو صفت بہرِ ذاتِ غفور
کہ یہ ہفت دریا ز علم قدیم وہ قطرہ ازان ہفت نزدِ فہیم
مفصّل یہ نجم المبین میں عیاں ولے مختصر اُس سے ہی یہ بیان

قال اللہ فی کلامہ القدیم وانک لتھدی الی صراط مستقیم وایضاً قال قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین قال العلامۃ علی القاری رحمہ اللہ الباری وای مانع من ان یجعل النعتان للرسول فانہ نور عظیم لکمال ظہورہ بین الانوار وکتاب مبین من حیث انہ جامع لجمیع الاسرار ومظہر للاحوال والاخبار قال فی الفتوحات المکیۃ ولما سئلت الصدیقۃ رضؓ عن خُلق رسول اللہ قالت کان خلقہ القران وانما قالت ذلک لانہ افرد فی الخلق ولا بد ان یکون ذلک الخلق جامعاً لجمیع مکارم الاخلاق کلہا ووصف اللہ ذلک الخلق بالعظمۃ کما وصف القران فی قولہ والقرآن العظیم فکان القرآن خلقہ فمن اراد ممن لو یدرکہ من امتہ ان یری رسول اللہ فلینظر

تو ہر سوال ہے سوئے خلقِ تمام ۔۔۔ برائے بشارت نذارت مدام
تو با حق لاریب یکتا حقیق ۔۔۔ تو با خُلقِ اعظم تو نعم الرفیق
کرے تو بشارت اُسے آشکار ۔۔۔ جو ہو تجپہ اموال و جانسے نثار
جو تصدیق تیری پہ ہو مستقیم ۔۔۔ وہ لاریب ہے بر صراطِ قویم
کہ جان و جنان سے وہ تجپر فدا ۔۔۔ یہی اوسکا ایمان تو ربی سدا
توئی اوسکا مطلوب مرغوب ہے ۔۔۔ وہ مربوب تیرا تو محبوب ہے

خیوری وہ ربی جو مقصود ہے
تو جان و جنان کا وہ مسجود ہے

نذارت تو کر اُسکو اے مصطفا ۔۔۔ جو ہی شرک یا کفر مین مبتلا
تو لاریب دائم نعیم مقیم ۔۔۔ تو ہے کنزِ مخفی سے فیضِ قدیم
تو انکار تیرا کرے جو لئیم ۔۔۔ وہ کافر وہ اہلِ عذابِ الیم
کہ وہ منکرِ نعمتِ کردگار ۔۔۔ وہ مغضوب ملعون لیل و نہار
جو تعظیم تیری سے ہی منحرف ۔۔۔ نہ تیری بزرگی کا وہ معترف
وہ مثلِ وہابی یہودی ذمیم ۔۔۔ تو بیشک وہ ہی اہلِ نارِ جحیم
نہ مسئول ہرگز تو پیشِ خدا ۔۔۔ نہ پوچھیگا تجکو وہ روزِ جزا
کہ منکر ہوئے کس لئے وہ لئام ۔۔۔ وہابی یہودی ہوئے کیون مدام
جو اُنسے ہوا کفر اے جانِ جان ۔۔۔ نہ زنہار تجکو کرے وہ زیان
کہ لا تزر وازر مقالِ قدیم ۔۔۔ جو فاعل وہ مسئول نزدِ کریم
تو سائل نہو تجسے پروردگار ۔۔۔ کہ وہ کفر سے کیون ہوئے اہلِ نار

علی الکفر واصرّوا الا باطیل فقال انا ارسلناک یا محمد بالحق بشیرا ونذیرا لتکون
مبشرا لمن اتبعک واهتدی بدینک ومنذرا لمن کفر بک وجحد نعمة اللہ بعد معرفتها و
انک هاد الی الصراط المستقیم ومصیرهم الی الجحیم والعذاب الالیم فلا تضرک
معصیتهم ولست بمسئول عن ذلک ونظیر الایة کقوله تعالی فانما علیک البلاغ و
علینا الحساب وکقوله علیه ما حمل وعلیکم ما حملتم فلا تأسف ولا تغتم لکفرهم
ومصیرهم الی الجحیم ونظیره فلا تذهب نفسک علیهم حسرات وفی الایة دلالة
علی ان احدا لا یسأل عن ذنب غیره ولا یواخذ بما اجترمه سواه کقوله تعالی ولا تزر
وازرة وزر اخری ولا تُسأل برفع التاء واللام علی الخبر وعلیه الجمهور کما مرّ واما
بفتح التاء وجزم اللام علی النهی علی ما روی انه علیه الصلوة والسلام قال لیت
شعری ما فعل ابوای فنهی اللہ عن السوال حبیبه صلی اللہ علیه وسلم عن حالهم
فهذه الروایة بعیدة عن العقول طریدة عند الفحول مخالفة للنقول لا تثبت
بها اصحاب الوصول ولا ارباب الاصول لانه علیه الصلوة والسلام کان عالما
بان الکافر یعاقب والمومن یثاب وکان عالما بکفر الجاحد بیقین من اب الممکن
فمع هذا العلم کیف یمکن ان یقول لیت شعری ما فعل ابوای

هوا اب ہویدا یہ نزد نبیل ۔۔۔ چو اظہر من الشمس با صد دلیل
کہ وہ والدین شفیع العباد ۔۔۔ نہ اوس قول ایذا دہیں وہ مراد
نہ ہے ذکر اُنکا وہان آشکار ۔۔۔ نہ ہی شان اونکی وہ نزد کبار
تو کیونکر کہیں منکران جہول ۔۔۔ کہ در حق ابوین اوسکا نزول
وہ لے ہو یہان اعتراض دگر ۔۔۔ کہ فرمان خلاق یہ ہے پسر

الی القرآن فلا فرق بین النظر الیہ و بین النظر الی رسول اللہ فان القرآن انتشاء صورتہ الجسدیۃ یقال لہا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب القران کلام اللہ وھو صفتہ و سیدنا محمد صفۃ الحق تعالیٰ بجملتہ فمن یطع الرسول فقد اطاع اللہ لانہ لا ینطق عن الھوی فھو لسان الحق تعالیٰ و فی القرآن ما فی سائر الکتب و ما لیس فیہا کما کان فی نبینا ما کان فی کل شیٔ و کان فیہ ما لم یکن فی شیٔ لان القرآن کان خلقہ فاعطی ھو و امتہ ما لم یعط نبی قبلہ صلی اللہ علیہ وسلم[2]

اسیطور جو وارثانِ حبیب — وہ ہین اس وراثت سے اوفر نصیب
وہ ہادیِ خلقت بصدق و صفا — وہ قرآنِ ناطق بلا امترا
تو مضمون آیت یہ بے ارتیاب — علیک البلاغ علینا الحساب
نہ مسئول تو کفرِ کفار پر — تو غمگین نہو اُنکے اصرار پر
گناہِ دگر سے نہ آخذ خدا — کسیکو کبھی اے شفیعُ الوریٰ
وداد تو دائم رہے مُستقیم — جو ہی منحرف آپ سے اہلِ جحیم
تو مسرور نشین بقلبِ سلیم — جو مغرور منکر وہ اہلِ جحیم

خیوری جو نسبِ رسولِ کریم
وہ طاہر جو منکر وہ اہلِ جحیم

یہ معنی مفاتیح و تحبیر مین — بھی لاریب دیگر تفاسیر مین

قال فی التحبیر و التفسیر الکبیر و غیرھما ان اھل الکتب لما اصروا علی العناد و اللجاج الباطل و ان القوم اقترحوا المعجزات و الآیات علی سبیل التعنت و استمروا علی التکذیب بین اللہ لرسولہ انہ لا مزید علی ما فعلہ اللہ فی مصالح دینھم من اظہار الادلۃ و لا مزید علی ما فعلہ الرسول فی باب الابلاغ بالموعظۃ الحسنۃ لکیلا یکثر غمہ بسبب اصرارھم

[2] قال فی التحبیب و روح البیان و خزینۃ الاسرار و غیرھا ان القرآن مظہر الاسم الہادی و ھو کتاب اللہ الصامت و نبینا کتاب اللہ الناطق و کذا ورثتہ الکمل صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

وہ شرح سنوسی جو ہے پر صفا — بھی وہ تلمسانی جو شرح شفا

وہ شرح مواہب جو از بس شہیر — بھی تحفہ جو لاریب شرحِ منیر

بھی روض سہیلی عیونِ گہر — بھی تفسیر تحبیر اہلِ بصر

وغیرہ کتب سے جو مذکور ہے — کہ اُم نبی شرک سے دور ہے

وہ تھین شرک بھی کفر سے پاک صاف — وہ سب عیب سے پاک بے اختلاف

تو زنہار صادق نہووے فہیم — کہ ہین وہ معاذ اللہ اہلِ جحیم

جو فترت مین لاریب تھے مشرکین — وہ مُردہ ہوئے شرک مین بالیقین

تو ہرگز نہین وہ ز اہلِ جحیم — اگرچہ وہ ماخوذ نزدِ فہیم

نہ جن پاس آیا رسولِ خدا — اگرچہ وہ تھے شرک مین مبتلا

تو ہرگز نہین وہ ز اہلِ جحیم — چہ جائیکہ اُم رسولِ کریم

خدا کا غضب تمپہ اے منکرین — ز انکارِ بسیار ہو تم لعین

نہین شرم سے تمکو ہرگز نصیب — کہ ہو منکرِ ذاتِ یکتا حبیب

نہ ابلیس ویسا کہے زینہار — تمارا جو ہے وِردِ لیل و نہار

کہو مشرک اُم خیر الورا — تو مرتد ہو تم بلا امترا

وہابی یہودی کا ہے جو مقام — ابو جہل کا ہے جو دارُ المرام

وہ ابنِ مغیرہ کا مسکن مدام — بھی اولاد اوسکی وہان لاکلام

کہو اُم خیر الورا کی وہ جا — تو ہے تمپہ لعنت خدا کی سدا

کیا جسنے انکارِ خیر الانام — و یا اونکی تحقیر کی از کلام

و یا کچھ کیا از کتابِ خدا — تغیر تبدل بحرص و ہوا

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ

نہ ہرگز نبی کو سزاوار ہے ۔ نہ بھی اہلِ ایمان کا یہ کار ہے
کہ حق سے کریں مغفرت کی دعا ۔ کہے بہرِ مشرک بصد التجا
اگرچہ قرابت سے ہون مشرکین ۔ تو اُنکے لیئے بھی نہون سائلین
ہوا جبکہ اون سب پہ یہ آشکار ۔ کہ تحقیق ہین وہ ز اصحابِ نار
تو اونکے لیئے مغفرت کی دعا ۔ نہ ہرگز کرین پھر ز ربّ السما
جو لاریب ہین منکرانِ رسول ۔ کہین اوسکا اسطور شانِ نزول
کہ جب مصطفا نے کیا التجا ۔ جنابِ خدا سے علیہِ الثنا
کہ از بہرِ اُمی کرون مین دعا ۔ تو نازل ہوا پھر یہ قولِ خدا
کہ لائق نہین تجکو اے مصطفا ۔ کرین بہرِ مشرک خدا سے دعا
ہوا جبکہ ظاہر وہ ہین مشرکین ۔ تو پھر مغفرت کے وہ لائق نہین
تو لاریب اسکا جوابِ صواب ۔ بطرزِ ملخص جو لبِّ لباب
سُنو گوش دلسے نہو منکرین ۔ کہ منکر پہ دائم عذابِ مہین
کہ اول تو اُمِّ شفیعُ الورا ۔ وہ ہین شرک سے پاک بے امترا
نہ زنہار گاہے کیا سر کو خم ۔ بطرزِ عبادات پیشِ صنم
نہ قائل کوئی اسکا ہے زینہار ۔ ز علمائے خاصانِ پروردگار
کہ ہین وہ معاذ اللہ از مشرکات ۔ نہین بل وہ باللہ از مومنات
فوائد جو ہے بارزہ اے امین ۔ وہ اسرارِ تنزیل از فخرِ دین

چہارم روایت مین یہ بے فتور
کہ در شانِ دیگر وہ ہے بالضرور

بھی ہے قولِ دیگر مین یہ باسداد
کہ اوس سے صلوٰۃ جنازہ مراد

جو یہ جملہ ہے اختلافِ مہان
مفصل یہ آئندہ ہے در بیان

وسلے ہے بخاری مین یہ آشکار
مدارک وغیرہ مین ہے یہ نگار

مفاتیح و روح البیان مین عیان
کہ در عم خیر الوریٰ وہ بیان

یہ تعبیر لاریب تحبیر مین
مطابق یہ ہے جملہ تحریر مین

اعلم واللہ اعلم انہا نزلت فی حق ابی طالب عم نبینا الکریم لا فی شان امہ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کما روی عن سعد بن المسیب عن ابیہ انہ قال لما حضرت اباطالب لوفاۃ قال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عمی قل کلمۃ لا الہ الا اللہ احاج لک بہا عند اللہ فقال واللہ یا ابن اخی لولا مخافۃ العار علیک وعلی بنی ابیک من بعدی لقلتہا فقال علیہ الصلوٰۃ والسلام لاستغفرن لک ما لم انہ عنہ فمن ذلک الوقت لا یزال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یستغفر لہ حتی نزلت ہذہ الآیۃ الکریمۃ ہذا ملخص ما فی التحبیر والتفسیر الکبیر ومدارک التنزیل ودرۃ التاویل وصحیح البخاری والارشاد الساری وروح البیان وغیرہا من زبر اہل الایقان وقول لقائل بانور العین لعل نزولہ مرتین مردود فی روح البیان والتحبیر وغیرہما من زبر النحاریر واللہ یہدی بہ المنصف المصیر وماوی منکرہ نار السعیر

کہ جب وقتِ عمِ شہِ مرسلان
ابوطالبِ مشفقِ بیکران

ہوا بسکہ نزدیکِ مرگ چشی
ہوئی دل سے تب دور جملہ خوشی

تو سطور اونسے شفیع الانام
کہا بہرِ اظہارِ اسلام تام

ویا جسکو معلوم ہووے فہیم — کہ ہے پاک نسب رسول کریم
توپھر بھی کرے اسمین چون وچرا — کہ ہو جس سے تحقیر خیر الورا
تولاریب ہے وہ زاہل جحیم — کہ ہے کفر اوسکا نہایت فخیم

خیوری بیان کر تو شان نزول
کہ مردود ہو اسسے شبہ جہول

سنو اے عزیزو بگوش جنان — کہ ہو تمسے راضی خدائے جہان
کہ در شان انزال قول کریم — تشتت کیا جسنے اہل جحیم
بسے اختلاف ائمۂ کرام — نہ وہ متفق نزد جملہ عظام
کسی نے کہا وہ بعم رسول — دگر نے کہا وہ بجدۂ بتول
علی ولی سے یہ بیشک عیان — جو علم لدنی سے وہ نیک دان

اخرج ابن سعد فی طبقاته عن سیدنا علی کرم الله وجهه انه قال والله ما نزلت آية الا وقد علمت فیما نزلت واین نزلت وعلی من نزلت ان ربی وهب لی قلبا عقولا ولسانا ناطقا وکفاه شرفا

یہ فرمان مولا علی آشکار — مؤکد وہ باقسم پروردگار
کہ نازل نہ آیات قرآن مین — مگر اوسسے ماہر مین ہر آن مین
وہ جسطور جس جائے جس شان مین — وہ ہین نازلہ جملہ فرقان مین
تو ماہر مین ہر ایک سے بالیقین — بفضل خدائے جہان آفرین
کہ بخشا ہے مجھے خالق دو جہان — دل صاف و روشن بسے نیک دان
زبان مجکو ایسی دیا کردگار — کہ ہے ناطق الحق وہ لیل و نہار
تو اوسسے روایت یہ ہے بیگمان — کہ نازل وہ ماکان در یک جوان

که اسطور اہل احادیث نیز — وہ لاریب راوی بفکر و تمیز

که عباس عم شفیع الانام — علیہ صلوٰۃ خدا و سلام

وہ نزدیک بوطالب مہربان — بھی اسوقت حاضر بسوز جنان

کیا سرکو نزدیک اونکے ضرور — تو اونسے سنا کلمہ باصد سرور

وہ کلمۂ شہادت یہ جاری زبان — زبان پر وہ کلمۂ شہادت عیان

تو اس امر سے وہ بسے شادمان — گئے پیش حضرت وہ شادی کنان

سنایا یہ مژدہ بخیر الورا — که اے شافع خلق روز جزا

وہ عمک ابو طالب نامدار — کیا اونسے اسلام اب آشکار

ہوئے اسّے شادان شہ دوجہان — تو شادی ہوئی در زمین آسمان

خبوری مسلمان وہ ہین بالیقین — بہ پیش خدائے جہان آفرین

که ہے اونکے اقرار مین اختلاف — ولے اونکی تصدیق ہے صاف صاف

مصدّق جو دلسے وہ مومن ضرور — یہ نزد خدائے جہان بے فتور

شریعت مین اقرار پہ ہے مدار — که اجرائے احکام ہو آشکار

تو اقرار مین اختلاف کبار — که ہے اسمین بس حکمت کردگار

ولے اونکا دائم یہی اعتقاد — که اے میرے محبوب خیر العباد

جنان اور جان مین تو مسطور ہے — بیان مین لسانپر تو مذکور ہے

مری مردمک مین توئی نور ہے — ترے نور سے خلق مسرور ہے

تری یاد سے قلب معمور ہے — نہ جان سے تو زنہار مہجور ہے

کہ اے عم پڑھ کلمہ تو از لسان ۔ کہ ہو تیرا اِسلام از بس عیان

تو ہو تجکو حجت بہ پیشِ خدا ۔ کرون تیرے حق مین شہادت ادا

کیا مجکو شاہد خدا لا کلام ۔ ہمہ اوّلین آخرین کا مدام

مین شاہد تو مشہود اے باصفا ۔ تو اہلِ محبت تو اہلِ وفا

یہ تیری محبت کا ہے اقتضا ۔ کہ شاہد مین تیرا بہر دوسرا

تو کی عرض اِسطور عم کریم ۔ کہ اے صاحبِ جاہ و خلقِ عظیم

تو ابنِ اخی ہین تو ابنی ضرور ۔ تو نورِ فوادی تو سِرِّ سرور

کرون تجکو خوشنود اے جانِ جان ۔ تو جانِ جنان ہی تو جانِ جنان

نہ مجپر اگر خوف یہ آشکار ۔ کہ دشمن کرین تجپہ اظہار عار

تو فرزند میرا تو نور البصر ۔ تو دلبند میرا تو لختِ جگر

کرین تیرے اخوان پر سبّ و عار ۔ بہر مجلسے دشمنانِ شرار

جو اشیاخ تیرے وہ عالی تبار ۔ وہ لاریب خاصانِ پروردگار

تو دشنام دین اونکو وہ کلّ و کور ۔ مذمت کرین وہ بصد شور و زور

نہوتا اگر خوف یہ از کہان ۔ تو کرتا مین جاری اُسے برلسان

شیخ عبد الحق دہلوی قدس اللہ سرہ القوی در مدارج النبوۃ فرمودہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت وفاتِ حضرتِ ابوطالب سر وی رفتہ دعوت کردند واقع نشد ازوی اجابت و نیز علمائے احادیث آوردند کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سر خود را نزد او بردند و شنیدند ازوی کلمۂ شہادت بحضرت رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم چنین رسانیدند کہ اسلم عمک یا رسول اللہ پس خوشحال شدند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

مدارج مین اسطور سے آشکار ۔ بھی دیگر کتب مین وہ لابد نگار

یہ شرحِ تعرّف مین ہے آشکار
ریاضِ مُذکّر جو مشہور ہے
وہ بحر المبین مین جو مسطور ہے

یہ بحرِ دُرر مین ہوا ہی نگار
تو اوسمین یہ لاریب مذکور ہے
تو یہ مختصر اُسسے پُر نور ہے

نار الدنیا ابرد من نار جهنم سبعون جزءً وهی ابرد من نار قلوب المحبین سبعمائة جزء فلهذا جاء فی الحدیث تقول النار فی حضرة الجبار ان تعذ بنی بنار قلوب المحبین فانی لا اطیقها وایضا جاء فی الحدیث ان الله تعالی یقول للنار استقصی علی اعدائی والا فبعزتی وجلالی لاعذ بنك غدا بلا اعذبه احداً من خلقی وذلك بان یرسل فیها ثلاثة انفار من المحبین فتغور النار فی فمها رنقطع السلاسل من بینها وتذوب الاغلال فالنار تبکی معتذرة فی حضرة الجبار فیامر الله باخراج المحبین فتصیر النار علی حالها ولکن لاتقف دموعها مدة الاف من السنین من ذلك العذاب الشدید المتین ولله در القائل ذی المجد والفضائل

أَسْتَغْفِرُ اللهَ اِنَّ اللهَ غَفَّارُ
بِالنَّارِ خَوَّفَنِي قَوْمِي فَقُلْتُ لَهُمُ

وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِيْنِ مَا اِثْمٌ وَلَاعَارُ
اَلنَّارُ تَرْحَمُ مَنْ فِیْ قَلْبِهٖ نَارُ

هذا ملخص ما فی ریاض المذکرین وشرح التعرف وبحر الدرر وکنز الغرر

کہ دنیا مین جو نار ہے آشکار
تو نارِ جہنم ازان بیش حار
ولے در حرارت جو نارِ جنان
کہ اَلعِشقُ نارٌ وہ ہی شعلہ زن

حرارت شرارت مین وہ بیشمار
حرارت مین زائد بہ ہفتاد بار
یہ ہی سات سو بار زائد ازان
وہ قلبِ محبین جسکا وطن

حبیبِ خدا تو رسولِ اَنام — تو مشغول یادِ خدا مین مدام
نہ ہے اوسسے غافل تو لیل و نہار — ہمہ وقت اوسپر کرین جان نثار
مدد گار تیرا خدائے جہان — وہ ناصر تو منصور در ہر زمان
کیا دین حق تونے لابد عیان — یہ دینِ خدا ہے نہ اِسمین گمان
یہ ہی اوس قصیدے مین اے ارجمند — جو ہین اوسکے اشعار ہشتاد و چند
وہ در مدح خیر الورٰی لاکلام — ز بوطالبِ عمِ خیر الانام
بھی یہ شعر در مدح خیر الورا — ازان عم ثابت بلا امترا

وَشَقَّ لَہٗ مِنْ اِسْمِہٖ لِیُجِلَّہٗ — فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَھٰذَا مُحَمَّدٌ

اخرجه البخاری فی تاریخه الصغیر وضمنه حسان علیهما الرضوان کما جزم به فی الخمیس قال المحقق الزرقانی فی شرح المواهب من کتبه بالکسر وعلقه علی من تعسرت ولادتها وضعت فی الحال وقد جربه اهل الکمال

کیا ہمنے تسلیم قولِ کرام — کہ اقرار ثابت نہین اے فہام
ولے اونکی تصدیق پر ہین عظام — تو ضایع نہ وہ نزد رب الانام
تو در مذہبِ عشق نزدِ فحول — کیا عرض مسطور عمِ رسول
کہ ہرگز نہ غم مجکو اے نور عین — کہ تیرا مجھے غم نہو تجبہ شین
تو اوس عار تیرے پہ ہی جان نثار — نہو تجبہ وہ گرچہ مجبہ پہ عار
یہ ایمان و جان جملہ تجبہ پر نثار — کہ اوس عار تیرے سے گرچہ ہے نار
گوارا نہین مجکو ہو تجبہ عار — کہ یہ عار مجبپر ز بوستہ زنار

خیوری جو ہے عشقِ خیر البشر
وہ ہے جملۂ نار سے پُر شرر

اے عزیز و فرزند یہ شعر حضرت ابوطالب
وشق لہ جو متن مین مسطور ہے :
تاریخ صغیر حافظ محمد اسماعیل بخاری
رحمہ اللہ الباری مین مذکور ہے : اور
زرقانی شرح مواہب لدنیہ مین مسطور
مرقوم ہے : اور حضرت عارف باللہ
شمس تتائی اور علامہ بونی اور شیخ
احمد دیربی وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم
سے یہ امر مجرب و معلوم ہے :
کہ جس عورت پر زائیدن فرزند
دشوار ہو : تو اوسپر اگر تعلیق
شعر مذکور جو مسطور ہے نگار ہو

وشق لہ من اسمہ لیجلہ
محمد

تو اوس عورت پر حق سبحانہ تعالیٰ شانہٗ
عنایت بے غایت مبذول فرماوے :
کہ تولد فرزند دلبند بصد سہولت ظہور
مین آوے : اور معنی اوس شعر کا یہ ہے
کہ اللہ جل جلالہ و عم نوالہ نے نام جناب
رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو
مشتق کیا ہے اپنے نام نامی سے :
تاکہ تابان و درخشان کرے اونکو
خلائق مین نام رفیع و سامی سے . پس
رب العرش العظیم ذات محمود ہے . اور
حسنا خلق عظیم حضرت محمد و دود ہے :
انپر دائم صلوٰۃ و سلام نامحدود ہے :
اور انکی آل اطہار پر نامعدود ہے :

تو پھر نار افروختہ ہو ضرور / وہ ہو مثلِ اوّل بسوز و حرور

ولے گریہ اوسکا رہی برقرار / زخونِ جگر وہ رہی اشکبار

کرے نالہ و آہ چندین ہزار / زتعذیبِ نارِ دلِ اہلِ نار

تو حاصل ہوا اِسّے اید وستان / کہ اوس نار سے فوق نارِ جنان

تو جب عمِّ خیرُ الورا بیگمان / وہ عشقِ محمد سے تھی پُر جنان

تو اَلعشقُ نارٌ سے تھی دلمین نار / تو وہ نار اِس نار سے خاکسار

کہ جب دلمین ہی عشقِ احمد سے نار / تو ہی اُسپہ وہ نار گلزار وار

نہ وہ نارِ دوزخسے ہو بیقرار / کہ اُسّے کرے نارِ دوزخ فرار

خیوری جو ہی عشق مین باقرار / کرے کفر و ایمان وہ ہر دو نثار

اوسے ذرّۂ عشق درکار ہی / کہ درکارِ این کار آن کار ہی

نہ جب جان و ایمانسے تجرید ہو / تو کب جانِ جاناں کی توحید ہو

نہ جب تجکو تحصیلِ تفرید ہو / تو کب شرکِ مشرک سے تبعید ہو

لہذا یہ فرمانِ خیرُ الانام / عَلَیہِ صَلٰوۃِ خدا و سلام

لَاَستَغفِرَنَّ لکَ حتّٰی اُنہَ عنہ

تو جب عشق میرےمین سرشار ہی / تو مجکو یہ بیشک سزاوار ہی

کہ دائم کرون نزدِ پروردگار / طَلَب اِسطرَح سے بلیل و نہار

کہ ایسی کرے تجکو غفران عطا / کہ جسّے تو مغفور در ہر سرا

یہان تک کہ مجکو یہ فرمان ہو / کہ جسّے مجے دلمین اِتقان ہو

کہ بس اب نہ کہہ تو کہ غفران ہو / اُسیکے لئے جو وہ قربان ہو

بجلے اوسسے جملہ جو ہے در وجود
مگر ایک دل جسمین ہے اوسکی بود

بجلے اوسسے جو بوستانِ سرور
مگر شاخِ دل جسمین ہے اُسکا نور

ز تابش وزد چونکہ بادِ سموم
بسوزد ہمہ جز دلِ پُرغموم

یہ وہ نار گلزار ہے در شغاف
کہ ہے جسکا نارِ جہنم غلاف

کرے سوئے دوزخ اگر یہ گذر
تو نارِ جہنم نپاوے مفر

بجلے اسسے لاریب مثلِ رماد
وہ ہو محو از نامِ بئس المہاد

لہٰذا حدیثون مین ہے یہ بیان
کہ نارِ جہنم کہے بیگمان

کہ یارب نہ بھیجو تو مجکو عذاب
بنارِ جنانِ محبت مآب

محبون کے دلمین جو ہے سوزِ نار
تو اوسکی نہ طاقت مجھے زینہار

جہنم پہ ایزد کرے جب عتاب
کہ ایسا کرونگا مین تجکو عذاب

کسی پر نہ دیسا کیا زینہار
کہ تیرے لیئے ہے وہ مخصوص نار

وہ نارِ دلِ عاشقانِ کرام
کہ ہو نار گلزار جسسے مدام

خیوری نعم جسکے دلمین وہ نار
تو نارِ جہنم کو اُسسے فرار

محبانِ سہ تن کو پروردگار
کرے جبکہ مرسول در دارِ نار

تو نارِ جہنم کرے خود فرار
وہ در قعرِ دوزخ رہی بیقرار

سلاسل گسستہ وہ ذوبانِ غُل
باطباقِ دوزخ بسے شورِ غل

کرے نار گریہ بسے آشکار
وہ خونِ جگر سے بسے اشکبار

تو ہو تب یہ فرمانِ پروردگار
کہ احباب نکلین ازان دارِ نار

اگر تجکو تفصیل منظور ہے
وسے مختصر جو ہوا ہے بیان
احادیث و قرآن سے ہی آشکار
زروح البیان و سراج منیر
زشرح مقاصد بسے معتبر
زبحر العلوم بھی دیگر زبر
ہوئے متفق اسپہ جملہ امام

تو نجم المبین مین وہ مسطور ہے
تو اوسکی یہ اسناد ہے بیگمان
مفاتیح و تحبیر مین ہے نگار
عرائس وہ تمہید از بس شہیر
زاحیائے علامۂ نامور
یہ لب لباب ہمہ رانگر
ہوا اوسسے راضی خدائے انام

قال في شرح المقاصد ذهب جمهور المحققين الى ان الايمان هو التصديق بالقلب وانما الاقرار شرط لاجراء الاحكام في الدنيا لان تصديق القلب امر باطن لابد له من علامة فمن صدق بقلبه ولم يقر بلسانه فهو مومن عند الله تعالى وان لم يكن مومنا في احكام الدنيا ومن اقر بلسانه ولم يصدق بقلبه كالمنافق فبالعكس والنصوص معاضدة لذلك انتهى فال في الاحياء ومفاتيح الغيب والشيخ عز الدين بن عبد السلام رحمه الله العلام ان النطق بكلمتي الشهادة واجب فمن تمكن من النطق بهما ولم ينطق فيجعل امتناعه من النطق بهما كامتناعه من الصلوة فيكون مومنا غير مخلد في النار لان الايمان هو التصديق المحض بالقلب واللسان ترجمانه فلابد ان يكون الايمان موجودا بتمامه قبل نطق اللسان حتى يترجمه اللسان وهذا هو الاظهر اذ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يخرج من النار من كان في قلبه مثقال ذرة من الايمان فلا ينعدم الايمان من القلب بالسكوت

تو نازل کیا حق نے قولِ قدیم | کہ ای صاحبِ خَلقِ و خُلقِ عظیم

نہ کر تو ازین بعد ہرگز دُعا | اوسیکے لئے جو وہ دلسے فدا

کہ ہی مجکو معلوم ای جانِ جان | جو ہی تیرے دلمین وہ سرِ نہان

اوسیطور ہے وہ بعلمِ خدا | کہ تیری رضا جو وہ میری رضا

ولیکن جو ہی اَمرِ شرعِ مُبین | تو اوسکا یہی حکم ہے بالیقین

کہ جو تیرے نزدیک ہین مشرکین | اگرچہ قرابت مین ہون اقربین

تو اونکے لئے تو نکر آشکار | طلَبِ مغفرت کی نہ پروردگار

جنان سے مُصَدِّق وہ نزدِ خدا | بلا ریب مومن مُوَحِّد سدا

ولے حکمِ شرعی نہ اوسپر روان | کہ حکمِ شریعت کا مظہر لسان

زبان سے جو اقرار مشہود ہو | جنانسے نہ تصدیق موجود ہو

تو مومن وہ ظاہر مین بے امترا | ولے ہے زکفّار نزدِ خدا

مُنافق شریعت مین وہ لاکلام | جہنم مین جاوے فبِئسَ المقام

ولے جو مُصَدِّق جنانسے ضرور | اگرچہ نہ اِقرار کا ہو ظہور

تو ہی اوسکا مَسکن وہ دارِ جنان | کہ مومن وہ تصدیق سے بیگمان

کہ اِقرار مسقوط ہے چند جا | نہ وہ رکنِ ایمان بہ پیشِ نُہے

وہ ہی ترجمانِ جنان بالیقین | ہوئے مُتفق اسپہ علمائے دین

وہ لاریب مثلِ صلوٰۃ و صیام | نہ ایمان کا زنہار اوسپر قیام

کرے ترک اوسکو بقدرت اگر | تو عاصی وہ لاریب ای ذی ہنر

کہین اوسکو مومن ہمہ مومنان | ولے نزدِ ایزد نہ در این جہان

| نگہبان انکا خدائے قدیم | وہ حامد یہ محمود خلق عظیم |
|---|---|

قال فی الہدی النبوی والامتاع ومنہل الصفا ونسیم الریاض و التحاریر لاقوال ائمۃ التفاسیر وغیرھا من زبر النحاریر واعلم ان ابا طالب کانت محبتہ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعرفتہ بانہ رسول اللہ وتصدیقہ فی قلبہ محققۃ ولکن اللہ تعالیٰ لم یظہر اسلامہ وفی ذلک حکم عظیمۃ وعبرۃ فخیمۃ منہا انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان فی جوارہ وحمایتہ ظاہرا حتی ما کان احد یجتری علیہ فلو اظہر الاسلام لم یقبلوا جوارہ اذ لا جوار للمسلمین عندھم فلہذا احبس اللہ لسانہ عن الاقرار فینبغی لکل مومن ان یتادب فی ھذا المرام ولا یوذی حبیب اللہ الملک العلام علیہ اطیب الصلوۃ وازکی السلام ومما قالہ ابو طالب فی القصیدۃ الطویلہ فی نصرتہ علیہ الصلوۃ والتحیات الجمیلہ ھذہ الابیات المعوذات الجلیلہ

فتفکر فیہا من عقیدتہ الاصیلہ

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا رَاَیْتُ الْقَوْمَ لَا وُدَّ فِیْھِمُوْ | وَقَدْ قَطَعُوْا کُلَّ الْعُرٰی وَالْوَسَائِلِ |
| فَاَحْضَرْتُ عِنْدَ الْبَیْتِ رَھْطِیْ وَاِخْوَتِیْ | وَاَمْسَکْتُ مِنْ اَثْوَابِہٖ بِالْوَصَائِلِ |
| اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مِنْ کُلِّ طَاعِنٍ | عَلَیْنَا بِسُوْءٍ اَوْ مُلِحٍّ بِبَاطِلِ |
| وَبِالْبَیْتِ حَقِّ الْبَیْتِ مِنْ بَطْنِ مَکَّۃَ | وَبِاللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ لَیْسَ بِغَافِلِ |
| وَمَنْ حَجَّ بَیْتَ اللّٰہِ مِنْ کُلِّ رَاکِبٍ | وَمِنْ کُلِّ ذِیْ نَذْرٍ وَّمِنْ کُلِّ رَاجِلِ |
| وَتَوْقَافِھِمْ فَوْقَ الْجِبَالِ عَشِیَّۃً | یُقِیْمُوْنَ بِالْاَیْدِیْ صُدُوْرَ الرَّوَاحِلِ |
| وَلَیْلَۃِ جَمْعٍ وَالْمَنَازِلِ مِنْ مِّنًی | وَھَلْ فَوْقَھَا مِنْ حُرْمَۃٍ وَّمَنَازِلِ |

عن النطق الواجب کما لا ینعدم بترك الفعل الواجب انتہی و فی التمہید
عن الامام الاعظم والہمام الاقدم ابی حنیفۃ النعمان بلّغہ اللہ اعلیٰ
غرف الجنان والناس فی الایمان علی ثلاث مراتب احدہم مومن عنداللہ
تعالیٰ وکافرعند الناس وہومن یعرف اللہ تعالیٰ ویعتقد التوحید ولکن
لم یظہرالاقرار ویظہرالکفر تقیۃً والثانی کافرعنداللہ تعالیٰ ومومن عندالناس
وہومن اقربلسانہ ولم یعتقد بجنانہ والثالث مومن عنداللہ وعندالملائکۃ
والناس اجمعین وہومن اقربلسانہ وصدّق بجنانہ انتہی قال اللہ الملک
المنان اُولٰئِكَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْاِیْمَانُ وقال اللہ عظیم الشان اِلَّا مَنْ اُکْرِہَ
وَقَلْبُہٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ وقال اللہ الغافرلذنوبکم وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ
فِیْ قُلُوْبِکُمْ قال فی السّراج المنیر وغیرہ من التفاسیر کروح البیان
والتحبیر واسرار التنزیل ودرۃ التاویل وبحر العلوم وعرائس البیان
وغیرہا من زبر اہل العرفان وانّ تلك الآیات السّاطعۃ من الحجج القاطعۃ
علی انّ الایمان ہو التصدیق بالجنان وامّا اقرار للّسان فلیس بداخل
الایمان ہذہ المعۃ من نجم المبین واللہ یہدی بہا المتّقین ۵

ابوطالبِ عمِّ خیرُ العباد
جو ہے درقصیدۂ تعوّذ عیان
وہ تعویذ ہے بہرِ خیرالورا
کیا اوسکو انشائے عمِّ رسول
کہ یہ چشمِ اعدا سے محفوظ ہون

یہی اونکا لاریب ہے اعتقاد
معوّذ ہوئے جسمین وہ جانِ جان
زخلّاقِ ارضین ورب السّما
برائے حبیبئے پدرِ بتول
یہ عینِ عنایت سے ملحوظ ہون

کہ ہی کفر افشائے سرّ نہان — کہ لائق نہ اسکے مگر سرّ دان
نہوتا اگر کفر افشائے آن — کَشَفْتُ لَہٗ عِنْدَکُمْ بِالْبَیَان

اِفْشَاءُ سِرِّ الرُّبُوبِیَّۃِ کُفْرٌ اَوْرَدَہُ العلامۃ الخادمی فی البریقۃ المحمودیۃ والعلامۃ البونی فی شمس المعارف الالھیۃ وغیرھما فی الزبر الدینیۃ قدس اللہ اسرارھم السنیۃ

تو اب تم سنو یہ بگوش جنان — کہ اہل ظواہر یہ ہی جو عیان
کہ لاریب جو اہل تصدیق ہی — نہ اقرار سے اُسکو توفیق ہے
تو دائم نہ دوزخ مین اوسکا مقام — کہ ہی دار اوسکا وہ دار السّلام
کہ مومن وہ لاریب نزد خدا — یہی امر شرعی نہ اسمین خطا
ہوئے متّفق اسپہ جملہ عظام — یہ مذکور بالا ز کتب فخام
تو وہ عمّ خیر الورا انکا نام — ابو طالب ذی محبّت مدام
جنان سے مُصدّق بلا امترا — بلاریب مومن وہ نزد خدا
تو اِسّے نہ منکر کو جائے فرار — و اِلّا اُسے نار مین ہو قرار
ولے عدم اقرار مین ہی کلام — کلام مصفّےٰ جو نزد فہام
تو اس عدم اقرار مین آشکار — سبسے سرّ لاریب نزد کبار
سیکھے اُنسے یہ ہی بصدق و یقین — یہ مذکور بالا ز علمائے دین
کہ ظاہر مین تھے وہ شفیع الانام — علیہ صلوٰۃ خدا و سلام
اُنو کی حمایت مین لیل و نہار — جوار نبی پر وہ تھے جان نثار
تو سب دشمنان شفیع الورا — وہ مقہور تھے اُسّے بے امترا
نہ کرتا کوئی اوسمین چون و چرا — کہ عہد حمایت پہ تھے وہ سدا

فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا مِنْ مَّعَاذٍ لِعَائِذٍ
وَهَلْ مِنْ مُّعِيْذٍ يَتَّقِي اللهَ عَاذِلِ

كَذَبْتُمْ وَبَيْتِ اللهِ نَتْرُكُ مَكَّةَ
وَنَظْعَنُ اِلَّا اَمْرُكُمْ فِيْ بَلَابِلِ

كَذَبْتُمْ وَبَيْتِ اللهِ تُبْزِيْ مُحَمَّدًا
وَلَمَّا نُطَاعِنْ دُوْنَهٗ وَنُنَاضِلِ

بِكَفِّيْ فَتًى مِثْلِ الشِّهَابِ سَمَيْدَعٍ
اَخِيْ ثِقَةٍ حَامِي الْحَقِيْقَةِ بَاسِلِ

شُهُوْرًا وَاَيَّامًا وَحَوْلًا مُحَرَّمًا
عَلَيْنَا وَتَاْتِيْ حِجَّةٌ بَعْدَ قَابِلِ

وَاَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ
ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ

يَلُوْذُ بِهِ الْهُلَّاكُ مِنْ اٰلِ هَاشِمٍ
فَهُمْ عِنْدَهٗ فِيْ رَحْمَةٍ وَفَوَاضِلِ

فَلَا زَالَ فِي الدُّنْيَا جَمَالًا لِاَهْلِهَا
وَزَيْنًا لِمَنْ وَالَاهُ رَبُّ الْمَشَاكِلِ

فَمَنْ مِثْلُهٗ فِي النَّاسِ اَيُّ مُؤَمَّلٍ
اِذَا قَاسَهُ الْحُكَّامُ عِنْدَ التَّفَاضُلِ

حَلِيْمٌ رَّشِيْدٌ عَادِلٌ غَيْرُ طَائِشٍ
يُوَالِيْ اِلٰهًا لَيْسَ عَنْهُ بِغَافِلِ

فَاَصْبَحَ فِيْنَا اَحْمَدُ فِيْ اَرُوْمَةٍ
تُقَصِّرُ عَنْهُ سَوْرَةُ الْمُتَطَاوِلِ

فَاَيَّدَهٗ رَبُّ الْعِبَادِ بِنَصْرَةٍ
وَاَظْهَرَ دِيْنًا حَقُّهٗ غَيْرُ بَاطِلِ

سنو اے محبو بحب حبیب
کہ ہو اسّے ایمانکوا و فر نصیب

کہ تصدیق عم نبی لا کلام
بلا ریب ثابت وہ نزد عظام

و لے اوسکا اقرار معدوم ہی
کہ یہ سر اسرار مکتوم ہے

جو ہی سر وان اسکو معلوم ہی
کہ وہ سر سری سے مفہوم ہی

و لے امر شرعی جو ملزوم ہے
اوسیکا بیان ہمیہ محتوم ہے

کہ سر حقیقت جو مختوم ہے
تو اظہار آن بسکہ مذموم ہی

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ لا دلالة فی هذه الاية علی كفر ابي طالب ذلك
لانه قال عند موته يا معشر بني عبد مناف اطيعوا محمدا وصدقوه تفلحوا
وترشدوا فقال عليه الصلوة والسلام وعلى آله واصحابه الكرام يا عمی تامرهم
بالنصح لانفسهم ولا تقول لا اله الا الله اشهد لك بها عند الله تعالی قال
يا ابن اخي قد علمت انك صادق ولولا ان يكون عليك وعلی بنی ابيك
مسبة بعدي لقلتها ولا قررت بها عينك هذا ملخص ما في نجم المبين

والله یهدی به الموقنین

سنو اے عزیز و عزیز الکلام — کہ جسّے عزیز ونکا ہو احترام
کہ یہ قولِ ایزد جو مذکور ہے — کلامِ خدا مین جو مسطور ہے

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ

تو کفرِ ابی طالبِ مہربان — نہ ہی اُسّے زنہار ہرگز عیان
کنایت اِشارت سے معدوم ہی — توکب وہ صراحت سی مفہوم ہی
و لے منکرون کا یہان اِتّہام — کہ ہادی نہ زنہار خیرُالانام
کہ اِسطور فرمانِ پروردگار — کہ جو تیرا محبوب لیل و نہار
تو اوسکا تو ہادی نہین زینہار — ابوطالبِ عمّ وہ آشکار
و لے جسکو چاہی خدائے کریم — تو وہ مہتدی بر رہِ مُستقیم
تو ہادی نہین جبکہ خیرُالوریٰ — تو کیونکر وہ شافع بروزِ جزا
کہ لابد ہدایت وہ اصلِ اصیل — شفاعت ہوئی اُسّے فرعِ ظلیل

خیوری سے اِسکا سُنو اب جواب

تو اقرار ہوتا اگر آشکار | زعمِ نبی مشفقِ جان نثار
بدینِ محمد علیہ السلام | تو ہوتا وہ باطل جو عہدِ لئام
جوار و حمایت نہوتے مدام | نہ ظاہر مین حامی کا زنہار نام
کہ نزدیکِ آن جملۂ مشرکین | جوارے نہ معہود للمسلمین
حمایت نہ زنہار تھی معتبر | برائے مسلمان اگرچہ پسر
تو اسواسطے خالقِ دوجہان | کہ غالب نہ زنہار ہون مشرکان
زبان کو کیا منع اقرار سے | اگرچہ زیادہ وہ صد بار سے
کرے دل کی تصدیق ظاہر مدام | کہ لاریب ہی تو رسولِ انام
تو بیشک نبی سید المرسلین | حبیبِ خدا رحمتِ عالمین
جو ہے دین تیرا وہ دینِ خدا | وہ حق الیقین ہے بلا امترا
نہ بطلان کا اوسمین ہرگز گذر | وہ حقِ حقیقت بسے معتبر
جو اس دین پر ہے وہ از مفلحین | بلاریب دائم وہ از راشدین
کہ یا ای اولادِ عبدِ مناف | اطیعوا محمد بلا اختلاف
بجالاؤ تصدیق اوسکی بجان | وہ صادق وہ مصدوق ہی بیگمان
تو لاریب ہو تم زاہلِ فلاح | یہی امرِ معروف امرِ صلاح
یہی نزدِ مرگِ جسنی تھا بیان | اسی پر وہ دنیا سی لابد روان
یہ اقرار با عدمِ اقرار تھا | یقین اسمین بھی سرِ اسرار تھا
کہ ہون اونپہ دو حکم لابد روان | کہ ہین وہ فدا بر شہِ دوجہان

قال فی مفاتیح الغیب والتحبیر وغیرہما من نہ برالمشاہیران قولہ تعالے

رضائے تو ہر طور منظور ہے — نہ اسمین کسیطور محظور ہے
ولے وہ جو اقرارِ عمّ فہیم — بوقتِ سوالِ رسولِ کریم
تو روزِ ازل مین وہ لابد عدیم — کہ یہ حکمتِ رب یہ سرِّ عظیم
نہ تیرا ارادہ بھی مقرون ہی — ارادے ازل سے جو مکنون ہے
قرابت کے رو سے یہ تیری نوال — کہ اقرار ہو اُنسے وقتِ سوال
تو اجرائے احکامِ ایمان تمام — ابو طالب عمّ پر ہون مدام
تو یہ اُنکے حق مین نہ مکتوب ہی — نہو اسّے غمگین تو محبوب ہی
جو مقرون ہوتا ارادۂ رسول — ارادے ازل سی جو اصلِ اصول
تو لاریب اقرار پاتا ظہور — ابو طالب عمّ سے بالضّرور
نہ خواہش ہوئی یہ زنورِ حبیب — کہ لاریب ہی اسمین سرِّ عجیب
تو کیونکر وہ اظہارِ اقرار ہو — اگرچہ وہ اقرار صد بار ہو
تامّل ذرا کر بفکرِ جنان — تو انصاف سے ہو ز اہلِ دلان
کہ جسوقت جاری کیا بر زبان — حبیب خدا شافع دو جہان

## اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الاِسلَامَ بِعُمَرَ کیف اجابہ

کہ ای میرے معبود پروردگار — تو مقصود و مطلوب در جملہ کار
تو کر دینِ اسلام کو اب عزیز — عُمَر سے جو فاروق اہلِ تمیز
تو کسطور فی الفور یہ مُستجاب — ہوا بارِ ایزد مین بے ارتیاب
کہ نورِ نبی جب ہوا در وجود — وہ کنزِ خفی سے ہوا در شہود
تو اُسوقت جسطور اونکی رضا — کہ در اصل ہی وہ رضائے خدا

بجلے جسّے منکر کا دل جون کباب

رسولِ خدا کے جو ہین منکرین
سزا وارِ لعنت وہ ہین بالیقین

کہ تحریفِ معنی کرین وہ لئیم
وہ مثلِ یہودی زاہلِ جحیم

وہ اولادِ ابنِ مُغیرہ ولید
پلیدی مین اُسسے زیادہ پلید

کہ فرمانِ رَبّ درکتابِ قدیم
جو احمد کا موذی وہ لابد زنیم

کہ معنی ہدایت کا اِسجا ضرور
وہ اِعطائے توفیق ہی بے فتور

کہ پیدا کرے ہے خدا اِہتدا
کہ ہو جسّے تصدیقِ ایمان ادا

جو اِعطائے توفیق ہو درجَنان
تو اقرار اُسّے کرے یہ لِسان

نہ یہ خلق و توفیق ہو گر عطا
تو دل بھی زبانسے وہ ہو کب ادا

یہ اِعطائے توفیق فعلِ خدا
کرے خلق وہ درجَنان اِہتدا

وہ خالق وہ خلّاق بے اِمترا
اُسی رب کے مخلوق ارض وسما

نہوگر یہ معنی یہان پر مُراد
تو قولین ایزد مین ہووے تضاد

کہ ہادی نہین تو یہ قولِ قدیم
ہوا جیسا آیت مین بالا رقیم

تو ہادی بلاریب اُمّی مصطفےٰ
نہ تیری ہدایت مین کچھ اِمترا

اِسیطور فرمانِ پروردگار
کلامِ خدا مین یہ ہی آشکار

وَاِنَّکَ لَتَھْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

تو ہی عدمِ ہادی سے لابد مراد
کہ خالق نہین تو براے عباد

نہ میرا تو زنہار گاہے شریک
تو فیضِ قدیمی حبیبِ ملیک

تو ہی ہادیٔ خلق لیل ونہار
شفیعِ خلائق تو ہے آشکار

و بالجملة یفهم من له الدرایة بان هذه الایة قد دلت علی ان ذا الجلال والاکرام یرضی حبیبه علیه الصلوة والسلام وارضاه فیما مضی فی جمیع المرام فسبحان من اعزه بهذه الفضیلة العظیمة وشرفه بتلك الخصیصة الفخیمة

مواہب مین ایسا جو مسطور ہے
کہ ہی بعض جاہل کا ایسا مرام
اگرچہ رہے ایک در دارِ نار
تو لابد یہ ہے از غرورِ رحیم
حقوقِ خدا سے وہ اعرف مدام

وہابی کا دل جسسے مغرور ہے
کہ راضی نہون رب سے خیر الانام
زمرحومہ اُمّت بروزِ شمار
نہ کیون رب سے راضی رسول کریم
تو لا ارضی کیونکر کرین وہ کلام

خیوری سے اِسکا سنو اب جواب
نہ زنہار ہی اوسمین کچھ ارتیاب

کہ وہ شبہ بالا جو مذکور ہے
کیا اوسکو مردود حفاظِ دین

وہ سہو و خطا اور پُرزور ہے
کہ ہی وہ خلافِ حدیثِ مُبین

قال فی انوار الحقائق وعن علی رضی الله عنه لما نزلت هذه الایة وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى قال علیه الصلوة والسلام وعلی اله واصحابه الکرام اِذًا لا ارضی و واحدٌ من امّتی فی النار وکذا رواه البزار والطبرانی وابو نعیم والزرقانی فی شرح المواهب للقسطلانی شاه عبد العزیز قدس الله سرّه الحریز در تفسیر فتح العزیز فرموده که در حدیث شریف ست که چون آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى نازل شد آنحضرت صلی الله علیه و آله وسلم بار ان خود فرمودند که من هرگز راضی نشوم تا انکه یک کس از امّت خود بهشت داخل

| | |
|---|---|
| تو اوسطور سب کا رکا ہو ظہور | کہ منظور ایجاد سے یہ ضرور |
| کہ اونکی رضا کے نہو کچھ خلاف | یہی عہد و پیمان ہوا صاف صاف |
| جو مذکور بالا ہوا ہے بیان | وہ نجم المبین ہیں مفصّل عیان |
| دلے ہیں یہ قطرہ زبحرِ عمیق | نہ قطرہ سے زنہار ہو تو غریق |

قال فی روح البیان وتفسیر العلامۃ السمان وغیرھما من تفاسیر ارباب الاتقان تحت قولہ تعالیٰ اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ کانہ قال انت شفیع فی الجنایات لا شریک فی الھدایات ای فی خلق الاھتداء واعطاء التوفیق لمن یشاء کما ھو مصرح فی الشیخزادہ والسراج المنیر ومدارک التنزیل ومفاتیح الغیب والتحبیر وشرح الشفا لعلی القاری رحمہ اللہ الباری وغیرھا من زبر الکملا قال فی عرائس البیان ان الھدایۃ مقرونۃ بارادۃ الازل فلو کانت ارادۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم وعلی الہ واصحابہ ذوی الحکم فی حق ابی طالب مقرونۃ بارادۃ الازل لکان مھتدیا ولکن کان محبتہ وارادتہ فی حقہ من جھۃ القرابۃ الاتری انہ علیہ الصلوۃ والسلام وعلی الہ واصحابہ الکرام اذا قال اللّٰھم اعز الاسلام بعمر کیف اجابہ انتھی وقد قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی قال فی مفاتیح الغیب وکشف القناع من الریب دلت ھذہ الآیۃ علی انہ تعالیٰ یفعل کل ما یرضاہ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم وبعد متہ ھذہ الآیۃ مناسبۃ لذلک کانہ تعالیٰ یقول لا اودعک ولا ابغضک علی احد من اصحابک واتباعک واشیاعک طلبا لمرضاتک وتطییبا لقلبک انتھی

یحب اللہ والحبیب یحبه اللہ والکلیم یاتی الی طور سینا کالسائلین والحبیب
ینام علی فراشه فیاتی الیه جبرئیل فاسراہ اللہ الی مکان فی طرفة عین
لم یبلغه احد من المخلوقین وقال ابن الجوزی رحمه اللہ الولی ان اللہ تعالیٰ
اوحی الی سیدنا محمد صلی اللہ علیه وسلم یا حبیبی کل احد یطلب رضائی
وانا اطلب رضاك انتهی وروی مسلم عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص ان اللہ
تعالیٰ قال لجبرئیل اذهب الی محمد فقل انا سنرضیك فی امتك ولا نسوك
قال الامام النووی رحمه اللہ القوی هذا الحدیث موافق لقوله عز وجل
وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى واما قوله ولا نسوك فقال صاحب التحریر
هو تاکید للمعنی ای لا نحزنك لان الارضاء قد یحصل فی حق البعض
بالعفو عنهم ویدخل الباقی فی النار فقال تعالی نرضیك ولا ندخل علیك
حزناً بل ننجی الجمیع تم کلامه قدس مقامه

## شعر

| | |
|---|---|
| اَلَمْ يُرْضِكَ الرَّحْمٰنُ فِیْ سُوْرَةِ الضُّحٰی | وَحَاشَاكَ اَنْ تَرْضٰی وَفِیْنَا مُعَذَّبٌ |

جو ولسوف یعطیک نازل ہوا
تو اسطور فرمانِ شاہِ شہان
ہوا پیش یاران بسے آشکار
اگر میری اُمّت سے در دارِ نار
نہ رہنا رہی یہ رضائے جنان
جو مرحومہ اُمّت یہ ہی بیگمان

جو عہدِ رضا ہے بخیرُ الورا
حبیبِ خدا سیّدِ انس و جان
کہ رب سے نہ راضی ہین ہون تنہا
رہی ایک عاصی بروزِ شمار
کہ دوزخ مین از اُمّتی عاصیان
تو کیونکر نہ جنّت اِنونکا مکان

نکنم انتہی و عارف باللہ یعقوب بن عثمان قدس اللہ سرہٗ باللطف
والاحسان در تفسیر خویش تحت آیت مسطورہ فرمودہ کہ جناب رسول
کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم فرمود تا یکے از امت من بدوزخ باشد
من راضی نشوم انتہی واخرج ابو نعیم فی الحلیۃ عن سیدنا علی رضی اللہ
عنہ انہ علیہ الصلوۃ والسلام وعلی الہ واصحابہ الکرام لا یرضی ان یدخل
احد من امتہ النار فقولہ لا یرضی موقوف لفظا و مرفوع حکما اذ لا
مدخل للرای فیہ قال القاضی عیاض قدس اللہ سرہ الفیاض فی کتاب الشفاء
روی عن بعض آل النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو سیدنا علی بن ابی طالب
کرم اللہ وجہہ علی ما ذکرہ الثعلبی فی تفسیرہ انہ قال لیس ایۃ فی القران
ارجی منھا ای من ایۃ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ثم بیّن وجھہ ولا یرضی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یدخل احد من امتہ النار ورواہ
ایضا ابو نعیم فی الحلیۃ موقوفا والدیلمی فی الفردوس مرفوعا وروی
انہ لما نزلت قال اذن لا ارضی وان یکون واحد من امتی فی النار
ھکذا فی شرح الشفا لعلی القاری رحمہ اللہ الباری وروی البیہقی
عن ابن عباس علیہم رضوان اللہ ملک الناس فی تفسیر وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ
رَبُّكَ فَتَرْضٰى قال رضاہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یدخل امتہ کلھم الجنۃ
قال فی تفسیر بحر الدرر والتحبیر وغیرھما من زبر النحاریر قال موسی
علیہ السلام یا رب انا کلیمک ومحمد حبیبک فما الفرق بین الکلیم والحبیب
فقال ان الکلیم یعمل برضاء مولاہ والحبیب یعمل مولاہ برضائہ والکلیم

نہ ہے اونکو دوزخ کا غم زینہار ۔ کہ دوزخ کرے اُسسے لابد فرار

یہی شرطِ اُمّت یہ لابد ضرور ۔ کہ ہو دلین حُبِّ حبیبی سے نور

خدا بعد اونکا تو سمجھے مقام ۔ سمجھے دل سے یکتا وہ خیرُ الانام

مُنزّہ وہ شرکت سے بین الورا ۔ تو ادراکِ خلقت سے وہ ماورا

نہین اونکا واللہ ممکن نظیر ۔ کہ ہے وہ علیٰ کُلِّ شَیْءٍ قدیر

کہ چاہا نہ ایزد نے اونکا نظیر ۔ تو کسطور مُمکن نظیرِ بشیر

جمالِ خدا وہ خدائے جمال ۔ وہ نورِ خدا ہی نہ ہے ذُوالجلال

وہ نورِ بقا ہے نہ اونکو زوال ۔ سرورِ لقا وہ نہ ہے بے مثال

وہ مشکاتِ ازلی وہ ابدُالآباد ۔ وہ مصباحِ قُدّوس ربّ العباد

وہ قندیلِ سُبحان سبحان ہے ۔ کہ جسکی صفائی وہ قُرآن ہی

چو کوکب وہ ہی بر سمائے قِدم ۔ وہ دُرّی سرمد بآفقِ ہمسم

منوّر وہ از زیت شجرِ عظیم ۔ نہ شرقی نہ غربی ز کنزِ قدیم

وہ نورٌ علیٰ نور بے مثل نور ۔ وہ ظاہر وہ باطن وہ یکتا غفور

نہ اُن دو مین حائل مگر یک زجاج ۔ اسی پردہ دُئی کا ہوا ہے رواج

صفت ذات مین ہی زجاج لطیف ۔ بچشمِ لطافت نگر اے کثیف

نہ وہ عین ہی بھی نہ وہ غین ہے ۔ بغیرِ زجاجہ وہی عین ہے

خیوری ز نورِ سراجِ مُنیر
مُنوّر ہوا جو وہ بیشک بصیر

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ

جو میری رضا اُسکو منظور ہے
کہ جسطور وہ عہدِ مسطور ہے

تو راضی نہونگا مین رب سے کبھی
مگر جاوے جنت مین اُمت سبھی

نہ زنہار عہدِ خدا کا خلاف
کہ یہ از محالات ہی صاف صاف

تو کیونکر نہ غنچۂ مرامِ جنان
شگفتہ گلے ہوز بادِ جنان

نہ غمناک ہون اب دلِ خستگان
وہ جنت مین جاوین سبھی شادمان

کلیمِ خدا نے کیا یہ سوال
بوقتِ مناجات باذوالجلال

کہ یارب تو فرما بلطفِ عمیم
کہ کیا فرق ہی در حبیب و کلیم

دیا مجکو تو نے خطابِ کلیم
حبیبِ خدا وہ رسولِ کریم

ہوا تب یہ فرمانِ پروردگار
کہ دونوین یہ فرق ہی آشکار

کہ ہر کار مین تجکو میری رضا
مقدم شب و روز بے انتہا

یہی ہے کلیمِ خدا کا مقام
رضائے خدا کا وہ طالب مدام

کرے کار جو کچھ خدائے مجیب
تو منظور اوسین رضائے حبیب

خلافِ رضائے حبیبِ خدا
نہ ہرگز کرے کچھ خدائے سما

مقامِ حبیبی یہ پُر نور ہے
کہ اونکی رضا رب کو منظور ہے

کلیمِ خدا و خدا کا خلیل
یہ ہین طالبانِ رضائے جلیل

خدا کی طلب ہی رضائے حبیب
حبیبِ خیوری زہے یہ نصیب

رضائے حبیبی کا طالب خدا
خدا کی قسم اب نہین غم سدا

جو تیری رضا اُسکو منظور ہے
تو اُمت یہ جنت مین مسرور ہے

۲
ہوا تجکو معراج بر کوہ طور
ہوا اونکو معراج بر عرشِ نور
قدم تیرا ہی طور پر بیگمان
قدم اُنکا لاریب در لامکان
کہ نعلین پائے خیر الوریٰ
وہ عظمت مین برتر ز عرشِ علا

لمّا جاء موسیٰ لمیقاتنا الآیۃ

کہ اوس طور پر جبکہ آئے کلیم
یہ آنے سے موصوف نزدِ فہیم

کیا فعل منسوب سوئے کلیم
کہ ہستی مین تھے وہ بوصفِ سلیم

جو آوے وہ ہستی سی ہشیار ہے
لیجاوین اُسے جو وہ سرشار ہی

جو آنا صفت ہی برائے عوام
لیجانا ز نعتِ خواصِ کرام

جو آوے نہ فانی ز وصفِ وجود
جو فانی لیجاوین تسے باسعود

جو آوے تو شاید نہ پاوے وہ بار
بلاوین جسے اوسپہ ہے نہا نثار

کرین یاد اوسکو ہمہ بار بار
کہین کب مشرف کرے وہ نگار

وہ لاریب مطلوب و مذکور ہے
وہ محبوب در عین چون نور ہی

وہ مخصوص بیشک مرادِ مرید
وہ منصوص با صد ودادِ وحید

لہذا ہوئی لن ترانی ندا
کلیم خدا کو جو موصوفِ جا

نظر کر بسوئے جبل سے کلیم
کہ ہرگز نہ دیکھے تو ذاتِ قدیم

صفاتی تجلّی سے تو بے قرار
کہ غشّہ صعقا ہوا آشکار

یہانتک تو بیتاب ہی بیگمان
کہ طوطیئے جان ہو جبانسے روان

تو دیکھے نہ زنہار ذاتِ قدیم
یہ دیکھے جو ہے اہلِ خُلقِ عظیم

نہ مازاغ ہرگز نہووے طغیٰ
وہ چشمِ حبیبی بوقتِ لقا

کہ سبّوح قدّوس کحلُ البصر
قدم کی ادا اوسمین ہی سربسر

حیائے ازل سے وہ سرشار ہی
اباہ جسکے مژگا نپہ جان بار ہی

وہ ہی شرمگین کنزِ مخفی سدا
نگاہِ خدا جستے ہووے ادا

فِیْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ الآیۃ

دُوم فرق یہ ہے بقولِ خدا
کلیم و حبیبی مین سارے باصفا
کہ لابد مُحبِّ خدا ہے کلیم
خدا ہے مُحبِّ حبیبِ قدیم
خدا سبکا مقصود و محبوب ہے
ہمہ اوسکے طالب وہ مطلوب ہے
خدا کا جو مطلوب و مقصود ہے
وہ محبوبِ محمودِ محمود ہے
خدا اوسکا حامد مُحبِّ قدیم
کہان یہ حبیبی کہان وہ کلیم

جو محبوبِ محبوب محبوب ہے
غیوری کا بیشک وہ مطلوب ہے

سوم یہ کہ لابد کلیمِ مبین
گئے طورِ سینان پہ چون سائلین
وہ در روز آئے برائے سوال
گدائی کیا از خدائے نوال
کہ در روز دربارِ شاہِ انام
وہ مفتوح لابد برائے عوام
تو لاریب معراجِ موسیٰ کلیم
وہ در روزِ روشن ہوا اے فہیم
کہ مقصود و معہود اوسکے سوال
ولے اُسکے فائز نہ وہ ذی کمال
وہ معراجِ خیر الوریٰ حبیب
ہوا اونکو لاریب در شب نصیب
کہ آئے نہ خود یہ برائے سوال
کہ اِنکو بُلایا برائے وصال
کہ وقتِ وصالِ ہمہ دوستان
بلاریب در نیم شب ہمگیان
خدا نیم شب پر یہ ہی جسم و جان
کہ جسمین ہوا وصلِ جانِ جنان

یہانتک ہوا قاب قوسین مین کہ باقی نہ تھی قید اثنین مین
نہ مین اور تو کا وہان کچھ نشان وہی وصل او ادنیٰ بیشک عیان
نہ تعبیر مین ہو یہ وصفِ نہان کہ یہ سرِّ جانان عیان پیشِ جان
وہ میمِ مکان پر ہوا جبکہ لا تو کان اللہ باقی نہ تھا دوسرا

کَانَ اللّٰہُ وَلَمْ یَکُنْ مَعَہٗ ثَان

یہ لام و الف میم سے ہے متّصل وہی ایک ہی لام بے منفصل
وہی لام کان وہی لامکان مکان مین نہو لام کان عیان
الف لام ہی میم تاجِ کتاب اوسی تاج سے ہیں یہ جملہ نتاج
یہ ترتیب لازم برائے مکان کہ بیشک رہی کچھ دوئی کا نشان
یہ دارِ الم ہے یہ دارِ فراق کہ ہجرانسے دل پر رہی احتراق
ولے لامکان ہی مکانِ وصال تو لابد ہوا لام کا اتّصال
بلاریب لام و الم دو نگار ولے درحقیقت ہے یکے آشکار

خیوری زبان بند دیگر مگو
وہی ایک ربّی وہی ایک ہو

ہوا اوس بیانسے یہ بیشک نصیب کہ منظور ایزد رضائے حبیب
تو از عدم اقرارِ عمّ رسول نہ زنہار لازم یہ نزدِ فحول
کہ ایزد کو از رضائے خیر الورا نہ منظور و مطلوب در ہر سرا
نہین بلکہ مقصودِ ربّ الانام رضائے حبیبی علیہ السّلام
لہٰذا کیا ردّ علمائے دین محدّث مفسّر جو ہین بالیقین

لہذا یہ فرقان مین فرمان ہی  
کہ لاریب تیری یہی شان ہی

سُبْحَانَ الَّذِيْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَيْلًا الآيۃ

کہ اِسرائے تیرے یہ سبحان ہی  
کہ سبحان ربی یہ کیا شان ہی

یہ وہ شانِ غفرانِ عصیان ہی  
کہ شانِ خدا کی وہ برہان ہی

یہ وہ شان ہے نورِ ایمان ہی  
کہ شانِ خدا جسّے با شان ہی

یہ وہ شان ہی رب کا تبیان ہی  
کہ شانِ الٰہی وہی شان ہی

خیوری یہی شانِ سبحان ہی  
کہ سبحان ربی خدا شان ہے

تو ہی اونکا اِسرائے تا لامکان  
مکان اور مکان جہان بے نشان

تو اسریٰ حقیقت ہی خدا کی ضرور  
ہوا جسکا بہر حبیبی ظہور

کہ رب نے بلایا اوسے جو حبیب  
وہان جو نہ ہرگز کسیکو نصیب

کہ فانی یہ از جملہ ذات و صفات  
نہ ہی دو دِ نفسی درین نورِ ذات

من اللہ یہ فی اللہ مع اللہ مدام  
یہ باللہِ باقی نہ اِسمین کلام

تو حق نے کیا وصف اپنا بیان  
کہ مجمین وہ فانی دوئی بی نشان

کرون وصف اوسکا مین کیونکر بیان  
وجودِ بیا نین نہو وہ عیان

کہ وہ سیر جبروت و لاہوت مین  
نہ در ملکِ ناسوت و ملکوت مین

گئے طرفۃ العین مین با سرور  
کہ عینک سے چون دید کا ہو عبور

حبیبِ خدا کو ہوئی یہ ندا  
کہ نزدیک آ جلد اے مصطفا

کہ تجکو بلایا برائے وصال  
نہو وصل ہرگز بجز اِتصال

مراد الله فلا اشکال وکم طلب صلی الله علیه واله وسلم لامته امورا وهو فی مقام الرضاء دائما واذا وعد بالارضاء فلا بد من ادخالهم الجنة فلا ینبغی ان یجترأ احد علی ابطال الروایات باوهام الشبهات وظاهر ان لکفر نسبة الی الله باعتبار فاعلیته له وایجاده ونسبته الی العبد باعتبار محلیته واتصافه به وانکاره باعتبار النسبة الثانیة والرضاء باعتبار النسبة الاولی وقال فی شامل امام الحرمین علیه الرضوان فی الکونین لم یثبت عندنا وجوب الرضاء بالقضاء فان الانسان اذا اعترته الالام واکتنفته الاسقام لا یجب علیه فی الدین ان یطمئن الیها ویرضی بها ولا علیه ان یکرهها ویبدی قلقا منها وما ورد من الخبر ان الله تعالی یقول من لم یرض بقضائی فلیطلب ربا سوائی فهو من الاحاد لا تقوم به الحجة فی القطعیات ثم یعارضه استعاذة النبی صلی الله علیه واله وسلم من قضاء السوء

سنو اوسکا اب تم ملخص بیان کہ دو نسبت فعل ہین بیگمان
یکے نسبت فعل سوئے خدا کہ پیدا کیا اوسکو رب السما
دگر نسبت فعل سوئے عباد کہ ہوا انسے ظاہر فساد و سداد
یہ موصوف افعال ہین لاکلام کہ ظاہر ہین فاعل یہ نزد ہمام
تو عدم رضائے رسول و خدا بعصیان و نسیان جملہ ورا
وہ عدم رضائے شفیع الانام کہ آتشکا دوزخ نہووے مقام
تو یہ نسبت بندگان سے ضرور کہ ظاہر ہوئے انسے جملہ شرور
تو ہرگز نہین اسمین چون وچرا کہ لا ارض فرماوین خیرالورا

| اوسے جو مواہب سے مذکور ہے | | تمسّک وہابی کا پُر زور ہے |
|---|---|---|

قال فی نجم المبین لرجم الشیاطین واما تمسك الفرقة النجدیة ھی المعروفة فی الھند بالوھابیة و فی الحقیقة ھی اللھابیة فی نفی الشفاعة المحمدیة ٭ وفی ان الحضرة الالٰھیة لاتطلب المرضات الاحمدیة علی اھلھا الصلوٰة والتحیة ٭ بھذہ عبارة المواھب اللدنیة ٭ وما یغتر بعض الجھال من انه صلی الله علیه واله وسلم لا یرضی و واحد من امته فی النار اوان یدخلھا احد من امته من غرور الشیطان فانه صلی الله علیه واله وسلم یرضی بما یرضی به ربه وھو اعرف بحقه من ان یقول لا ارضی فقد رده الجھابذة المحققون الکملاء والاساتذة المدققون النبلاء جزاھم الله فی الدارین خیر الجزاء کالعلامة الشریف الصفوی فی شرح الشفاء والفھامة شھاب الدین الخفاجی فی نسیم الریاض قدس الله تعالٰی سرھما الفیاض والامام الھمام الزرقانی فی شرح المواھب المذکور للقسطلانی علیھما الرضوان الصمدانی حیث قال بانه جرءة وسوء ادب ولا یبعد ان یکون عذاب العصاة بغیر مرضی لله تعالی فلا یرضی به رسوله صلی الله علیه واله وسلم ایضا لان رضاءه علی وفق رضاء ربه والرضاء بالمقضی قد یکون مذموما فاذا لم یرض بعصیانهم و دخولهم النار لعدم رضاء ربه فیدخلهم الله الجنة ولو بالاخرة للوعد به والرضاء بفعل الله انما یجب من حیث انه فعل المولی الحکیم لا من حیث ھو فی ذاته والمنفی فی الحدیث الثانی وھو لا یرضی بدخول احد من امته النار من حیث ھو فی ذاته لا من حیث انه

اُولِی قُرْبٰی مِنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّھُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ

کہ لائق نہ یہ بہرِ خیر الوریٰ ‏| نہ بہر ہمہ مومنان اے فتا
کہ غفران مانگیں ز پروردگار ‏| طلب مغفرت کی کریں آشکار
برائے ہمہ کافران ای فہیم ‏| ہوا جبکہ ظاہر وہ اہلِ جحیم
اگرچہ اقارب وہ ہوں کافران ‏| چو پدر و پسر جو کہ لختِ جنان
سنو اے عزیز و بفکرِ سلیم ‏| کہ دائم رہو بر رہِ مستقیم
کہ اس قول میں نزدِ علمائے دین ‏| بدو امر ہے اختلافِ مبین
یکے امر لاریب شانِ نزول ‏| تو اطوارِ اربعہ یہ وہ ای فحول
کسینے کہا وہ بامّ حبیب ‏| تو لابد یہ مردود نزد لبیب
علیّ ولی سے جو اصلِ اصول ‏| ہوا شخص داعی کے حقمیں نزول
کہ مومن وہ لاریب تھا بیگمان ‏| ولے مانگتا از خدائے جہان
برائے پدر مادرِ مشرکان ‏| کہ مغفور کر اونکو ای مہربان
تو اوسکو کیا منع مشیرِ خدا ‏| کہ اونکے لئے تو نکر یہ دعا
کہ بیشک وہ تھے از ہمہ مشرکین ‏| تو مشرک نہ مغفور ہو بالیقین
تو اوسنے کیا اسطرح التجا ‏| خلیلِ خدا نے کیا کیون دعا
کہ آزر بلاریب از مشرکین ‏| تو کیونکر وہ مغفور ہوئی امین
تو پھر آپنے پیشِ خیر الانام ‏| کیا عرض داعی کا جملہ کلام
تو نازل ہوا اب یہ قولِ قدیم ‏| کہ داعی نہو بہرِ اہلِ جحیم
کہ مشرک جو ابدی ہوا آشکا ‏| تو مغفور ہووے نہ وہ زینہار

خدا نے کیا جبکہ عہدِ رضا
تو کیونکر نہ اُمّت کو بخشے خدا

جو مانگا خدا سے شفیعُ الوریٰ
تو لابد خدا نے کیا وہ عطا

بہر طور چاہے وہ انکی رضا
رضائے محمدؐ رضائے خدا

تو زنہار لائق نہ یہ اے امین
کہ جرأت کرین بے ادب منکرین

باوہامِ شبہاتِ اِبطال پر
کہ باطل کہین قولِ خیر البشر

نہ ہر جا رضا باقضا ہی ضرور
بسے جائے پر یہ رضا پُر فتور

رضا باقضا جو کہ مذکور ہے
حدیثِ خدا مین جو مشہور ہے

مَن لّم یرض بقضائی فلیطلب ربًّا سوائی

تو حجّت کا اِسّے نہووے قیام
امورِ یقین مین کبھی ای فہام

کہ لابد یہ ہے از حدیثِ احاد
تو حاصل نہوا اِسّے قطعی مراد

نہین دیکھتے منکرانِ لئام
پناہ مانگتے رب سے خیر الانام

ہمیشہ یقیناً ز سُوءِ القضا
تو ہر جا قضا پر نہ لازم رضا

یہ مضمونِ بالا جو مذکور ہی
یہ شرحِ مواہب مین پُر نور ہے

بھی شاملِ وہ صفوی جو شرحِ شفا
بھی ہے در نسیم ریاضِ صفا

مفصّل یہ نجم المبین مین نگار
یہان مختصر وہ ہوا آشکار

نہ منکر کا باقی یہان قیل و قال
مگر ایک اِسطور جائے سوال

کہ تصدیق سے عمِّ شاہِ شہان
ابو طالبِ مشفق و مہربان

ہوئے جبکہ مومن وہ نزدِ خدا
تو کیونکر یہ فرمانِ ربُّ الوریٰ

مَا کَانَ لِلنَّبِیِّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ یَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِکِیْنَ وَلَوْ کَانُوْٓا

قال فی مفاتیح الغیب والکشف عن قناع الریب والتحبیر والتحریر لاقوال ائمۃ التفاسیر وغیرھا من زبر المھرۃ النحاریر ان فی سبب نزول قولہ تعالیٰ ما کان للنبی والذین امنوا الی ان ابراھیم لاواہ حلیم وجوہ اولھا ما روی عن سعید بن المسیب عن ابیہ ان ھذہ الایۃ نزلت فی حق ابی طالب عمّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم والثانی ماروی عن سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجھہ انہ سمع رجلا یستغفر لابویہ المشرکین قال فقلت لہ استغفر لابویک وھما مشرکان فقال الیس قد استغفر ابراھیم علیہ السلام لابیہ فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنزلت ھذہ الایۃ اخرج ابن سعد عن سیدنا علی رضی اللہ عنہ انہ قال واللہ ما نزلت ایۃ الا وقد علمت فیما نزلت واین نزلت وعلیٰ من نزلت انّ ربّی وھب لی قلبا عقولا ولسانا ناطقا وکفاہ شرفا والثالث ماروی عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ انھا نزلت فی اُمّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی الفوائد البارزۃ وسبل النجاۃ والاکمال والعیون والتحریر ان ھذا الحدیث والحدیث الاخر امی مع امکما مع ضعف الاسناد من الاحاد لا تقوم بھا حجۃ فی معارضۃ النصوص القاطعۃ والاخبار الصحیحۃ الساطعۃ وھی التی بلغت مبلغ التواتر وقد تقرر فی علوم الحدیث ان سبب النزول حکمہ حکم الحدیث المرفوع لا یقبل منہ الا الصحیح المتصل الاسناد لا ضعیف ولا مقطوع فاین ذلک فان احتجّ المنکر فی التعذیب والنیران بالضعیف والمقطوع فھلا نتشبث بالنجاۃ والجنان بالموصول المرفوع وعلی المنکر

ولو فرض اُسکے لئے ہو دعا — شفیعِ الورا سے بصد التجا

لہٰذا یہ فرمانِ پروردگار — پس قولِ مذکور ہے آشکار

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ

اِسیطور بھی قصّۂ یک جوان — وہ مذکور و مسطور ہے ہرگمان

یہ قولِ چہارم بشانِ نزول — کہ نازل یہ آیت ہے بعمِّ رسول

دگر امر جسمین ہوا اختلاف — طلب مغفرت کی وہ ای نیک صاف

کہا بعض نے جو ہوا وہ قسیم — کہا بعض نے اسطرح اے فہیم

کہ اُسے صلوٰۃِ جنازہ مراد — برائے منافق جو اہلِ عناد

منافق جو ظاہر مین ہین مومنین — حقیقت مین بیشک وہ ہین کافرین

تو جب ہووے ظاہر کہ وہ کافرین — اگرچہ وہ ظاہر مین تھے مومنین

تو اونپر صلوٰۃِ جنازہ ادا — نہ ہرگز کرو تم یہ امرِ خدا

کہ مغفور اُسسے نہ وہ زینہار — کہ لاریب وہ اہلِ دارُ البوار

جو ہے منع اوّل برائے لئام — صلوٰۃِ جنازہ سے ای نیکنام

وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِّنْهُم مَّاتَ أَبَدًا

تو لاریب وہ امرِ مخصوص ہی — عموماً یہان امرِ منصوص ہی

کہا جسنے ہر دو برابر درین — منافق وہ مُظہر جواز مشرکین

تو یہ قول اوسکا بسے ہی غریب — مخالف یہ آیت کے نزدِ لبیب

مفصّل یہ نجم المبین مین بیان — ولے مختصر ہی وہانسے یہان

که قطعی ته وه قولِ پروردگار — یکے چار و دو امر پر آشکار
ولے تین و دو پر هوا احتمال — نه اُمِ نبی کا کرو تم خیال
تو بر طبقِ تسلیم نزدِ فحول — اگر اوسکا عمِ نبی پر نزول
که جبسطور بالا هوا هے رقیم — که هو اسّے قطعِ نزاعِ رحیم
تو اسطور سے اُسکا هے یه جواب — لبیبونکے نزدیک بے ارتیاب
که هر جائے کا حکم لازم ضرور — کرین ضبط اسکو جو اهلِ شعور
که در لیلِ معراج خیر الورا — درودِ خدا اونپه صبح و مسا
براقِ جنان پر هوئے وه سوار — جو تها بغل سے دون و فوقِ حمار
ز مکه باقصی کیا جب نزول — که هون وه امامِ رسل ای فحول
تو فی الفور باندها براقِ جنان — بحلقه که مخصوص هے بهر آن

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اتیت بالبراق و هو دابة ابیض طویل فوق الحمار و دون البغل فرکبته حتی اتیت بیت المقدس فربطته بالحلقة رواه مسلم عن انس بن مالك رضی الله عنه

یه لاریب ظاهر که ای هوشیار — براقِ جنان سے نهو زینهار
که مامور جا سے کرے وه فرار — که طاعت په اهلِ جنان جان نثار
مطیعِ خدا و مطیعِ رسول — همه جنّتی اسپه جمله فحول
ولے اس لئے ربطِ خیر الانام — که هر جائے کا حکم لازم مدام
که اس دارِ دنیا مین جو هین دواب — تو یه داب اُنکی بلا ارتیاب
که مربوط اُنکو کرین خاص و عام — که هے لفظِ دابه په حکمِ انام

الخاسر اللئیم ان ینظر الی ما قال اللہ القدیم من بعد ما تبین لہم انہم اصحاب الجحیم والحال انہا رضی اللہ عنہا کانت من اھل الفترۃ منقہ ومعھذا احیاھا اللہ فآمنت ایضا کما فی الزبر المتناقہ فکیف تبیّن لذلک المنکر الموذی الرجیم معاذ اللہ انہا من اصحاب الجحیم فھو من الذین یوذون اللہ ورسولہ فعلیہ لعنۃ اللہ والعذاب الالیم انتہی ملخصاً

والرابع ما روی عن عبد اللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما ان رجلا اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال کان ابی یصل الرحم ویقری الضیف ویمنح من مالہ فاستغفر لہ یا رسول اللہ فقال مات مشرکا قال نعم فقال فی ضحضاح من النار لانہ ما قال یوما اعوذ باللہ من النار فانزل اللہ تصدیقا للرسول ما کان للنبی والذین امنوا الی اخر الآیۃ وقد حملوا قولہ تعالی ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین علی صلوۃ الجنازۃ والدلیل علیہ انہ تعالی منع من الصلوۃ علی المنافقین وھو قولہ ولا تصل علی احد منھم مات ابداً وفی ھذہ الایۃ عم ذلک الحکم ومنع من صلوۃ الجنازۃ علی المنافق الذی تبیّن انہ من المشرکین وانکان فی الظاھر مومناً ومن قال سواء کان منافقاً او کان مظہراً لذلک الشرک فھذا قول غریب مخالف للایۃ الکریمۃ

| | |
|---|---|
| سنو ای عزیز وتسمع قبول | کہ ہو تم سے راضی خدا و رسول |
| کہ لا بد ہوا جبکہ یہ اختلاف | تو ظاہر ہوا اس سے یہ صاف صاف |

سزاوار ہے وہ بحکمِ جنان — وہ سرّ نہان وہ نہ امرِ عیان
وہ غفرانِ تصدیق ہی بیگمان — وہ مطلوب محبوبِ جانِ جنان
کہ جسمین رضائے شہِ لامکان — کیا عہد اوسکا خدائے جہان
تو اوسکو نہ زنہار کر تو عیان — وہ حفظِ جنان ہو جنکا نسے بیان
شریعت طریقت حقیقت ہو گر — چہارم جو ہی معرفت اے پسر
یہ دودہ و دہی مسکہ گھی کے مثال — یہی امرِ قرآن بلاقیل وقال
ہوا حکم ان چار کا آشکار — شریعت پہ ہر شے کا لابد مدار
خلافِ شریعت جو دنیا مین کا — نہ زنہار منظورِ پروردگار
خصوصاً جو اہلِ شریعت مدام — تو اونکا شریعت پہ حیلہ کلام
طریقت حقیقت نہ اونپہ عیان — ظواہر پہ لاریب اونکا بیان
نہ دیکھین وہ مسکہ جو در شیر ہے — نہ اس وید سے اونکو تبصیر ہے
نہ بیندہ کی اونکو توقیر ہے — کہ ظاہر ہین بی مسکہ وہ شیر ہے
نہ ظاہر ہین ہی اوسپہ مسکہ روان — جو بیندہ بولے وہ امرِ نہان
نہان سکے نہ قائل وہ اہلِ عیان — جو اوسپر عیان انپہ لابد نہان
کہ ہی علم انکا نہایت قصیر — نہ اوس علم زخار سے یہ بصیر
کہ ہی علم انکا زتعلیم اب — نہ ہے علم انکا زتعلیم رب
یہ ترکیب حرفی اسی ہین وہ صوت — اسیکے لیئے سہو ہی اور فوت
بلا حرف وہ علم بے صوت ہے — نہ کچہہ سہو اوسمین نہ کچہہ فوت ہے
وہ علمِ لدنی نہ اوسکو زوال — جو ہی علمِ امّی ابی قیل وقال

اگرچہ وہ از حکمِ پروردگار
نہ ماموُر جاسے کرے کچھ فرار

اِسیطور حکمِ جَنان و لسان
وہ جاری بہر دو نہ اسمین گمان

جو تصدیقِ دل ہی براقِ جنان
مطیعِ خدا و شہِ مُرسلان

تو ماموُر جاسے نہ اُسکو فرار
وہ اَقطے سُویدائی دل نامدار

ولے جو زبان شلِ حلقہ ضرور
تو مربوط اُسسے کرین ذیشعور

بجلے جو اقرار ہی اے فہیم
بہ بیتِ مقدّس جو صدرِ سلیم

کہ حکمِ لسان اُسپہ ہو آشکار
کہ ہی اَمرِ شرعی کا اُدسپہ مدار

اِسیطور غُفرانِ تصدیق جو
نہ زنہار محتاجِ اِقرار وو

ولے اوسپہ جاری نہ حکمِ زبان
کہ ظاہر کرین اُسکو در مردمان

نہ تصدیق پر گر وہ حکمِ لسان
تو غُفرانیہ جاری نہ حکمِ زبان

وہ تصدیق جسطور ہے در جنان
اوسیطور غُفران زبانسے نہان

نہانکو نہان بھی عیانکو عیان
یہ حکمِ عدالت نہ اِسمین گمان

منافق جو منکر ہوا در نہان
تو ہی درکِ اَسفل اُسیکا مکان

جو اِنکار اوسکا نہان در جنان
تو وہ درکِ اَسفل مین ہووے نہان

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ الآیۃ

وہ تصدیق ہی جسکے دلمین نہان
چنانچہ وہ لابد نہان از جہان

مُصدِّق جو بے یارِ اقرار ہی
خلافِ مُنافق وہ دلدار ہی

تو حاصل ہوا اِسسے نزدِ لبیب
کہ فرمانِ ایزد بسوئے حبیب

کہ اُمّت کو ہو پند اُسسے نصیب
نہ وہ امرِ شرعی مین ہووے مُریب

کہ جسمین نہ زنہار خطِّ لسان
نہو جسپہ جاری وہ حکمِ زبان

تو جسطور بالا ہوا ہے رقیم — کہ اَلعِشقُ نارٌ سے نارِ جحیم

جلے وہ کرے اُسّے لابد فرار — نہ پیش محبّان اُسے ہو قرار

تو ممکن کہ با فضل پروردگار — محبونپہ لاریب گلزار [illegible]

سمندر رہے نار مین باقرار — نہ گاہے اُسے نار سے ہو [illegible]

نہو نار سے اوسپہ زنہار عار — کہ در اصل گلزار ہی اوسپہ نار

بحکم شریعت کہین لفظ نار — بحکم حقیقت وہ نورِ کبار

نہ ہے فرق زنہار در نور و نار — مگر وہ شناخت وجودی شمار

جو اَلعِشقُ نارٌ سے ہی قلب حار — تو ہے نار کب اُسکو ہووے قرار

جو ہی مثلِ مینڈک بچاہِ وجود — جلے نار [illegible] وہ مثلِ [illegible]

تو کب تاب اُسکو ز نارِ جحیم — کہ وہ نارِ دنیا سے ہووے [illegible]

جو مثلِ سمندر ز نارِ سلیم — وہ تو ہی نارِ عشقی مین دائم مقیم

تو کیا خوف اوسکو ز نارِ جحیم — کہ اَلعِشقُ نارٌ کا ہو [illegible]

محبّون کے نزدیک نارِ جحیم — وہ ہی خس از کوے حب صمیم

جو ہی مثلِ مینڈک بچاہِ غرور — وہ ٹین ٹین کرے اُسکو سنکر ضرور

کہ اِدراک اُسکے سے لابد وہ دور — نہ باور کرے اُسکو وہ بے شعور

کہ در آب آتش بسے اختلاف — یہ ضدّین لاریب ہین صاف صاف

وہ ماہر بلاریب از آبِ چہ — تو کب نارِ چہ سے نہو اشتبہ

چھوری کا واللہ یہی بس جواب
محبِّ نبی کو نہووے عذاب

تو اہلِ ظواہر نہوں صابرین
خلافِ ظواہر جو دیکھیں کہیں

وہ گرچہ حقیقت مین حق الیقین
وُلے اہلِ ظاہر نہوں مومنین

یہ کیونکر کرین صبر اے نیکنام
کہ مالم تحط انکا لابد مقام

وَکَیْفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَالَمْ تُحِطْ بِہٖ خُبْرًا الاٰیہ

یہ فرمان خضری بقلبِ سلیم
کہے ابنِ عمران یعنا کلیم

یہ میری جو رفتار و گفتار ہے
تو لاریب وہ سرِ اسرار ہے

نہین علم تیرا اُسے جب محیط
تو کیونکر کرین صبر تو اے وسیط

نہ جب فعلِ خضری پہ موسیٰ صبور
تو کیونکر کرین صبر اہلِ ظہور

لہذا ہوا امر پروردگار
کہ جنکا ظواہر پہ دائم مدار

نہوں ماہر سر وہ زینہار
تو ہو فتنہ اونمین بسے آشکار

خصوصًا جو ہین مومنانِ عوام
کہ ہرگز نہ وہ اہلِ تفریق تام

تو وہ سر تصدیق سے بے خبر
نہین امرِ باطن پہ اونکی نظر

کرین مغفرت کی طلب بالیقین
بھی اُنکے لئے جو وہ ہین مشرکین

کہ اُس مغفرت پر کرین وہ قیاس
کہ تصدیق پر جسکا لابد اساس

تو ہوا امرِ شرعی مین لابد فساد
کہ اس جا نہ تصدیق بالاعتماد

زبانیر ظواہر کا بیشک مدار
تو اقرار مین اختلافِ کبار

تو جسطور تصدیق ہے در جنان
او سیطور غفران ہو در نہان

یہی حکم ہر شے کا ہے اقتضا
کہ ہو اُسکا ملزوم دائم ادا

عیانکو عیان ہو نہان کو نہان
یہی حکمتِ خالقِ دوجہان

حضرت ابو طالب مین اختلاف ہے

جو ہین جملہ خویشانِ خیر البشر
اگرچہ وہ دائم کسیطور پر

تو اونکا ادب ہمہ لازم مدام
یہی مذہبِ عشق ہے لاکلام

سگِ کوئے دلدار کا احترام
محبون پہ لازم بحب تمام

چہ جائیکہ بوطالبِ پُر وفا
حبیبِ خدا پر وہ دائم فدا

مُصَدِّق وہ دل سی کہ یہ مُصطفا
رسولِ خدا ہین شفیعُ الورا

یہ خیرُ الورا سیدالمرسلین صلعم
حبیبِ خدا رحمتِ عالمین

جو ہے دین انکا وہ دینِ خدا
یہ خلقِ خدا ہین خدائے ورا

ہمہ ننگ وناموس انپر نثار
نہو عار انپر ولو محبہ نار

تو اونکا ادب ہمہ لازم مدام
نبی کا ادب یہ نہ اسمین کلام

رسولِ خدا کا نہ جنکو ادب
وہ ہین غرق تحقیر مین روز وشب

شرابِ انا سے وہ مخمور ہین
ہوائے خودی سے وہ مغرور ہین

وہ توحیدِ ابلیس پر جان نثار
ولی عہد اُسکے وہ در جملہ کار

وہ فرطوت یہ اُسکے خدمتگزار
ہوا اوسکے پیشے کا انپر مدار

یہ ہی اصلِ توحیدِ شیطان مدام
نبی کا ادب اُمتی پر حرام

تو خویشانِ خیر الورا کا ادب
کرین کسطرح سے حرامی نسب

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام وعلی آلہ واصحابہ الکرام من لم یعرف حق عترتی والانصار والعرب فھو لاحدی ثلاث اما منافق واما لزانیۃ واما امرء حملت بہ اُمہ فی غیر طھر رواہ ابو الشیخ والدیلمی ھکذا فی الصواعق المحرقۃ ۔

یہ لاریب فرمانِ خیر البشر
درودِ خدا اُنپہ شام وسحر

یہی دلمین تصدیق و اقرار ہے — نہ کچھ کار با نار و گلزار ہے
جہان دید مجکو ز دلدار ہے — وہی میرا گلشن وہ گلزار ہے
جَنان و زبانسے یہ اقرار ہے — یہی دلمین تصدیق صد بار ہے
محمدؐ کا جس جائے دیدار ہے — وہی جائے گلزار گر نار ہے
مجھے ذرّۂ نار درکار ہے — اوسی ذرّہ سے جملہ وہ نار ہے
جو دردست یہ اصلِ انوار ہے — تو شاخونسے کیا خوفِ اضرار ہے
نہ مجپر کرو طعن اید وستان — کہ سودائے قلبی نہووے نہان
دلِ سوختہ ہے نہ مثلِ کباب — کہ سیلاب ہے اوسپہ دہ نیزہ آب
جلے نار سے پھر وہ جملہ شتاب — دلِ سوختہ پھر رہے در سراب
گہے دل حریق و گہے وہ غریق — نہ اس غم کا ہرگز کوئی ہو رفیق
کہ اس حرق اس غرقمین ہو انیس — نہین بل ملامت کرین سب جلیس
نہ اس آہ و زاری مین ہو دستگیر — سوائے محمدؐ شہِ بے نظیر
حبیبی طبیبِ حریق و غریق — طبیبی حبیبِ شفیق و رفیق
توئی سوختہ دل پہ ہو اشکبار — دلِ غرقِ طوفان رسان بر کنار
یہ اضداد انداد سے دے نجات — تو ربّی مجھے بس توئی پاکذات
نہ مشرک موحّد سے ہے میرا کار — مجھے بس توئی نزد پروردگار

خیوری نہ کھا غم وہ غمخوار ہے
جو غمخوار ایسا تو غمخوار ہے

سُنو ای عزیز و بگوشِ ادب — کہ لطفِ الٰہی کا ہے وہ سبب

| | | |
|---|---|---|
| کہ اوّل مین تحقیر خیر الانام | | جو وِردِ وہابی بہر صبح و شام |
| دگر مین حقارت بسے بیگمان | | برائے صفیّ اللہ آدم عیان |
| ولے کبر مین ہین یہ دونو لعین | | برابر برادر ذرا شک نہین |
| وہ ابلیس خورد و وہابی کلان | | ولے ایک مادر سے ہین بیگمان |
| کہ بوجہل فرعون سے ہے اشر | | کہ بیشک وہ موذیئے خیر البشر |
| ابوجہل سے ہی وہابی اَشر | | تو ہی درکِ اسفل مین اسکا مقر |

اعلم ایہا الصفی والمحب الوفی ان فرعون عدوٌّ من اعداء الکلیم وابا جہل عدوّ حبیب اللہ الکریم وباللہ العظیم وبعلمہ القدیم ان سیدنا موسیٰ الکلیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم بنسبۃ الحبیب فی الدارین کبدٍ الانسان فی مقابلۃ العین وھذہ مخدومۃ الیدین وجلی ان موذی العین اخبث من موذیّ الیدین فلھذا اکّد الطغیان بلام التاکید فی حق ابی جہل الطرید بخلاف عدیاہ فرعون العنید حیث قال اللہ الحمید فی کتابہ المجید اذھب الی فرعون انہ طغی کلا ان الانسان لیطغیٰ بل ذلک الطاغی الباغی المرید اشد عداوۃ من ابی جہل والولید لانہما ما قراقط بالقول السدید فاظہر العداوۃ والعناد الشدید وذلک الشقی مع دعوی الایمان وادّعائہ انہ الموحد بالجنان ارتکب الاستخفاف والاستہزاء فی شان نبینا خاتم الانبیاء علیہ اطیب الصلوٰۃ وازکی الثناء ھذا ملخص ما فی نجم المبین لرجم الشیاطین

## جوابِ ہمہ شبہات وخرافاتِ منکرین ٭ در طہارتِ

کہ جو خویش ہیں سیّد و دیگر عرب — مہاجر و وہ انصار اہلِ ادب

نہ جانے کوئی ولسے اُنکے حقوق — تو خالی نہ اِن تین سے وہ علوق

مُنافق وہ ہے یا کہ ابنِ حرام — زنا سے وہ پیدا ہوا لاکلام

و یا حمل اوسکا ہوا باقرار — بلا طُہر در حالتِ خُبث دار

کہ در حالتِ حیض حملِ پسر — پلیدی ہین لابد ہوا مستقر

تو جب خُبثِ باطن سے اُسکی سرشت — وہ ہے لتّہٗ حیض با خوئے زشت

تو منکر ز خویشانِ خیرُ العباد — کہ ہر طور ہے اُسمین خُبثِ نہاد

جو مذکور بالا یہ خرصِ لئام — کہ — رسولِ خدا نے علیہ السلام

چچا کو ہدایت نہ کی زینہار — تو کیونکر وہ شافع بروزِ شمار

تو علامہ راغب سے اسکا جواب — سفینہ مین اسطور ہے ارتیاب

بھی علمائے دیگر سے ہے وہ عیان — وہ نجم المبین مین مفصّل بیان

قال العلامة الراغب في السفينة والحافظ بن النقيب في التحرير عليهما رضوان الله القدير لافرق بين خرص المنكرين اعنى اهدى عمه اباطالب و بين قول ابليس أأسجد لمن خلقته من طين ؎

کہ اسطور کہتے جو ہین منکرین — کہ اُس ایک بندے نے ای دوربین

ہدایت نہ کی عمّ کو باوقار — کہ اجرائے اقرار ہو آشکار

تو یہ خرص اُنکا وہ خرصِ لعین — کہ سجدہ کرون کیا مین از بہرِ طین

تو اُن دو مقالو مین ای نیکنام — نہین فرق زنہار نزدِ فہام

وہ قولِ وہابی یہ قولِ رجیم — یہ دونو بلا ریب اہلِ جحیم

سنو اب خیوری سے اے منصفان
کہ ہو رد شبہات جس سے عیان

کہ جملہ جو شبہات اہل شقا ۔ تو ہر ایک وہ نزد اہل شفا
بانیز دکہ مجروح و مردود ہے ۔ وہ پر عیب مقبوح و مطرود ہے
کہ یا ہی وہ مقطوع اسناد مین ۔ و یا ہے وہ معلول بنیاد مین
و یا ہے وہ اسناد مین پر ضعیف ۔ نہ زنہار اوسپر اساس حصیف
و یا مفتری کا وہ موضوع ہے ۔ وہ قصاص واضع سے مسموع ہے
نہ اوسکو کیا اخذ اہل بصر ۔ کہ مردود وہ نزد اہل خبر
و یا ہے وہ لابد حدیث احاد ۔ معارض وہ ہی نزد اہل سداد
بہ نص جلی و دلیل وفی ۔ و یا ہے وہ منسوخ نزد صفی
نہ ایسا کوئی اوسنے ہرگز صحیح ۔ کہ ہو نزد ماہر وہ لابد ملیح
نہ منسوخ ہو وہ نہ معلول ہو ۔ وہ نزدیک مقبول مقبول ہو

خیوری کیا صرف عمر طویل
نہ اونکی ملی اوسکو سالم دلیل

حجاز و عراق و دگر شام و روم ۔ گدائی کیا پیش اہل علوم
کیا جمع زین باب جملہ مقال ۔ کتب خانہا سے جو موجود حال
تو دیکھا کہ وہ جملہ مقطوع ہین ۔ وہ مجروح لابد نہ مسموع ہین
نہ یہ مسئلہ از صلوۃ و صیام ۔ کہ ہو کتب فقہا سے حل المرام
یہ وہ بحر زخار ہے بے کنار ۔ کہ گرداب اسمین بسے آشکار

نسبِ جناب شفیع المذنبین و ایمان ہمہ آباؤ امہات
حبیبِ ربّ العالمین خاتم الانبیاء والمرسلین
صلوات اللہ و سلامہ علیہ و علیہم اجمعین و علیٰ آلہ
واصحابہ الطیّبینَ الطّاہرین +

شیخ عبد الحق دہلوی قدّس اللہ سرّہ الخفی والجلی در شرح مشکوٰۃ فرمودہ اند
کہ علمِ اسلام والدین شریفین و تمامۂ آباؤ اُمّہاتِ جناب رسولِ کریم
علیہ الصلوٰۃ والتسلیم گویا مستور بود از متقدمین پس کشف کرد آن را
حق تعالیٰ بر متاخّرین وَاللّٰہُ یَختَصُّ بِرَحمَتِہٖ مَن یَّشَاءُ وَبِمَا یَشَاءُ مِن فَضلِہٖ و شیخ
جلال الدین سیوطی رضی اللہ عنہ درین باب رسائل تصنیف کردہ و آن
را بدلائل اثبات نمودہ واز شبہ مخالفان جواب دادہ اند واللہ اعلم و علمہ احکم

یہ در شرح مشکات مذکور ہے
جو با نامِ لمعات مشہور ہے

کہ آباؤ اجداد خیر الانام
ہمہ اُمّہاتِ عَلَیہِ السَّلام

وہ مومن مُسلمان ہمہ پاکذات
بلا ریب ثابت یہ بِالبیّنات

تو یہ علم علمائے پیشین پر
رکھا حق نے مستور ای ذی بصر

کیا کشف اونپر جو مُتاخّرین
تو لا ریب اِسمیں وہ مُتقدّمین

کرے فضل و رحمت سے ربّ الانام
جسے چاہے مخصوص با احترام

جلالِ سیوطی نے ایدوستان
ہوا اونسے راضی خدائے جہان

رسائل کیئے اسمیں تصنیف نیز
مُدلّل باثبات ہر یک عزیز

دیا شُبہِ منکر کا اونمیں جواب
کسیطور باقی نہین اِرتیاب

سوا اسکے جسنے لکھا جو کلام     وہ ہی مبلغ علم اوسکا تمام

وے حصر اوسپر نکرے فہیم     کہ ہر فوق ذی علم کے یک علیم

کہا جسنے وہ ذات بے عیب ہے     تو یہ قول بے عیب لاریب ہے

کہ بسیار اوسنے کیا جست جو     کیا جمع اس باب کی گفتگو

کیا اوسنے اِمعان سے پھر نظر     بتوفیق و تطبیقِ اہلِ بصر

کہ توفیق اوسکی ہوئی بس رفیق     مددگار اوسکا خدائے حقیق

تامل کیا در ہمہ گفت گو     کیا اوسنے تفریق با جست جو

کہ طیب خبیثات مین اِمتیاز     کیا مثلِ مردانِ اصحابِ راز

تو پھر وہ ہوا مُثبتِ مدّعا     بایُقان و اتقان بے مترا

کہ وہ ذات ہر طور بے عیب ہے     نسب پاک اونکا نہ کچھ ریب ہے

نہ تحقیق جسکو ہوئی کچھ نصیب     وہ قائل کہ ناپاک نسبِ حبیب

کہ ہرگز نہ وہ اہلِ توفیق ہے     نہ توفیق سے اُسکو تحقیق ہے

نہین علم اوسکو تو منفی ضرور     وہ جہلِ مرکب سے ہی پُر غرور

نہ جانے وہ جانے کہ مین جانتا     وہ جاہل مرکب نہین مانتا

یہ ہے قاعدہ نزدِ اہلِ اصول     ہوئے متفق اسپہ جملہ فحول

کہ جو قولِ مثبت وہ مقبول ہے     دگر قولِ منفی رہ معزول ہے

کہ مُثبت کو ہی علم اُسکا تمام     تو مثبت ہوا علم سے لا کلام

نہ مُنفی کو وہ علم حاصل ہوا     وہ اوس سے نہ زنہار واصل ہوا

تو اِنکار اُسنے کیا اختیار     کیا جہل اپنا بسے آشکار

جو اہلِ طوا ہر کی فلکِ عقول | ہوئی غرق اوسمین بقلب ملول
مگر جسکا مولا ہوا دستگیر | تو ہی با سلامت وہ روشن ضمیر

خیوری جو ربّی مددگار ہے
تو کیا غم کہ یہ بحرِ زخار ہے

جو وہ نوح تیرا خدا سئے جہاز | تو جودی کنارے سے تو سرفراز
کنا ہو نہین ہی تو ز سر تا قدم | ولے کہا نہ طوفانِ دوزخکا غم
جو فلکِ محبت پہ ہے تو سوار | تو دیکھے وہ دیدار جودی کنار
سنو اے محبو بقلبِ صفا | نہ زنہار ہو تم ز اہلِ جفا
کہ مضمونِ بالا جو مسطور ہے | تو یہ آستے مقصود و منظور ہے
کہ دیکھے سنئے تو اگر یہ مقال | معاذ اللہ مضمون یہ پر ملال
کہ ہی نقص در نسبِ خیر البشر | اگرچہ وہ اندک کسے طور ہے
تو اوسپہ نہ کیجو کبھی اعتماد | اگرچہ مصنف ز اہلِ سداد
کہ زنہار اُسنے نہ کی جستجو | ہوا معتمد غیر پر نیک خو
وہ عصمت جو ہے خاصۂ انبیا | ملائک نے بھی حظ اوستے لیا
تو اوسمین نہ ہے اُمتی کا مقام | اگرچہ وہ لاریب یکتا امام
ولے ہی یہ عصمت سے لا بد کلام | کہ سب عیب سے پاک خیر الانام
نہ اِنکے نسب مین کبھی عیب ہی | ہمہ عیب سے پاک لاریب ہے

منزہ وہ شرکت سے بالاعتماد
خیوری کا لا بد یہی اعتقاد

| | |
|---|---|
| کہ جملہ تمسک جو اونکا عیان | سخیفہ خسیسہ وہ ہے بیگمان |
| نہ ایسا کوئی اونمین اتقان ہے | نہ ایسا کوئی اونمین برہان ہے |
| کہ ہووے اُسسے اثبات دعوی عیان | ولے اُنمین ہی ایک چیز نہان |
| کہ جس مدّعی کی وہی ہون دلیل | تو لاریب کا فرد وہ بیقال و قیل |
| کہ لابد وہ موذیئے ربّ الورا | نہین بل وہ موذیئے ربّ السّما |
| تو اوسپر خدا کا عذابِ الیم | کتابِ خدا مین یہ بیشک رقیم |

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّلَہُمْ عَذَابًا مُّہِیْنًا الآیۃ

| | |
|---|---|
| وہ گرچہ ضعیفہ دلائل ضرور | خسیسہ تمسّک بسے پر نستور |
| ولے مدّعی پر وہ لابد قوی | کرین کفر اوسکا وہ فوراً جلی |
| اگرچہ بیان مین وہ متشابہات | ولے کفر منکر پہ وہ بیّنات |
| جو قائل کہ ناپاک نسبِ وحید | وہ ناپاک طینت وہ اہلِ پلید |
| جو قائل کہ ہی پاک نسبِ حبیب | وہی پاک طینت نہے پر نصیب |
| اسیطور آیاتِ متشابہات | وہ ہین کفر ملحد پہ بھی بیّنات |
| کیا ظاہری لفظ سے افترا | بدو وجہ دیگر جو ہے اقوی |
| کہین اسطرحسے کوئی منکرین | کہ وہ لن تنالوا جو قول مبین |

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ

| | |
|---|---|
| وہ ہے دال اِسپر بلا امترا | کہ دین عورتونکو براہِ خدا |
| بلادین وہ علماؤ سادات کو | وہ دین فی سبیل اللہ عورات کو |

یہ ہی کشفِ اَسرار و تحبیر مین ۔ تو پڑھ مختصر یہ جو تسطیر مین

قال فی کشف الاسرار و التحبیر وغیرھما من زبر النحاریر ان قول منکر نفی و قول المثبت بطھارۃ نسبہ علیہ الصلوۃ والسلام وعلیٰ آلہ واصحابہ الکرام اثبات وا لحکم للمثبت لا للمنفی لانہ سمعہ وعلمہ وحققہ بغایۃ التحقیق ووفق بین الاقوال بنھایۃ التوفیق وبذل جھدہ بالنظر الدقیق وسعی فیہ بالفکر الانیق فوجب العمل بقولہ الرشیق وعلیہ الاعتماد وبہ التوفیق

کرو غور و انصاف اے منصفین ۔ سنو صاف دل سے نہو منکرین

کہ ہے اہلِ انکار کی جو دلیل ۔ وہ مقطوع و معلول نزدِ نبیل

ویا ہے وہ موضوع یا از آحاد ۔ ویا ہے وہ منسوخ بالاعتماد

ویا ہی وہ مجروح از بس ضعیف ۔ نہ مقبول زنہار نزدِ حصیف

ہوا جب رد اُنسے نزدِ لئیم ۔ تمسّک باثباتِ نارِ جحیم

تو کیونکر نہ جائز وہ نزدِ فہام ۔ باثباتِ ایمان برائے کرام

براہین اسکے بسے قاطعہ ۔ نصوصِ صریحہ سے وہ ساطعہ

جو مرفوع ہین وہ حدیثین تمام ۔ کہ وارد جو ہین باب مین ای فہام

تواونکا تواتر یہ واصل مقام ۔ یہ اظہر من الشمس نزدِ عظام

نہ معلول اونمین نہ مقطوع ہے ۔ نہ منسوخ اونمین نہ موضوع ہے

وہ ہر ایک از نوعِ مرفوع ہی ۔ وہ ہر ایک مقبول و مسموع ہے

مطابق وہ قرآن کی ہین بالیقین ۔ ائمہ ہمہ اسپہ ہین مطبقین

اگر منصفین ہون جو ہین منکرین ۔ تو لاریب دل سے وہ ہون قائلین

او سیوقت آسنے کیا پہر قرار — نہو دیو بیشِ مَلَک باقرار
اِسیطور سائر جو اہلِ طغےٰ — کریں حقیت کا وہ سب اِدّعا
کلامِ خدا اؤ کلامِ رسول — تَشَبّث کریں اُسسے وہ پرجہول
یُضِلّ بہٖ اور یہدی بہٖ — یہ ہی شانِ قرآن لابد یہی
کہو منکرو کیا وہ ہیں صادقین — جو مذکور دو فرقے از مُلحدین
نہ معلول مقطوع اونکی دلیل — نہ معزول موضوع قولِ جلیل
کلامِ خدا پر وہ عامل مدام — اگرچہ جہنّم میں اُنکا مقام
اگر عمل قرآن پر ہے روا — اَحادیث پر نیز حَسبُ الہوٰی
تو لابد ضیافت کرو چند روز — اُسیطور فرحت سے باصدق وسوز
کرو فی سبیل اللہ عورات کو — نہ چھوڑو کبھی عملِ آیات کو
تمارے دلائل نہ ویسے قوی — کہ جسطور اون اشقیا کے جلی
خدا یا تو منکر کو توفیق دے — اُسے حق و باطل میں تفریق دے
وہ حُبِّ محمدؐ سے مسرور ہو — وہ غُفرانِ ایزد سے مغفور ہو
عجب یہ کہ وہ منکرِ پُر لئیم — شقاوت سے لاریب اہلِ جحیم
ہمیشہ فدا بر یزیدِ پلید — عَدُوِّ نبی ہے وہ نُطفۂ ولید
کہے وہ اُولُوا الاَمر سے تہا یزید — وہ خُلفائے دین سے وہ لابد رشید
وہ ابنُ الاَمیر وہ تہا خود امیر — صحابی کا فرزند وہ بے نظیر
وہ ہی کاتبُ الوَحی کا نورِ عین — وہ ابنِ معاویہ ہی اہلِ زین
وہ مومن کا ہی پسر مومن ضرور — وہ لاریب مسلم نہ اِسمیں فتور

ضیافت کرین وہ بصد اہتمام
زن و مال سے با مکلّف طعام

کہ مِمَّا تُحِبُّوْنَ پر اعتماد
کرین اہلِ الحاد با صد وِداد

کہ مِمَّا تُحِبُّوْنَ مطلق عیان
نہ کچھہ قید حق نے کیا ہی بیان

لگئے ظاہری لفظ پر وہ لئام
نہ وہ اصلِ معنیٰ سے ہرگز فہام

وہ ہیں لفظ مطلق سے بیقید ہین
ولے قیدِ ابلیس کے صید ہین

مَعَاذَ اللہ بعضے جو ہین ملحدین
کرین لعن آدم پہ وہ مفسدین

کہ ظالم پہ لعنت کلامِ خدا
کیا ظلم آدم نے بے اِمترا

وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ الآیۃ

وہ ہی لعنتی فرقہ اہلِ جحیم
وہ لاریب جملہ ز ولدِ رجیم

اگرچہ وہ صورتمین انسان ہین
ولے جملہ وہ نسلِ شیطان ہین

کہین رَحِمَہُ اللہ وہ بہرِ لعین
کہ ہی وہ مُوَحِّد بصدق و یقین

سُنو اے مُحبّانِ اہلِ صفا
کہ ہمسے ہین یکروز وقتِ ضحیٰ

قضارا ازین فرقہ یک پیشوا
بیامد او نزدیکِ این بینوا

بشکلِ مشائخ بریشِ دراز
بَا خضر عمامہ بقبۂ فراز

تو ذکرِ خدا اوسکا وِردِ زبان
ولے خُبثِ ابلیس تھا در نہان

ہدایہ کا تب درس و تدریس تھا
تو ضمنِ بیان ذکرِ ابلیس تھا

ہوئی اوسپہ جب لعن درگفتگو
تو اُسنے وہ فوراً ہوا تند خو

تو پھر بحثِ ابلیس و آدم عیان
کیا اپنے مذہب پہ اُسنے روان

خیوری ذکی اوسنے جب خوش مقال
تو اُسنے ہوا اُسکو فوراً زوال

وہی شانِ برہانِ ایمان ہے ۔ وہ ایمان برہانِ غفران ہے
وہ غفران برہانِ رضوان ہے ۔ یہ رضوان احمد کا دربان ہے

خبوری وہ ربی زہے شان ہے
وہی شان بس جانِ ایمان ہے

حدیثون سے لاریب ہے آشکار ۔ کہ اطفالِ کفار از اہلِ نار
ہوئے متفق اسپہ جملہ کبار ۔ کہ ہرگز نہ وہ جملہ از اہلِ نار
فیالیت شعری کہین کیا جواب ۔ جو ہین منکرانِ رسالت مآب
کہین گر وہ اطفال از اہلِ نار ۔ تو یہ قول پرہول ہے نابکار
کہ اجماعِ امت کے ہے یہ خلاف ۔ خلافِ کلامِ خدا صاف صاف
کہین گر نہ زنہار وہ اہلِ نار ۔ تو عکسِ احادیث یہ آشکار
ولیکن حقیقت مین ہے یہ صحیح ۔ یہی قول مقبول از بس ملیح
اسی پر ہوئے متفق سب کرام ۔ جو ہین اہلِ سنت جلیل المقام
کہ منسوخ ہین وہ حدیثین ضرور ۔ کلام اللہ ناسخ ہوا بے فتور
نہ واصل ہوا جسکو حکمِ رسول ۔ وہ ناجی یہ لاریب اصلِ اصول
جو ہے اسمین وارد حدیثِ عذاب ۔ وہ منسوخ لاریب ہے از کتاب
ہوا ہر دو ناسخ کا یکجا نزول ۔ یہ اسرارِ قرآن سے نزدِ فحول
وہ یہ قولِ ایزد ہے پرصواب ۔ تو پڑھ اسکو باشوق بے ارتیاب

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا

جو تعذیبِ اطفالِ کفار ہے ۔ تو لا تزر سے نسخ بردار ہے

نہ وہ لائق لعن سے ہے زینہار — نہ کچھ کار لعن اُسسے ہے آشکار
تو لازم یہ حسنین پر اے فحول — کہ بیعت یزیدی کریں وہ قبول
اُولوا الامر حکام سے تھا یزید — جو منکر ہوا اوسکا ہے وہ عنید
کہے والدین شفیع الوریٰ — علیہ صلوٰۃ خدا و ثنا
نہ وہ اہل توحید نزد فہام — چہ جائیکہ جنت میں اُنکا مقام
کرے اس عقیدے پہ پھر ادعا — کہ ہیں اہل سنت بلا امترا
خدا کو میں یکتا کہوں بیگمان — بلاریب حنفی ہیں نزد مہان
مُوحّد پہ ہے نار دوزخ حرام — جو مشرک جلے نار میں وہ مدام
زعلمائے کملائیں ہوں نیکنام — تلامیذ فضلا سے ہوں لاکلام

خیوری وہ منکر ز اہل جحیم
موحّد وہ یکتا بسے از رحیم

وہ ملعون لابد مرید یزید — وہ ہے شیخ شیطان وہ ابن ولید
رضائے یزید میں سرشار ہے — رضائے محمدؐ سے بیزار ہے
نہ ایمان سے وہ حظ بردار ہے — وہ نار جہنم میں بردار ہے
اگر اوسپہ ہو نار دوزخ حرام — تو ابلیس کا اوسے برتر مقام
اوسکی جو توحید ایمان ہے — تو ابلیس کیوں اہل خسران ہے
وہ گر علم اوسکے سے مسعود ہے — تو ابلیس عالم نہ مردود ہے
جو عرفان و توحید مقبول ہے — دل منکریں اُسسے معزول ہے
جو توحید ایزد کی برہان ہے — وہ توحید احمد کی بس شان ہے

لا یکون عدلا منه وهذا لا یمکن اصلاً فلا یحکم بالکفر علیهم فی احکام الاخرة لان الصبی لیس بمخاطب ولا بمعاتب وقد وقع الناسخ لتعذیب الاطفال ومن لم تبلغهم الدعوة مفترنین نزولا فی قوله تعالی ولا تزر وازرة وزر اخری وماکنا معذبین حتی نبعث رسولا فالجملة الاولی نسخت تعذیب الاطفال والثانیة نسخت اخبار التعذیب قبل الارسال فانظر الی هذه الاسرار المودعة فی نظم القران والمناسبات البدیعة فی ترتیب الفرقان هذا

ملخص ما فی نجم المبین والله یهدی به المنصفین

وہ تعبیر بالا جو مذکور ہے — تو اوسکا مُلخّص یہ پُر نور ہے
خوارج وہ معتزلہ کا اختلاف — بھی اَطفالِ کفّار میں صاف صاف
کہیں وہ کہ اطفال از مشرکان — یہ ہیں اہلِ دوزخ نہ اِس میں گمان
ولے اہلِ سنّت کا یہ اِعتقاد — اِسی پر وہ ہیں متّفق باسداد
کہ اَطفالِ کفّار بے ارتیاب — نہ اِنپر کرے حقتعالیٰ عذاب
لہذا یہ فرمانِ ابنِ حَسَن — مُعذّب نہووے کوئی ذی فِطَن
بلاذنب نزدِ خدائے جہان — یہی عدل و اِنصاف ہی بیگمان
بلاذنب تعذیب ظلمِ جلی — خدا ظلم سے پاک ہی ای ولی
رسولِ خدا نے کیا یہ سوال — خدا سے کہ ای خالقِ ذوالجلال
جو اَطفالِ کُفّار بھی مشرکین — نہو اُنپہ تعذیب روزِ پسین
شفاعت کیا اونکے حقمیں رسول — تو حق نے کیا اوسکو لابد قبول
جو مانگا خدا نے کیا وہ عطا — کیا جنّتی اونکو ربّ السّما

جو از سال کے پیش وارد عذاب | تو ما کنا ہے اوسکا ناسخ کتاب
کہ فرمانِ ایزد یہ بے ارتیاب | نہ ہرگز کرین ہم کسیکو عذاب
یہانتک کہ اوس پاس آوے رسول | کرے پھر وہ از حکم مرسل عدول
تو ہوا و سیہ تب حجتِ کردگار | کہ وہ لائقِ نار دار البوار
نہ کچھہ کفر جن سے ہوا در وجود | نہ بت کو ہوا اونسے گاہے سجود
نہ کچھہ کفر و توحید سے ماہرین | ہمہ عمر غفلت مین وہ غافلین
نہ اون پاس آیا رسولِ خدا | تو یہ اہلِ فترت سے بے امترا
تو لابد یہ ناجی نہ انپر عذاب | یہ جنت مین جاوین بلا ارتیاب
یہ ہین مثلِ اطفال بے اشتباہ | وہ مذکورہ آیت اسی پر گواہ
یہ ہے سرِ اسرار نزدِ مہان | کہ دونوکا یکجا ہوا ہے بیان
یہ احکام و توحید مین بالسوا | یہ جنت مین جاوین بلا امترا

قال في التمهيد والمقام: السندسية وسبل النجاة والفوائد البارسية وغيرها من الزبر المديحة واما حكم اطفال المشركين في الآخرة فقالت المعتزلة والخوارج انهم من اهل النار وقال اهل السنة والجماعة انهم لايعذبون سُئل الامام محمد بن الحسن رضي الله عنهما عن اطفال المشركين فقال انا نعلم بان الله تعالى لايعذب احدا بغير ذنب وقد قال نبينا شفيع الانام عليه اطيب الصلوة والسلام سالتُ ربي عن اللاهين من ذرية البشر وشفعتُ فيهم فاعطانيهم فقيل ما اللاهين قال اطفال المشركين فجعلهم خداما لاهل الجنة وان الله سبحانه لوكان يعذب نفسا بغير ذنب فانه

خیوری نہ زنہار ہے یہ عجیب ۲

| معطّر مشامِ شفیعُ الانام | زعَرفِ شذییٔ صلوۃ و سلام |
| --- | --- |
| لُاٰلیٔ صلواتِ ربّ السما | تصدّق وہ بر فرقِ خیر الورا |
| ہوں آل و صحابہ پہ باصد صفا | باعُداد اَمراض و عدِ شفا |

وصل گیارہواں اِس بیان مین کہ اگر نہ بھیجے حق تعالی اپنے بندون کی طرف کوئی رسول ہو اور نہ معتقد ہون وہ کسی دین پر دائم رہین جہول ہو اور نہ پہچانے وہ اپنا خالق مالک پروردگار ہو یا پیدا ہوا کوئی شخص ایسے جزیرے مین یا بلند پہاڑ پر کہ نہ پایا اُسنے ہادیٔ نیکوکار ہو اسی غفلت مین وہ بڑا ہوا پھر روانہ ہوا سوئے دار القرار ہو تو شرعًا یہ سب معذّب ہون یہ سبب ترکِ ایمان و شرائع کردگار ہو کہ استدلال عقلی موجب ایمان و احکام نہین ہی نزد ائمہ اخیار ہو اور ایسا ہی نصوص آیاتِ الٰہیہ اور احادیث نبویّہ سے ہی آشکار ہو اور جو شخص فترت مین خدا کو ایک جانے اور زبان سے نہ کرے اقرار ہو تو وہ بھی قطعًا مومن ہی باتفاقِ ائمہ کبار ہو اور اوسپر نماز و روزہ وغیرہا احکام لازم نہین ہین شرعًا عند اولی الابصار ہو پس ابِ والدین سیّد الثقلین کے ایمان مین سکو نہین ہی جائے انکار ہو اللّٰہم صلّ وسلّم علی نبیّنا المختار و علیٰ آلہ و آبائہ الاطہار

۲

لہذا یہ فرمانِ خیر الورا
علیہ صلوۃ خدا و ثنا
اذا احب اللہ عبدًا
لا یضرہ ذنب واذا
ابغضہ لا تنفعہ طاعۃ
وللہ درّ القائل فی المجد
والفضائل شعر من لم
یکُن لِلوصالِ اَھلًا
فکُلُّ طاعاتہِ ذنوبُ
وللہ ما افاد فی الفارسی
واجاد شعر
ہر کہ در سایۂ عنایت اوست
گنہش طاعت دشمن دوست

وہ اطفال خدام اہل جنان
جنانین وہ دائم رہین ہمگان

ہنو کفر کا حکم اون پر عیان
زپیش بلوغت گہی ای مہان

مخاطب نہ دنیا مین وہ زینہار
توکیونکر معاتب وہ روز شمار

اگرچہ وہ اولاد از مشرکین
ولے وزر مان باپ سے ہین نہین

ہنو شرک انکے سے انپر عذاب
یہ لا تزر آیہ کا لب لباب

کیا کفر جسنے وہی اہل نار
نہو وزر اوسکا کسی پہ بہوا

ہوا کفر جسسے اوسی پر عذاب
نہیو بعید سو کاٹے بلا ارتیاب

تیوری تو عملو نسے غافل مشو
کہ گندم ستے گندم ز جو نیز جو

وے افضل ایزد یہ ہو مستقیم
نہ مایوس ہو از رسول کریم

شراب کبائر سے گر وہ حکیم
کرے سرکہ ظاہر تو ہو مسلم

نہ یہ امر قدرت سے ہرگز عجیب
کہ ہو ذنب نیکی طفیل حبیب

شراب کبائر سے پر شیشہ وار
دل عاصیان ہو بلبل و زار

وہ ملح محبت ز حب حبیب
اگر شیشہ دل کو ہووے نصیب

تو لاریب ہو سرکہ جملہ شراب
شراب محبت سے عصیان سرا

جو ہے عین عصیان وہ ہو انقلاب
تو نیکی بنے وہ بدی بے حساب

جو ہے قلب اعیان از معجزات
ہوا جیسا مذکور بالبینات

دم و بول خیر الوریٰ مین ضرور
ہوئے متفق اوسپہ اہل شعور

تو ہو قلب عصیان طفیل حبیب

قضاء بما فات عنه من الاحكام اذ هى لا تجب عليه الا بالاعلام وهذا لم يوجد
فى حقه والعقل لم يكن دليلا لايجاب لشرايع والاحكام لعدم اهتدائه
فى ذلك باستدلاله واما معرفة الصانع ووحدانيته فيحصل باستدلال
العقل ولكن لا يجب الايمان بمجرد العقل لان الموجب هو الله سبحانه وتعالى
ولم يوجد منه دليل الايجاب وهو الارسال ولو اعتقد دينا واخطا لم يكن
معذورا فانهم ان لم يومنوا فلا يحكم بكفرهم لتركهم الايمان لانه ما كان واجبا
عليهم بدليل قوله تعالى وما كنا معذبين حتى نبعث رسولا ثم لو تفكر وعلم
ان له صانعا واعتقد به الا انه لم يقر بلسانه فانه يكون مومنا لان الاقرار
من الاحكام فوجوبها يتعلق بالسماع ولم يوجد وهو لا يدرى كيفية الاقرار
فلا شك فى ايمانه بحكم الاعتقاد واما قول الامام الاعظم والهمام الافخم
رحمه الله الاكرم لا عذر لاحد فى الجهل بخالقه لما يرى من خلق السموات
والارض فلم يرد به ايجاب الايمان بالعقل وانما اراد به التامل والاستدلال
لانه لو تامل واستدل بالعقل لو يعرف الله تعالى فقد قصر فى معرفته
فلا يحكم بكفره ايضا اذا لم يعتقد غير دين الله تعالى ولا يكون معذورا
بترك التامل لان التقصير منه فيكون مسؤلا والدليل على ان العقل لا يوجب
الايمان والاحكام بدون السماع جلى لا خفاء فيه لان للايمان اركانا وشرائط
والعقل عاجز عن درك هذه المعانى بل هو عاجز عن ادراك نفسه فكيف
يدرك صورة الايمان وصفته واذا لم يدرك ركن الايمان فلم يكن دليلا
على وجوبه ولان حد الدليل ان يدل على شيئ باوصافه والعقل عاجز

بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ وَالْاَشْعَارِ ٭ مَا دَامَ دَوَامُ اَہْلِ دَارِ الْقَرَارِ ٭
اور آٹھوین شبہہ کا جواب اِسی وصل مین ہی نگارش ٭

قال فی التمہید فی اصول التوحید وملخصہ فی منح الروض الازھر والفوائد البارزۃ وسبل النجاۃ ومسلم الثبوت وغیرھا ان اللہ تعالیٰ لو لم یبعث رسولاً والناس لم یعتقدوا دیناً ولم یتمکنوا تاملاً واستدلالاً فلم یعرفوا صانعاً وکذلک من ولد فی شاھق الجبل وفی جزیرۃ من الجزائر ولم یجد احداً من الکملاء وبلغ مبلغ الرجال ولم یعرف شیئاً من الادیان فما ذا حکمھم قالت المعتزلۃ انھم کفار لان بالعقل یجب علیھم الایمان والاحکام وقد ترکوا فیحکم بکفرھم وان لم یعتقدوا شیئاً من الکفر لان دلیل الوجوب عندھم العقل فی الایمان والاحکام واما اھل السنۃ والجماعۃ فقال الامام ابو الحسن الاشعری رضی اللہ عنہ انھم معذورون لیسوا بکافرین لا یجب علیھم الایمان لان الخطاب لم یوجد ولا یعذبون لان النھی عن الکفر لم یوجد ایضاً لان دلیل الوجوب ھو السماع بالامر فی الایمان والاحکام کلھا والنھی عن الکفر والمعاصی کلھا فمن لم یبلغہ السماع فعلی ای دین مات لا یکون کافراً ویکون معذوراً وان عبد الصنم وقال الامام ابو منصور الماتریدی رضی اللہ عنہ وسائر الحنفیۃ کالامام الطحاوی وابو الحسن الکرخی وابو اللیث السمرقندی وکمال الدین ابن الھمام وائمتنا من بخارا وغیرھم رضی اللہ عنھم ان دلیل الوجوب فی الاحکام والشرائع ھو السماع وما یقوم مقامہ کالکتابۃ والاشارۃ وکل ما یوجب العلم بالموجب فمن آمن من اھل الفترۃ ولم یعمل بالشرائع والاحکام لم یجب علیہ

فی النار عند المعتزلة دون عند اهل السنة واذا لم یکن مخاطبا بالاسلام
عند هولاء فاسلم ای وحّد هل یصح اسلامه بمعنی انه یثاب فی الآخرة
نعم کاسلام الصبی الذی یعقل معنی الاسلام والتکلیف لان النبی صلی الله
علیه وسلم دعی علیا الی الاسلام فاجابه مع الاجماع علی ان عباداته
من الصلوة والصوم ونحوهما صحیحة والله الهادی وعلیه اعتمادی

وہ تعبیر بالا جو مسطور ہے ۔ تو اوسکا ملخص یہ مذکور ہے
کہ جن پاس آیا نہ کوئی رسول ۔ رہی جملہ ادیانسے وہ جہول
نہ حاصل ہوا اُنکو اِقتدار ۔ تأمل دلائل مین ای ہوشیار
کہ عرفانِ صانع سے ہون ماہران ۔ کہ لاریب وہ خالقِ دوجہان
اِسیطور پیدا ہوا جو ولید ۔ جبال و جزائر مین سن ای رشید
نہ صحبت سے کامل کے وہ فیضیاب ۔ ہمہ عمر مشغول در اکل و خواب
تو کیا حکم ہی انکا از روئے دین ۔ وہ کفار ہین یا کہ ہین مومنین
تو نزدیکِ معتزلہ کفار ہین ۔ کہ ایمانکے تارک وہ اشرار ہین
اگرچہ نہ کچھ کفر اوسنے عیان ۔ تو اسپر بھی دوزخمین آنکا مکان
کہ تھا فرض وہ نیز بعقل و نُہے ۔ وہ ایمان و احکامِ دینِ خدا
کہ ہی اُنکے نزدیک موجب عقول ۔ کہ ہو آستے ایمانکا لابد وصول
ولے اہلِ سنت کا یہ اعتقاد ۔ اِسی پر وہ دائم یہی پرسداد
کہ ہی بوالحسن کا یہ فرمانِ تام ۔ جو ہین اشعری وہ امام ہمام
کہ لاریب اونکو نہو کچھ عذاب ۔ وہ معذور ہین نزدِ اہل صواب

عن بیان اوصاف الایمان بدون السماع فصح ما قلنا بانہ لا یوجب الایمان
ومدۃ التامل مختلفۃ لان العقول متفاوتۃ والجمہور علی انہا اربعون سنۃ
لقولہ علیہ الصلوۃ والسلام قد تمت حجۃ اللہ علی ابن اربعین وقال بعضہم
انہا خمس وعشرون سنۃ قیاسا علی تفویض المال للمعتوہ والاول صحیح
موافق للاصول عند ارباب الوصول قال فی منح الروض الازہر والعقل
عندنا الۃ یعرف بہا الحکم بواسطۃ اطلاع اللہ العقل علی الحسن والقبح
الکائنین فی الفعل قال ائمۃ بخارا منا لا یجب الایمان ولا یحرم کفر قبل البعثۃ
واما ما روی عن الامام الاعظم رضی اللہ عنہ بانہ قال لا عذر لاحد
فی الجہل بخالقہ وایضا انہ قال لو لم یبعث اللہ رسولا لوجب علی الخلق
معرفتہ بعقولہم فحملوا الاول علی ما بعد البعثۃ قال ابن الہمام رحمہ اللہ
العلام ہذا الحمل ممکن فی العبارۃ الاولی ویجب فی الثانیہ حمل الوجوب علی
معنی ینبغی وہذا المعنی العرفی ہو الالیق ولان تسمیۃ الافعال طاعۃ
ومعصیۃ قبل البعثۃ تجوز اذ ہما فرع الامر والنہی فاطلاق الطاعۃ
والمعصیۃ قبل ورود امر ونہی مجاز من قبیل اطلاق الشیئ علی ما یؤل
الیہ فکیف یتحقق طاعۃ او معصیۃ قبل ورود امر ونہی وقد جمع
بین القولین بانہ لا یلزم من الوجوب ما یترتب علی ترکہ العقاب فلا
ینافی قولہ تعالی فی الکتاب وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا فلا یحتاج
حینئذ الی تقیید العذاب بالدنیا ولا الی تعمیم الرسل من العقل والنقل
ومن لم تبلغہ الدعوۃ من الرسول فلم یومن حتی مات فہو مخلد فی النار

نہ ہی عقل کو نقل میں اہتدا — تو کیونکر وہ احکام لاوے بجا
دلیل وجوبی نہ عقلِ رصین — تو اُسسے نہ حکم خدا ہو یقین
ولے ہی جو عرفانِ ربّ الورا — وہ توحیدِ خلّاقِ ارض و سما
تو لاریب حاصل یہ ہو بالعقول — کہ ہی عقل کو اُسمیں قدرے وصول
ولے اُسسے ایمان نہ واجب کبھی — ہوئے متفق اسپہ کُملا سبھی
کہ ایمان کا موجب وہ پروردگار — نہ ہی عقل موجب کبھی زینہار
کہ ماہر کرے عقل کو گر خدا — تو ہو اوسکو ایمانسے تب اہتدا
کہ وہ حسنِ ایمانسے ماہر نہیں — تو کیا قدر ر جانے جو از جاہلین
کرے زشتیٔ کفر سے وہ فرار — اگر اوسکو ماہر کرے کردگار
وہ ہی ایک آلاتِ عرفان ضرور — کہ ہو اُسسے حکم خدا کا ظہور
نہ بالذّات موجب یہ عقل و شعور — کہ صنعت کا مظہر یہ ہی بفتور
اگر عقل ہوتی بعقلِ تمام — کہ بالذّات ہو اُسسے ادراکِ تام
تو ہوتا نہ ارسالِ رسلِ کرام — نہوتے ولی وارثانِ عظام
نہ کتبِ سماوی کا ہوتا نزول — نہوتے وسیلہ کبھی وہ فحول
سبھی عقل اپنی پہ چلتے مدام — وہ طرقِ وہابی پہ ہوتے تمام

کسی سے نہ سنتا کوئی وعظ و پند
نہوتا کلامِ خیوری پسند

نہیں عقل پر نقل کا جب مدار — نہیں نقل میں دخلِ عقلِ کبار
توگر عقل سے ہو کوئی معتقد — کسی دین پر دل سے ہو معتمد

تو زنہار کافر نہیں وہ رجول ۔ کہ ان پاس آیا نہ کوئی رسول
نہ ایمان کا انکو ہوا کچھ خطاب ۔ تو ہو عدم ایمان سے کیونکر عذاب
نہ ممنوع وہ کفر سے زینہار ۔ تو کب کفر سے انکا ہو دار نار
اگرچہ کریں بت پرستی مدام ۔ تو کافر نہ اسسے وہ ہوں ای فہام
کہ بیشک دلیل وجوبی ضرور ۔ شنیدن ز امر و نہی بے فتور
کہ ایمان و احکام اسکے تمام ۔ ہوئے جملہ بندوں پہ ملزوم تام
تو جنکو نہ پہنچے ز امر و نہی ۔ تو لازم نہوا اسپہ ایمان کبھی
کسی دین پہ گذرے وہ معذور ہے ۔ نہ وہ نام کافر سے مذکور ہے
یہی اشعریہ کا ہے اعتقاد ۔ اسی پر اماماں دین با سداد
ولے ماتریدیہ کا یہ بیان ۔ بیان محقق نہ اسمیں گمان
اسی طور احناف کا اعتقاد ۔ یہی او نکا فرمان بین العباد
امام طحاوی و ابن ہمام ۔ ابو اللیث[۲] و کرخی جو ہیں نیکنام
کہ جملہ شرایع صلوٰۃ و صیام ۔ شنیدن پہ احکام کا التزام
رسول و کتاب یقین المرام ۔ دگر امر اسکے جو قائم مقام
دلیل وجوبی یہ بے امترا ۔ نہ واجب سوا انکے دین خدا
لہذا جو فترت میں تھے مومنین ۔ تو واجب نہ انپر ز احکام دین
صلوٰۃ و زکوٰۃ و زجر و صیام ۔ نہ او نپر ادا و قضاے فہام
کہ آیا نہ ان پاس کوئی رسول ۔ نہ اعلام او نکو ہوا از فحول
بامر رسول خداے انام ۔ تو احکام لازم نہ انپر مدام

[۲] ائمہ بخارا و دیگر عظام
ہوئے متفق اسپہ وہ لا کلام

تو لاریب مومن وہ ہی باصفا
نہین اُسکے ایمانمین ہرگز خطا
کہ اقرار اَحکام سے لاکلام
تو اَحکام اوسپر نہ لازم مدام
سماعت پہ اَحکام کا ہی مدار
نہ اُسنے سُنا حکمِ پروردگار
تو کیونکر کرے وہ ادا از لسان
کہ ماہر نہ اقرار سے وہ جوان
تو بیشک وہ مومن بصدقِ جَنان
اگرچہ نہ اِقرار اُسسے عیان
اگر ہو یہ تیری جَنان مین خیال
کہ ہی بوحنیفہ کا ایسا مقال

لا عُذر لاحدٍ فی الجهل بخالقه لما یرىٰ من خلق السموات والارض

کہ ہرگز نہ مقبول ہے اعتذار
کسیکا یہ نزدیکِ پروردگار
کہ جاہل رہا مین نہ از عارفین
نہ ماہر ہوا از جہان آفرین
تو عُذرِ جہالت نہووے پذیر
بعرفانِ ذاتِ خدائے قدیر
کہ آیاتِ خلّاق ہین آشکار
زمین آسمان نیز لیل و نہار
تو اوس قول سے یہ نہ ہرگز مراد
کہ ایجابِ ایمان بعقلِ سداد
تو وطور پر اوسکا لا بد جواب
ہوئے مُتّفق اسپہ اہلِ صواب
سکے یہ کہ اُسسے یہ بیشک مراد
کہ لازم تامّل برائے عِباد
کہ آیاتِ ایزد مین کوئی جوان
تامّل کرے گر بفکرِ جَنان
تو شاید کہ عارف وہ ہو بالیقین
کہ خلّاق ہیرا جہان آفرین
تو ہو مومنِ پاک بے اِمترا
کہ ماہر ہوا از خدائے ورا
ولے کفر اوسے نہو آشکار
تو عرفانِ خالق سے مومن شمار
کیا ترک اوسنے تامّل اگر
نہ کی اُسنے آیات مین کچھ نظر

تو وہ دین در اصل گر نا صواب
تو اوس معتقد پر خدا کا عذاب

نہ معذور وہ نزد پروردگار
کہ اوسکو کیا عقل سے اختیار

تو جن پاس آیا نہ ہرگز رسول
وہ کافر نہ زنہار نزد فحول

نہ زنہار اونپر عذاب خدا
وہ ناجی بلا ریب در دوسرا

کہ ایمان اونپر نہ لازم ہوا
یہ فرمان قرآن سے بے امترا

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا

کسی پر ہوا فکر سے آشکار
کہ اسطور سمجھا بلا اضطرار

کہ میرا وہ صانع بلا شک ضرور
کہ جسکے ارادے سے میرا ظہور

یہ جملہ زمین اور یہ آسمان
یہ دریائے زخار و موج کلان

نجوم فلک اور شمس و قمر
طلوع وہ ہوتی بشام و سحر

کوئی سوئے مشرق سے مغرب روان
کوئی سوئے مغرب سے مشرق دوان

تو یہ جملہ صنعت کا لابد ظہور
نہ صانع سوا ہو وہ ای ذیشعور

کہ صنعت کو صانع کا لازم وجود
بلا صانع صنع کیونکر یہ بود

کہ بعرہ کو لازم وجود بعیر
وہ نقش قدم ہے دلیل مسیر

یہ مصنوع موجود ہی جب مدام
تو صانع وہ قیوم ہی لا کلام

وہی میرا صانع بلا ریب ہی
کہ جسکی یہ صنعت وہ بے عیب ہے

تو صانع کا دل سے ہوا معتقد
اوسی پر ہوا دل سے وہ معتمد

ولیکن زبان سے نہ اقرار کو
کیا اسنے ظاہر بطرز نکو

کہ میرا جو صانع وہ خلاق ہی
وہی میرا معبود و رزاق ہی

| | |
|---|---|
| وہی معنے صادق بلا اشتبا | کہ بسطور فرمانِ ربّ السما |

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۵

| | |
|---|---|
| نہ کچھ حاجتِ قید اب اے فہام | کلامِ الٰہی میں نزدِ کرام |
| کہ ہو اوسسے تعذیبِ دنیا مراد | و یا اوسسے تعمیمِ رسل سداد |
| کہ مرسل سے ہووے مرادِ عقول | کہ جسطور مرسل برائے نقول |
| کہ افعالِ طاعت معاصی تمام | بلا نقل دونو مجازی مدام |
| کہ جب تک نہ آوے رسولِ نقول | تو ہرگز نہ تفریق ہو از عقول |
| کہ امر و نواہی سے دو شاخ ہو | تو اونکی بلا بعث کب جست جو |
| کہ افعالِ بندہ مساوی تمام | کہیں نیک ہی یہ وہ بد ہی مدام |
| نہ امر و نواہی اگر آشکار | تو کیونکر حقیقے وہ ہو اشتہار |
| بغیرِ رسول و کتابِ خدا | نہو طیبہ از خبیثہ جدا |
| رضائے زن و مرد تعیینِ مال | یہ ہیں دونو موجود بقیل و قال |
| نکاح و زنا میں بصد اہتمام | وہ بیشک حلال و یہ بیشک حرام |
| نہو امر و منع خدائے انام | تو دونو وہ بیشک مساوی مدام |
| تو جس پاس آیا نہ ہرگز رسول | نہ ایمان لایا رہا وہ جہول |
| تو بیشک وہ ناجی نہ اسمیں فتور | اگر کفر سے وہ رہا دور دور |
| تامل جو مسئول نزدِ خدا | چہل سال کی عمر میں ہو ادا |
| کہ ہی پیش اسسے فتورِ عقول | ہوئے متفق اسپہ جملہ فحول |
| لہذا یہ فرمانِ خیر الانام | علیہ صلوٰۃ خدا و سلام |

تو یوچھیگا اُسے خدائے جہان
ز ترکِ تامّل بفکرِ جنان

ولیکن وہ کافر نہین زینہار
ز ترکِ تامّل بلیل و نہار

کہ ترکِ تامّل سے ای دوربین
وہ مسئول نزدِ جہان آفرین

نعم اوسکے گر کفر ہو آشکار
تو لاریب کافر وہ نزدِ کبار

دگر یہ کہ لابد مرادِ امام
یہی اُسکے لاریب نزدِ فہام

کہ معذور ہرگز نہون عاقلان
جہالت سے نزدِ خدائے جہان

پس بعثتِ حضرتِ مرسلان
کہ ہو اُسکے تکمیلِ فکرِ جنان

نہ ہادی وہ ہون فکرِ آیات مین
زمین مین دگر ہو سماوات مین

تو وہ فکر ناقص بلا اشتباہ
نہو اُسکے آیات ایزد گواہ

اسیطور دیگر یہ قولِ امام
وہ نعمانِ ثابت امامِ عظام

کہ ارسال کرتا نہ پروردگار
رسولونکو دنیا مین ای ہوشیار

تو واجب یہ تھا نیز بر عاقلان
کہ ہون ذاتِ ایزد سے وہ عارفان

تو واجب کا معنی یہان ای میان
سزاوار عرفی نہ اسمین گمان

کہ ہون عقل سے عارفانِ خدا
تو ہی یہ سزاوار بے امترا

کہ ہے عقل کی شان یہ بے فتور
کہ طلبِ لائل کرے وہ ضرور

ولے گر کرے ترکِ عرفان وو
تو اُسکا نہ ماوائے نیران ہو

نجار اسے ہین جو امامانِ دین
بھی دیگر ہوئے اسپہ وہ مطبقین

کہ واجب سے اسجا نہین یہ مراد
کہ ہو ترک اُسکی سے بئس المہاد

اگر ترک پر ہو عذابِ جحیم
تو اسکے منافی کلامِ قدیم

کہ بو جہل ہین دین مین عاقلین

براہین اسکی سنوا سے فہام ۔ کہ موجب نہ ایمان کو عقلِ انام
نہ ہون اُسکے احکام واجب کبھی ۔ مگر ہون سماعت سے واجب سبھی
کہ ہین رکن ایمانکے نزدِ فہام ۔ شرائط جو ہین اُسکے لابد مدام
تو ہی اونکے ادراک سے ناتوان ۔ بلاریب عقلِ ہمہ مردمان
نہین بلکہ ہی عقل عاجز مدام ۔ ز ادراکِ خود پیش جملہ فہام
وہ بالذات عاجز وہ ہے مفتقر ۔ نہ ہی اپنے ادراک پر مقتدر
تو ادراکِ ایمان وہ کسطور پر ۔ کرے باہمہ رکن اے ذی بصر
دلیلِ وجوبی نہ وہ زینہار ۔ اُسے وصفِ ایمانسے بس انحصار
کرے جملہ اوصافِ ایمان بیان ۔ تو ہو تب دلیلِ وجوبی عیان
وہ ہی ذات اپنی سے عاجز مدام ۔ بغیرِ سماعت نہو اوسسے کام
وہ آلاتِ صنعت سے ہی بیگمان ۔ تو آلات صانع نہو ای جہان
سُنے جب وہ امر و نہی از رسول ۔ تو حکمِ خدا تب کرے بر قبول
بغیرِ سماعت وہ ہے ناتوان ۔ اسی پر ہوئے متفق سب مہان
اگر عقل پر شرع کا ہو مدار ۔ تو دو حصے لڑکی پہ ہو وین نثار
یکے حصہ لڑکے کو از مالِ اب ۔ اسیطور پر حکمِ عورات سب
کہ عورت ضعیفہ بلا چون چرا ۔ نہ ہی کسب کا اوسمین بھی اہتدا
وہ ہی ساکنِ خانہ پردہ نشین ۔ تجارت کے فن سے وہ ماہر نہین
قوی مرد عورت سے ہے لاکلام ۔ فنونِ مکاسب سے ماہر مدام

که چالیس کے بعد حجّت تمام — که اُسوقت کامل جو عقلِ فہام
یہی اَمر ثابت صحیحُ المرام — یه محدود تکمیل نزدِ فہام
کیا برس پچیس جسنے بیان — برائے تامّل ز عمرِ جوان
تو یه قول ہی اوسکا لابد قیاس — که تفویضِ سوال پر ہی اَساس
تو یه قول اُسکا جو ہی از قیاس — تو اُسکی نه تفویض پر ہو اَساس
که ہر حال کی حُبّ کا یه زمان — نہو اُسمین عرفانِ ایمان عیان
شبابِ رَجُل ہی جو شعبِ جنون — تو لابد وہ اُسوقتمین رہنمون
تو اُسمین تامّل نہو اسے فہیم — که حاصل نہین اُسمین عقلِ سلیم
تو مُفتیٰ بہ ہی وہی چہل سال — که جسمین مُکمّل عقولِ رجال
تو جن پاس آیا نه کوئی رسول — مُخاطب نه زنہار ہین وہ رجول
نه اسلام کا اونکو حکمِ خدا — نه اَحکامِ اسلام اونپر سدا
تو کوئی اگر لاوے ایمان بجا — کہے بیجا ہے وہ خدائے سما
تو لاریب دارین مین ہو شباب — وہ مثلِ صبی ہے بلا ارتیاب
که ماہر وہ اسلام وتکلیف سے — که حاصل اُسے عقلِ توصیف سے
دلیلِ جلی اسپہ یه اے ولی — که مقبول ایمانِ مولا علی
که طفلی مین اسلامِ شیرِ خدا — بلاریب مقبولِ خیرُ الوریٰ
ہوا اسپہ اجماعِ اُمّت مدام — که جمله عبادت صلوٰۃ وصیام
صحیحه صبی کی بلا قیل وقال — اسیطور جو اہلِ فترت رجال

کہ ترکِ دلیلی دلیلِ کمال
دلیلوں سے ہرگز نہ حاصل وصال

یہ ہو کار بس عشق کی نار سے
نہو پنبۂ عقل کی تار سے

تو اِس نار سے سوختہ ہو مدام
تو کر ہستیئے عقل پر سو سلام

تو ہو مردہ تا زندہ دل شاد ہو
تو ہو ویران تا بستی آباد ہو

تو ہو پست پھر دیکھ عالی مقام
بلندی سے پستی تو دیکھے مدام

شرابِ محبت سے مخمور ہو
تو آبادیئے عقل سے دور ہو

کہ مخمور ہشیار معمور ہے
کہ لاریب ظلمات سے نور ہے

نہ اوس نار سے سوختہ ہو جہان
تو کیونکر خیوری ملے جانِ جان

نہو سودہ شانہ صفت گر یہ بود
زارۂ حقیقت بصنعِ ودود

تو کب زلفِ محبوب سے ہو وصال
کہ پابستہ ہی جسسے جملہ جمال

نہو سودہ مثلِ حنا یہ ہوس
زسنگِ ملامت جو خونی نفس

تو کب دستِ محبوب سے ہو وصال
کہ خونِ جہان جسسے ہو پائمال

خیوری شرابِ محبت کا جام
چشیدہ وہ خونِ جگر سے مدام

قال فی ابکار الافکار والفوائد البارزیۃ والاکمال والسیرۃ الحلبیۃ والفتوحات الغیبیۃ وغیرھا من الزبر الدینیۃ ولا یقطع بکفر من مات فی زمن الفترۃ فلم یکن حکمہ حکم الکفار المشرکین الذین شھدوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم والذی علیہ اھل السنۃ والجماعۃ انہ لا یجب الایمان والتوحید الا بارسال

تو کیونکر وہ ہے مثلِ دو دختران | نہ ہی عقل کا حکم - اے مہان
اسیطور حکمِ منی اور بول | تو ہی عقل کا او نہین اسطور قول
کہ ہو بول سے غسل واجب مدام | وضو ہو منی سے یہی التزام
کہ وہ اپنے لاریب زائد پلید | وہ قدر منی سے ہمیشہ مزید
نہین بلکہ دونو خلافِ عقول | وہی جائے مخصوص دہووین نحول
کہ اعضائے اربعہ وہ سائر بدان | یہ ہین پاک جملہ بحکمِ فطن
خروجِ نجاست کا ہی جو بدان | وہی شستہ ہو عقل کا یہ سخن
نہ منھ پر پلیدی کا ہے کچھ اثر | نہ سائر بدن پر منی کا مقر
وہے حکمِ شرعِ خدا ور رسول | خلافِ عقول و باصلِ نقول
نظائر جو اسکے بسے بے شمار | وہ اظہر من الشمس نزدِ کبار
تو ظاہر ہوا اسنے ای ذیعقول | کہ نصبِ شریعت نہو بے رسول
کرے نقل وہ حکمِ پروردگار | تو ہو عقل ماہر بصد اعتبار
کہ ہی عقل او زاہرِ صنعِ خدا | کرے حکمِ ایزد کو لا بد ادا
نہ ہی موجدِ شرع وہ زینہار | سماعت پہ ہی اوسکا دائم مدار
نہین موجدِ شرع جب یہ عقول | تو جانا نکا ہوا نسے کیونکر حصول
عرب مین ابوالحکم تھا نامدار | وہ بوجہل ہے دین مین آشکار
اگر ہو وصالِ خدا از عقول | تو ہوتا فلاطون زاہلِ وصول
کہ ہی کارِ عقلا ہمہ قال و قیل | وہ اپنے دلائل سے ہر دم ذلیل
قدم کو عقولونسے حاصل عقال | وہ اپنی ہدایت سے پاوین ضلال

نہ زنہار بھیجا خدا نے رسول — بسوئے عرب نزد جملہ فحول
مگر ایک جو سیّد المرسلین — حبیب خدا رحمت عالمین
سماعیل کا جب ہوا انتقال — زدار محن سوئے دار الجلال
تو اونکی رسالت ہوئی پھر تمام — نہ حکم رسالت رہا در انام
اسیطور حکم رسالت مدام — نہ زنہار تھا بعد رسل عظام
یہ ہی خاصۂ سیّد المرسلین — کہ حکم رسالت الیٰ یوم دین
زبدء بشر تا بروز پسین — وہی ایک یکتا رسول امین
ہمہ انبیاؤ ہمہ مرسلین — حبیب خدا کے یہ ہین نائبین
شہنشہ محمد یہ نائب تمام — امیر عساکر نہ اسمین کلام
تو اونکی رسالت نہ کیونکر قدیم — وہ اوّل وہ آخر وہ ربّی علیم

خیوری یہی ذکر ورد جنان
وہ روح خدا ہی وہ روح جنان

جو از اہل فترت بسے مردمان — نہ انسے ہوا شرک ہرگز عیان
نہ توحید سے وہ ہوئے ماہرین — کسی دین حق مین نہ وہ داخلین
نہ از خود ہوئے موجد بہر دین — ہمہ عمر غفلت مین وہ غافلین
تو زنہار اونپر نہوے عذاب — ہوئے متفق اسپہ اہل صواب
کیا بعض علمانے ایسا بیان — جو ہین اہل سنت سے وہ بیگمان
کہ اونپر نہ تعذیب رب الانام — اگرچہ کیا بت پرستی مدام
کہ ممنوع ہرگز نہ وہ مردمان — بمنع رسول خدائے جہان

الرسل ومن المقرر المعلوم ان العرب لم یرسل الیھم رسول بعد سیدنا اسمٰعیل
علیہ الصلوۃ والسلام وانتھت رسالتہ بانتقالہ من الدنیا کبقیۃ الرسل علیھم
الصلوۃ والسلام لان ثبوتھا فی اجراء الاحکام فی الدنیا بعد الرسول
من خصائص نبینا صلی اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ واصحابہ ذوی الحکم ومن
اھل الفترۃ من لم یشرک ولم یوحد ولا دخل فی شریعۃ ولا اخترع لنفسہ
دینا بل بقی مدۃ عمرہ علی حال غفلۃ عن ھذا کلہ فلا تعذیب علیہ بالاتفاق
وقال بعض اھل السنۃ من العلماء الاعلام لا تعذیب علی اھل الفترۃ من العرب
وان عبدوا الاصنام وقد تحنف جماعۃ من اھل الفترۃ وکان والداہ صلی اللہ
علیہ وسلم منھم رضی اللہ عنھما وعن اعمامہما ھذا ملخص ما فی نجم المبین
لرجم الشیاطین

یہ ابکار افکار ہین سب نگار
فوائد جو ہی بارزہ اے امین
فتوحات غیبیہ دیگر زہر
کہ ہرگز نہ قطعًا وہ از کافران
جو کفار تھے درزمان نبی
جو ہین اہل سنت جماعت تمام
کہ جب تک نہ ارسال رسل کرام
تو واجب نہ توحید وایمان ہو
معتبر یہ معلوم نزد نبیل

یہ اکمال اکمال ہین آشکار
وہ سیرت جو حلبیہ ہے بالیقین
یہ لاریب سبکا ملخص شمر
جو فترت مین گذرے بسے مردمان
تو انکا نہین حکم اونپر کبھی
ہوئے متفق اسپہ وہ لاکلام
خدائے سما سے بسوئے انام
کسی پر یہی قول اتقان ہی
کہ بعد از سماعیل پسر خلیل

لصفاء سرّہ علی منزلۃ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم وعلی الہ واصحابہٖ وبالحکم
وسیادتہ وعموم رسالتہ باطنًا من زمن سیدنا ادم علیہ السلام الی زمن
ھذا المکاشف فآمن بہ فی عالم الغیب علی شہادۃ منہ وبیّنۃ من ربہ کما قال
اللّٰہ تعالٰی افمن کان علی بینۃ من ربہ ویتلوہ شاھد منہ ای یشھد لہ فی
قلبہ بصدق ما کوشف لہ فھذا یحشر یوم القیامۃ فی ضیاء باطنیۃ سیدنا محمد
صلی اللہ علیہ والہ وسلم والثانی من الستۃ من وحّد اللہ تعالٰی بما تجلی لقلبہ
من النور الذی لا یقدر علی دفعہ وحصولہ لیس بفکر ولا بنظر ولا برویۃ ولا
باستدلال فی کون من الاکوان وھذا یحشر یوم القیامۃ مع الاصفیاء والثالث
من الستۃ من وحّد اللہ تعالٰی بنور وجدہ فی قلبہ استدلالًا بالاکوان
کقسّ بن ساعدۃ رضی اللہ عنہ فانہ اذا سُئل ھل لھذا العالم الہ فکان یقول
ان البعرۃ تدل علی البعیر واثار الاقدام علی المسیر فھذا صاحب دلیل ممتزج
بفکر لانہ اعتبر فی الصنعۃ فلھذا یبعث اُمّۃً واحدۃً کما ورد والرابع من الستۃ
من اتبع ملۃ حق ممن تقدمہ وعرف شرف سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم وثواب من اتبعہ فآمن بہ وصدّقہ علی علم منہ کزید بن عمرو بن نفیل
فکان یسجد ویقول الھی الہ ابراھیم ودینی دین ابراھیم کما فی صحیح البخاری
وایضا کان یقول انی لانتظر نبیًا من ولد اسماعیل علیہ السلام من بنی عبد المطلب
ولا ارانی ادرکہ وانا اومن بہ واصدّقہ واشھد انہ نبی ومن طالت بہ
مدۃ وراہ مرۃ فلیقرأہ منّی السلام کما ذکر ابن سید الناس فی سیرتہ رضی اللہ
عنہم فھذا یحشر یوم القیامۃ فی اُمۃ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم والخامس

زشرک وضلالت جو ہی در وجود
تو کب اونپہ تعذیب ہووے نمود

جو تھے اہلِ فترت سے توحید پر
عقیدہ تحنّف پہ وہ نامور

کہ کہتے وہ یکتا خدائے وَرَا
کیا جسنے پیدا یہ ارض وسما

وہ در جستجوئے رسولِ امین
چہ جائے رسالت کی ہون منکرین

وہ نامِ شفیعُ الورا پر فدا
یہی وِرد تھا اونکا صبح ومسا

کہ ای کاش گر دیکھتے مُصطفا
تو قدمونپہ یہ جان کرستے فدا

زہی بخت اونکا کہ جنکو نصیب
بمنحِ الہی لقائے حبیب

تو اُون اہلِ توحید سے والدین
کہ جنکے حبیبِ خدا نور عین

یہ ہین اُنسے افضل بلا امترا
یہ ہین مقتدائے ہمہ اولیا

یہ لاریب افضل زاہلِ یمین
یہ لاریب اُنسے جو ہین سابقین

اسیطور ہی در حدیثِ شریف
جو مذکور ہے بالا بسندِ حصیف

قال نبیّنا شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ والہ اجمعین فانا من السابقین وانا خیرالسابقین رواہ البیھقی والطبرانی والقاضی عیاض علیہم رضوان اللہ الفیاض

تو لابد وہ اَبوین از سابقین
ہوا اُنسے راضی جہان آفرین

رضائے خدا سے وہ مسرور ہین
جو اُنکے مُحبّان وہ مبرور ہین

اعلم ایھا المحب الصادق واللبیب لاریب الحاذق ان اھل الفترات ثلاثۃ عشر قسما ستۃ منھم اھل السعادۃ واربعۃ منھم اھل الشقاوۃ وثلاثۃ تحت المشیئۃ الالھیۃ فالاوّل من الستۃ من اُلقی فی قلبہ نور فاطلع

وہ ہین تیرہ اقسام اے دوربین | توکر ضبط اُنکو بصدق و یقین
نہ تحقیق ہو اسّے زائد عیان | غنیمت یہ تحقیق اے منصفان
تو چھٹے قسم اُنسے جو اہلِ جنان | جنان مین وہ جاوین نہ ہمین گمان
وہ اہلِ سعادت بلا اضطرار | وہ لاریب محبوب پروردگار
سیکے اُنسے وہ جسکو نورِ خدا | ہوا دل مین حاصل بلا امترا
ہوا جبکہ اُسّے منوّر جنان | تو ماہر ہوا وہ ز سرِّ نہان
ہوا کشف اوسپر ز نورِ خدا | مقامِ محمدؐ شفیع الوریٰ
سیادت جو اُنکی علی الکائنات | عمومِ رسالت جو بالبیّنات
ز پیشِ صفی اللہ در ہر زمان | الیٰ اَبد آباد اے نیک دان
وہ سب جبکہ اوسپر ہویدا ہوا | تو وہ ذاتِ احمد پہ شیدا ہوا
تو ایمان وہ لایا بخیر الوریٰ | کہ لابد ورا سے وہ ہین ماورا
تو شاہد ہوا وہ بصدقِ جنان | بتصدیقِ مکشوف سرِّ نہان
کہ نورِ خدا اِسکا از بیّنات | تو شاہد یہ بر سیّد الکائنات
تو روزِ قیامت یہ محشور ہو | ضیائے محمدؐ مین بے گفتگو
ولے باطنِ مصطفیٰ سے ضرور | وہ فائز بانوار اہلِ حضور
دُوم قسم اُنسے جو اہلِ جنان | وہ ایسی تجلّی سے روشن جنان
کہ وہ نور جو اُسکے دلمین نہان | نہین اوسکے دفع پہ اوسکو توان
وہ توحید پر اوسکو لاوی کشان | کہ لاریب یکتا خدائے جہان
کہ یہ نور اُسکو جو حاصل ہوا | تو بے فکرِ دل اوسکو واصل ہوا

من السنۃ من طالع فی کتب الانبیاء علیہم السلام او سمع ممن طالع فیہا فعرف
شرف سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وشرف دینہ وثواب من اتبعہ
فآمن بہ وصدقہ علی علم منہ وان لم یکن دخل فی شرع نبی قط ممن تقدم
کحکیم بن حزام واضرابہ فہذا یحشر یوم القیامۃ مع المومنین بسیدنا محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا مع العاملین بشریعتہ ولکن فی ظاہریتہ والسادس
الموفی من آمن بنبی ممن تقدم وادرک رسالۃ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وآمن بہ فلہ اجران فہذا یحشر یوم القیامۃ فی ہذہ الامۃ المرحومۃ فہؤلاء کلہم من السعداء
واما الاربعۃ من الاشقیاء فالاول منہا من عطل لا عن نظر بل عن تقلید والثانی
منہا من اشرک لا عن استقصاء نظر والثالث منہا من عطل بعد ما نبت لا عن
استقصاء نظر والرابع من اشرک عن تقلید محض فہؤلاء کلہم من الاشقیاء
واما الثلاثۃ تحت مشیئۃ اللہ تعالی فالاول من عطل فلم یقر بوجود عن نظر
قاصر وذلک القصور بالنظر الیہ لضعف مزاجہ وقوۃ غیرہ والثانی من اشرک
عن نظر اخطأ فیہ طریق الحق مع بذل المجہود الذی تعطیہ قوتہ والثالث
من عطل بعد ما اثبت عن نظر بلغ فیہ اقصی القوۃ التی ہو علیہا مع ضعفہا
بالنسبۃ الی من فوقہ فایاک ثم ایاک ان تحکم علی اہل الفترات کلہم بحکم
واحد من غیر ہذا التفصیل فتخطئ طریق الصواب والتبجیل ہذا ملخص
ما فی الفتوحات المکیۃ والیواقیت الشعرانیۃ وغیرہما من الزبر الدینیۃ
کما ہو مذکور فی نجم المبین واللہ یہدی بہ المتقین

| مفصل نزاول یہ ہے بیگمان | سنو اہل فترات کا یہ بیان |
|---|---|

براہیم گرچہ خدا کے خلیل / وہ موسیٰ کلیمِ خدائے جلیل

ولیکن طفیلئے خیر الورا / عقولِ ورا سے وہ ہے ماورا

کہ خُلت محبت مین فرقِ عیان / مکان سے بلاریب تا لامکان

کہان وہ کلیم و کہان چاکران / مُحبّ اور محبوب فرقِ عیان

تو ایمان وہ لایا بخیر الورا / دل و جان سے اُنپر ہوا وہ فدا

وہ ہی مثلِ زید بن عمرای امین / اِسی حال پر تھا بصدق و یقین

کہ سجدہ وہ کرتا برائے خدا / مُناجات اِسطور کرتا سدا

اِلٰہی اِلٰہِ براہیم ہے / یہی دل مین ہر طور تسلیم ہے

یہ دینی وہ دینِ براہیم ہے / بخاری مین بیشک یہ ترقیم ہے

بھی اِسطور کہتا وہ لیل و نہار / لِسان و جنان سے یہی آشکار

کہ دل میرا لاریب در انتظار / وہ اِس انتظاری مین ہی بیقرار

کہ پیدا وہ کب ہو نبیئے جلیل / ز ولدِ سماعیلِ پسرِ خلیل

جو ہی شیبۃ الحمد کا خاندان / وہ سرِّ نہان اُسسے ہووے عیان

ولیکن نہ ہرگز یہ میرا نصیب / کہ ہو مجکو حاصل جمالِ حبیب

تولایا مین ایمان بقلب سلیم / اوسی ذات پر جو وہ نورِ قدیم

بہ تصدیق و توثیق شاہد جنان / کہ لاریب وہ سیدِ انس و جان

نبی ہین وہ نبیونکے بے اِمترا / وہ نورِ خدا ہین خدائے ورا

تو ہو جسکو حاصل زعمرِ طویل / تو دیکھے وہ روئے حبیبِ جلیل

تو لازم کرے عرض میرا سلام / جنابِ حبیبی مین با اِحترام

نہ آیاتِ عالم سے اوسکا حصول دلائل سے ہرگز نہ اسکا وصول

وہ بے کسب لابد عطائے خدا وہ منج محمدؐ سے بیشک عطا

وہ ہے جذبۂ خالقِ دوجہان وہ توحید وتصدیق پر ہے کشان

تو بے اُسکے دلکو نہووے قرار قرارِ جنان کا اوسی پر مدار

یہ محشور ہو در صفِ اصفیا کہ ہے منظرِ سیّد الانبیا

سُوم قسم اُنسے جو ہستہ عیان وہ ہی نور فکری سے روشن جنان

وہ توحیدِ ایزد پہ تھا مستقیم کہ نور الٰہی سے قلبِ سلیم

وہ تصدیقِ خیر الورا سے مدام منوّر جنان تھا وہ مدّاح تام

وہ چون قسّ مذکور سابق ضرور کہ تھا اوسکو حاصل ز آیات نور

کوئی اوسّے کرتا اگر قال وقیل کہ خلاقِ عالم مین کیا ہی دلیل

تو اسطور دیتا وہ اوسکو جواب جوابِ لبیبان بسے پُر صواب

کہ بعرہ یقیناً دلیلِ بعیر قدم کا اثر ہے دلیلِ مسیر

تو محشور تنہا وہ ہو بیگمان نہ متبوع وتابع مین اُسکا مکان

جو ہی قسم رابع ازان شش نگار تو وہ تابعِ دینِ پروردگار

جو تھی پیش اُسکی شریعت عیان تو وہ اُسکا تابع بصدقِ جنان

ولے اوسکو حاصل ہوا کچھ نصیب ز عرفانِ شرفِ رسولِ حبیب

تو وہ عزِّ احمدؐ سے ماہر ہوا تو سِرِّ نہان اُسپہ ظاہر ہوا

کہ محبوبِ ایزد محبِّ حبیب یہ ہی اُنکے جاکر کالابد نصیب

طفیلی کو اِس جا ملے وہ مقام کہ اوسّے اصیلی کو رشکے مدام

وہ محشور لاریب روزِ جزا
اسی قسم سے والدینِ رسول
کہ دینِ خلیلی پہ وہ مستقیم
کہ وہ کنزِ مخفی سے دُرِّ یتیم
کہ مدّاح جسکا خدائے قدیم
قدیمی خزائن کا ہے تو قسیم
نہوتا قِدَم سے اگر تیرا نور

اسی خیرِ اُمّت میں بے اِمترا
ہوئے مُتّفق اسپہ جملہ فحول
بلا اونکو پھر ایک نورِ قدیم
وہ رُوح خدا ہے وہ رَوحِ عمیم
کہ ہے وَصف تیرا وہ خُلقِ عظیم
تو مُجھسے مَیں تجھسے یہ سِرِّ فخیم
تو ہرگز نہوتا خدا کا ظہور

تو نورِ خدا تو ظہورِ خدا
خدائے غیوری و جملہ وَرا

روی العلامۃ ابن النقیب فی التحریر وغیرہ من النحاریر عن عبد اللہ بن المبارك فی لکلمات القدسیۃ قال اللہ لحبیبہ انت منّی وانا منك یا سر لاحدیۃ وھذا من قبیل ما رواہ الحاکم وصححہ عن یعلی لعامری قال علیہ الصلوۃ والسلام وعلی آلہ واصحابہ الکرام الحسین منّی وانا من الحسین وھذا یدل علی کمال لاتحاد ورسوخیۃ الوداد وقال اصحاب لبشارۃ ھکذا تقدیر العبارۃ ظھور الحبیب من نور اللہ وظھور اللہ من نور الحبیب وھذا ھو المشھور بحذف لفظ الظھور ان الحبیب من نور اللہ واللہ من نور الحبیب وذلك عین ما قال اللہ الملك المجیب لولاك لما ظھرت الربوبیۃ وقال ما خلقت خلقا اکرم علیّ منك ولقد خلقت الدنیا واھلھا لاعرفھم کرامتك ومنزلتك عندی ولولاك لما خلقت الدنیا کما رواہ ابن عساکر عن سلمان وفی روایۃ البیھقی وغیرہ عن ابن عباس فلولاك

جو ہی سیرت ابن سید شہیر | تو اوسین یہ مذکور ہے مستنیر
تو محشور ہو وہ بروز جزا | بلاریب در اُمّتِ مُصطفا
جو ہی قسم خامس زرستہ ضرور | تو لاریب وہ شخص ہی بے فتور
کہ کتب سماوی سے ماہر ہوا | تلاوت سماعت سے ظاہر ہوا
کہ ہین مصطفا اشرف الانبیا | جو ہین اُنکے تابع وہ ہین اصفیا
تو ایمان وہ لایا بصدق و یقین | اونونپر جو ہین سید المرسلین
کسی شرع مین گرچہ داخل نہ وہ | نہ تابع نبی کا وہ تنہا رہو
وہ ہی جیسا لاریب ابن حرام | حکیم معتبر ز بخلقِ عظام
بھی مانند اسکے جو دیگر کرام | مُصدّق ہوئے وہ بخیر الانام
تو محشور ہون یہ بروز جزا | مع المؤمنین بخیر الورا
و ملے ظاہری نور انکا مقام | تجلیئے خیر الورا سے مدام
جو عامل بشرع شفیع الانام | تو ہی اسکا برتر اُنہونسے مقام
نہ محشور ہرگز وہ در عاملین | کہ دونو تجلّی سے یہ فائزین
جو ہی قسم سادس وہ مرد سعید | وہ ہی دو نبوّت سے لابد رشید
کہ فترت مین وہ اہل دین خدا | رسالت کا تابع وہ بے امترا
چو عیسیٰ خلیل و دگر چون کلیم | انہون کا وہ تابع بقلب سلیم
ملا اوسکو پھر وقت خیر البشر | کہ شانِ رسالت دران مشتہر
مشرّف ہوا پھر وہ بارِ دگر | کہ ایمان وہ لایا بخیر البشر
تو دو اجر اوسکو ملین بالضرور | کہ دو نورِ ایمان سے ہی اسکو نور

دوم جو کہ مشرک ہوا با نظر ... ولیکن نظر مین ہوا یہ خطر

کہ اوسنے نہ کی صرف اقصاے نظر ... جو موجود اوسمین بسے مستقر

یہ چار و شقی ہین بلاگفت گو ... کہ خاطی یہ لاریب و رجست جو

جو ہین تین باقی تو انکا بیان ... وہ اسطور لاریب نزدِ مہان

کہ در خواہشِ ایزدی وہ نہان ... نہ ہی کفر و ایمان سے اونکا بیان

مفوّض وہ ہین سوے پروردگار ... جو چاہے کرے حکم اونپہ نثار

تو دو ہین معطّل انہونسے ضرور ... یکے اصلِ فطرت مین اہلِ فتور

کہ اسنے کیا صرف اقصاے نظر ... کیا جہد اسنے بسے خوبتر

ولے اصل مین ضعف تہا در نظر ... تو کب اسّے ہو جہد کچھ کارگر

لہذا معطّل ہوا از وجود ... نہ عارف ہوا از خداے ودود

معطّل دگر بعدِ اثبات نیز ... نظر مین قوی تہا وہ اہلِ تمیز

کیا اوسنے جب غور سے کچھ نظر ... تو ماہر ہوا وہ زربّ البشر

ولے فوق اسکے جو اہلِ نظر ... تو اسّے وہ اقوی بسے خوبتر

تو عاجز ہوا یہ ز فکر و نظر ... معطّل ہوا پھر یہ بارِ دگر

سوم اسنے مشرک بلا اہترا ... خطاے نظر سے ہوا مبتلا

کہ اسنے کیا بذل اقصاے نظر ... نہ قاصر ہوا اسمین وہ نامور

جبلّت مین اوسکو ہوئی جو عطا ... کیا صرف اوسکو نہ اسمین خطا

ولیکن نہ پایا طریقِ صواب ... وہی بت پرستی ہوئی خوشمآب

تو یہ تین اقسام نزدِ مہان ... نہ کچھ حکم انکے سے حفظِ لسان

ماخلقت آدم ولا الجنّة ولا النار علیہم رضوان اللہ الغفار انتہیٰ ھذا ملخص
مافی الجزء الثالث المتین من الکتاب المسمےٰ بنجم المبین ۵

توہین اہل اَجرین وہ والدین
جوہے اِسکا منکر وہ ہے اہل شَین
وہ موذیئے خیر اُلورا ہے رجیم
وہ ہے فیل خوکی بشکل بَشر

کہ دو نورِ ایمانسے وہ نورِعین
کہ ہے اُسکے دل پر شقاوت کا غَین
وہ لاریب ابن مُغیرہ زَنیم
تو داغ خدا اوسکے خرطوم پر

خیوری نکر تو بیانِ حزین
کہ خاسر دو عالم مین ہے وہ لعین

جو اَقسام ہین چار اَہلِ شقا
کہ ہین دو مُعطّل بسے منکرین
یکے ہے مُعطّل بقولِ دگر
تعطّل کیا اوسنے تقلید سے
مُعطّل دوم بعدِ اثبات ہے
کہ اَقصٰے نظر سے نہ اِثبات ہے
جو اَقصٰے نظر سے وہ اِثبات ہے
تو قصرِ نظر سے وہ خاطی عیان
وہ باقی جو دو اُنسے اہل شقا
یکے اُنسے مُشرک بقولِ کسان
نہ اوسنے کیا صرف اَقصٰے نظر

بیان اونکا اِسطور اے باصفا
وجودِ خدا کے نہ وہ قائلین
نہ ہرگز کیا صَرف اُسنے نظر
وجودِ خدا اور توحید سے
